محبت تو وہ ضرب ہے جس کے بعد دل پہلے سا نہیں رہتا۔محبت کی بھٹی میں سمجھیں جل کر کندن ہو جاتا ہے۔ایک پارس پتھر بن جاتا ہے جس سے ٹکرا کر ہم کسی بھی شئے کو سونا بنانے پر قادر ہو جاتے ہیں۔اسی محبت کی ضرب سے دنیا کا سب سے خوبصورت آرٹ جنم لیتا ہے، بے حقیقت ساچراوہا بادشاہتیں چھین لیتا ہے،رب ملتا ہے

Posted On Kitab Nagri

محبت میں ہارنے والوں کو لگتا ہے کہ جانے والا محبوب شائد انکا سب کچھ لے گیا کہ اب نہ تو ستاروں میں روشنی باقی رہی، نہ پھولوں میں خوشبو اور نہ بلبل میں نغمہ۔پر وہ سب سے قیمتی شئے تو آپ کے پاس ہی چھوڑ گیا

""وہ دل جو محبت کر چکا ہو""

جس کے پاس یہ دل ہے وہ اس دنیا سے ہزار ہا درجے خوبصورت دنیا خود تخلیق کر سکتا ہے اگر وہ محبت کو اصل طاقت کو جان جائے۔

لیکن عنجلی محبت کی اس طاقت سے ابھی ناواقف تھی ابھی کچھ وقت لگنا تھا گرنے سنبھلنے میں ابھی تو زخم تازہ اور چوٹ گہری تھی۔

====================

نقش آجکل ہر کام چھوڑ کر اسلام پر ریسرچ کر رہا تھا اور جیسے جیسے وہ اسلام پر ریسرچ کر رہا تھا اس پر نئی ے راز کھل رہے تھے۔اس نے دیکھا جو چیزیں جو باتیں سائنس کی ریسرچ ھمیں آج بتا رہی تھی وہی باتیں آج سے ہزاروں سال پہلے قرآن بتا چکا تھا۔وہ حیران تھا کے چودہ سو سال پہلے نازل ہونے والی یہ کتاب آج کے دور کے بارے میں اتنا علم کیسے رکھتی تھی۔جس میں ہر دور ہر طرح کے لوگوں کے لیے رہنمائی موجود تھی۔اور جب اس نے سورت رحمن کا ترجمہ پڑھا تھا تو اس پر لرزہ طاری ہو گیا اس کے رونگٹے کھڑے ہو گے تھے کے خدا اپنے بندوں سے اتنی محبت کرتا ہے۔وہ ناچاہتے ہوے بھی قرآن کا موازنہ اپنی مذہبی کتاب سے کر رہا تھا۔اور اس کا دل اس بات کی گواہی دے رہا تھا کے قرآن مجید جیسی مقدس کتاب ان کی مذہبی کتاب سے کروڑوں درجے بہتر ہے۔اس نے موبائل بند کر دیا اسے خوف لاحق ہوا کے وہ مزید اگر اسلام کے بارے میں ریسرچ کرے گا تو اس کا دل پھٹ جاے گا یہ سوچ کر کے وہ آج تک جس مذہب کو حقیر سمجھتا رہا اس کی تو کوئی مثال ہی نہں ہے اسلام تو اپنی مثال آپ ہے۔

====================

''بھائی آپ میرے لیے کیا لے کر آے ہے مصوری سے؟'' چاند نے اشتیاق سے پوچھا

''کچھ لانے کا موقع ہی کہاں ملا'' ارشد نے کہا۔

''واٹ آپ میرے لیے کچھ بھی نہں لائے کیا؟'' چاند حیرت سے چلائی تھی۔

''نہں'' ارشد نے کہا

''جائے اب میں آپ سے کبھی بات کروگی''

چاند نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

''ارے واہ میری اتنی اچھی قسمت کیسے ہو گی کے اب میں آرام سے سو سکو گا کوئی تنگ کرنے والا بھی نہں ہو گا'' ارشد نے چاند کو مزید تنگ کیا۔

''آپ کا کیا مطلب ہے کے میری وجہ سے آپ کو مسلہ ہوتا ہے میں آپ کو تنگ کرتی ہو جائے اب تو میں واقعی آپ سے کبھی بات نہں کرؤ گی'' چاند نے روہانسی ہو کر کہا۔

''اففف گڑیا مذاق کر رہا ہو یار ادھر آو بیٹھو میں تمھارے لیے بہت سارے گفٹس لے کر آیا ہو'' ارشد نے کہتے ہوئے اسے گفٹس دیے۔

Posted On Kitab Nagri

''واہ بھائی یاں یہ تو بہت خوبصورت شال ہے'' چاند نے مسکراتے ہوئے کہا تو ارشد حارث اور نصرت بیگم کو ان کے گفٹس دیکھانے لگا۔

==========================

''خالد یہ کیا ہو گیا ھمارے بچوں کے ساتھ ؟'' زرینہ نے روتے ہوئے کہا۔

''آپا برا مت مانیے گا لیکن یہ سب آپ کی ڈھیل کا نتیجہ ہے بیٹیاں پر اعتماد کرنا اچھی بات ہے لیکن انھیں رات گے تک باہر رہنے کی اجازت دینا کہاں کی عقلمندی ہے آپا؟''

''بیٹیاں ایک کانچ کی مانند ہوتی ہے۔ جس پر اگر ذرا سی بھی کراش بھی آجائے ناں تو اس کی دو کوڑی کی قیمت نہں رہتی'' وہاب نے کہا زرینہ بیگم نے وہاج کو بھی فون کر دیا تھا وہ بھی بس پہنچنے والے ہوں گے نیلی حویلی کے لوگوں نے ساری رات جاگ کر گزری تھی اور اب صبح کا سورج طلوع ہو چکا تھا جب حمزہ جگا تھا تو اس نے خود کو نرم گرم بستر پر پایا کچھ پل کے لیے تو اسے کچھ یاد نہں آیا لیکن پھر جیسے ہی سب یاد آیا وہ ایک جھٹکے سے اٹھا تھا جس کی وجہ سے اس کے کندھے اور بازوں میں درد کی لہر اٹھی تھی لیکن وہ نظرانداز کرتے ہوئے باہر کی جانب بھاگا تھا

''پریشے پریشے'' وہ پری کو پکارتا ہوا لاؤنج میں آیا تھا۔

''حمزہ تم اٹھ گے بیٹا رافیعہ بیگم آگے بڑھی''

''مما پریشے کہاں ہے؟'' حمزہ نے پوچھا اس کے چہرے پر خوف کے اثار واضح تھے۔

''بیٹا وہ اپنے کمرے میں ہے بالکل ٹھیک ہے'' رافیعہ بیگم نے اس تسلی دی۔

''تھنکس گاڈ پریشے بالکل ٹھیک ہے'' حمزہ نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے لمبا سانس لیا۔ تو رافیعہ بیگم بھی اس کے ساتھ بیٹھ گی۔

''حمزہ بیٹا یہ سب کیسے ہوا تم لوگ تو پارٹی کے لیے گے تھے ناں پھر وہ لوگ کون تھے جنھوں نے تم پر گولیاں چلائی ی تھی؟'' رافیعہ بیگم نے پوچھا اور جوابا حمزہ نے پریشے سے ڈریس کو لے کر ہونے والے جھگڑے سے لے کر آخر تک سب بات بتا دی۔ وہاج صاحب بھی نیلی حویلی آچکے تھے اور پریشے کے ساتھ ہونے والے حادثے کا سن کا نیلی حویلی کے مردوں کا خون کھول اٹھا تھا۔

''حمزہ کیا پریشے کے ساتھ کچھ غلط۔۔۔۔۔۔۔۔'' خالد خان ضبط کے باعث اپنی بات مکمل نہں کر پائے تھے۔

''نہں بابا پریشے کے ساتھ کچھ غلط نہں ہوا اللہ کا شکر ہے کے میں ٹائی م پر پہنچ گیا تھا پریشے بالکل صاف دامن ہے'' حمزہ نے نظریں جھکاتے ہوئے کہا۔

''شکر میرے اللہ'' سب نے شکر کا سانس لیا۔

تبھی منیب بھاگتا ہوا لاؤنج میں داخل ہوا

''بڑے پاپا بہت بڑا مسلہ ہو گیا ہے رات والے واقعے کی پوری ویڈیو کسی نے سوشل میڈیا پر وائرل کر دی ہے'' منیب نے ایک ہی سانس میں بتاتے ہوئے موبائل خالد کی طرف بڑھایا اور انھوں نے بڑے ضبط کے ساتھ پورے ویڈیو دیکھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''یااللہ یہ کیا مصیبت ہے میری بچی کی تو زندگی خراب ہو گی اب کون کرئے گا اس سے شادی؟ ''

زرینہ بیگم نے کہا۔

''پھوپھو ایسا کچھ نہں ہو گا مجھے یقین ہے اس ویڈیو میں پریشے کا چہرہ دیکھائی ی نہں دیا ہو گا کیونکہ کے میں نے پریشے کا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا''

''اس سے کیا ہوتا ہے جب تفششیش ہو گی عدالتوں تھانے میں بات جائے گی تو سب جان ہی جائے گے پریشے کے بارے میں ھم تو کسی کو منہ دیکھانے کے قابل ہی نہں رہے گے''

''نہں ھم کیس درج نہں کرئے گے'' خالد خان نے کہا۔

''لیکن پاپا اس نے ھماری عزت پر ہاتھ ڈالا ہے ایسے کیسے چھوڑ دے'' ازمیر نے کہا۔

''ازمیر ھم اس معاملے کو اپنے طور پر حل کرئے گے ایسی عبرتناک سزا دے گے کے وہ اپنی آنے والی نسلوں کو بھی سردار خاندان سے الجھنے سے منع کرئے گا لیکن اگر بات عدالت میں گی تو انگلیاں پریشے کے کردار پر بھی اٹھے گی اور اس کے لیے زندگی جینا مشکل ہو جائے گی

==================

عنجلی روتے روتے کب سو گی پتہ ہی نہں چلا اور اب اس کی آنکھ کھلی تھی تو وہ اٹھی اور فریش ہو کر نیچھے آئی ی

''ارے عنجلی تم اٹھی گی رات کو میں آئی ی تھی تمھارے کمرے میں لیکن پھر اس لیے ڈسٹرب نہں کیا کے کہیں تم سو ہی ناں گی ہو'' منا خشی نے کہا۔

''کیسا رہا تمھارا بزنس ٹرپ؟'' نقش نے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''اچھا رہا'' عنجلی نے مختصر جواب دیا۔

''لگتا ہے آپ بہت تھک گی ہے اس لیے تو چہرہ اتنا اترا ہوا ہے'' نقش نے کہا۔

''ہاں یہ جاب میرے بس کی بات نہں ہے بہت تھکا دینے والا کام ہے اس لیے میں نے جاب چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے'' عنجلی نے نظریں جھکائے ہوئے کہا۔

''گڈ عنجلی بیٹا میں نے تو پہلے ہی آپ سے کہا تھا آپ کو جاب کرنے کی کوئی ی ضرورت نہں ہے آخر ھمارے پاس کس چیز کی کمی ہے'' شام گوئی نکا نے کہا۔

''تو ٹھیک ہے اگر اس کا شوق پورا ہو گیا ہے تو کیونکہ ھم کوئی ی اچھا سا لڑکا دیکھ کر اس کے ہاتھ پیلے کر دیتے ہے'' منا خشی نے کہا

''واہ زبردست آئی یڈیا ہے امی''

''کیوں عنجلی تمھارا کیا خیال ہے؟'' نقش نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

''جیسے آپ سب کو ٹھیک لگے''، عنجلی نے کہا اور ڈائی ینگ ٹیبل سے اٹھ گی۔

''لگتا ہے شرما گی''، مناخشی نے کہا

======================

پریشے کو ہوش آ گیا ہے سونیا نے آ کر بتایا تو سب پریشے کے کمرے کی طرف بڑھے پریشے تکیہ کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھی ہوئی تھی زرینہ بیگم نے آتے ساتھ ہی پریشے کے چہرے پر تھپڑوں کی برسات کر دی

''ھمیں یہ دن دیکھانے سے پہلے تم مر کیوں نہں گی پریشے تو مر کیوں نہں گی؟''

''کاش وہ گولیاں حمزہ کی جگہ تجھے لگ گی ہوتی''زرینہ بیگم اس مارتے ہوئے کہہ رہی تھی جب رافیعہ بیگم نے آگے بڑھ کر اسے روکا۔

''کیا کر رہی ہے آپا وہ پہلے ہی بیمار ہے''

''یہ نہں مرتی رافیعہ یہ ھمیں مار کر ہی مرئے گی''زرینہ نے کہا۔

''اب کیا فائی دہ زرینہ اس پچھتاوے کا جب کے غلطی سراسر تمھاری اور وہاج کی ہے تم لوگوں نے کبھی اپنی بیٹی پر دھیان نہں دیا وہ کہاں جاتی ہے کس سے ملتی ہے کیا پہنتی ہے کس سے ملتی ہے تم دونوں نے کبھی جاننے کی کوشش نہں کی''

''بیٹی کو اعتماد اور آزادی دینے کا ہر گز یہ مطلب نہں ہے کے اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو ماڈرن بنے کے چکر میں ھم لوگ بے غیرت بنتے جا رہے ہے فیشن کے نام پر ھماری بہن بیٹاں کیا پہنتی ہے ھم نے اس بات پر کبھی دھیان ہی نہں دیا ھم پاکستان میں رہتے ہے ھمارا مذہب اسلام ہے وہ اسلام جس نے عورت کو پردے کا حکم دیا لیکن بجائے ھم ان کی کو پردہ کرنا سکھائے ھم ان کو فیشن کرنا سکھا رہے ہے فیشن کے نام پر ھم بے شرمی پھیلا رہے ہے آج ھماری معاشرے کی بیٹیوں کے سروں پر ڈوپٹے تو دور کی بات ہے کندھوں پر بھی ڈوپٹے تک نہں ہوتے اور ھم سب اس چیز کے قصور وار ہے ھم کیوں بھول جاتے ہے کے ھم خدا کو کیا منہ دیکھائے گے''

''آج میں خالد خان آج اپنے گھر کی ہر عورت کو حکم دیتا ہو کہ آج کے بعد وہ پردے کے بنا نیلی حویلی سے باہر قدم نہں رکھے گی''

''گھر کی کوئی ی بھی عورت پردے کے بنا گھر سے باہر قدم نہں رکھے گے'' خالد خان نے مضبوط انداز میں اپنا فیصلہ سنایا تھا جس پر سب نے ہی سر تسلیم خم کیا تھا۔

پریشے مسلسل روئے جا رہی تھی اس سے آج تک کسی نے اونچی آواز میں بات نہں کی تھی اور ایک دم اس کی زندگی اتنے بڑئے طوفان کی زد میں آ گی تھی اسے کو تو کچھ سمجھ نہں آ رہی تھی۔

خالد خان نے آگے بڑھ کر پریشے کے سر پر ہاتھ رکھا تھا

Posted On Kitab Nagri

''تم فکر نہں کرؤ تمھارے ماموں ابھی زندہ ہے وہ کبھی بھی تمھاری زندگی خراب نہں ہونے دے گے چاہے تمھاری زندگی سنوارنے کے لیے مجھے کچھ بھی کرنا پڑے''

''جاو سب اپنے اپنے کمروں میں جاکر آرام کرو کل سے کوئی ایک پل کے لیے بھی نہں سویا جاکر آرام کرو اس بارے میں اب بعد میں بات ہو گی'' خالد خان نے کہا تو سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گیے جب کے ثانیہ اور سونیا اور پریشے کے پاس ہی روک گی۔ پریشے مسلسل روئے جا رہی تھی۔ پتہ ہے ھم غلطی کہاں کرتے ہے ھم ھمیشہ ایک دوسرے کو یقین دلاتے ہے کے ھم ان سے بہت پیار کرتے ہے ان پر بہت یقین کرتے ہے ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتے ہے لیکن جس وقت ھمارے اپنوں کو ھمارے اعتبار کی ضرورت ہوتی ہے ناں ھم ان کا اعتبار نہں کرتے ھم انھیں دہرائے پر کھڑا چھوڑ کر اپنے قدم واپس کھینچ لیتے ہے۔ تو کہاں گیا وہ اعتبار جس کے آپ دعوی کرتے تھے۔ مجھے بتائے یہ اعتبار کی کونسی قسم ہے کے جب اگلے انسان کو آپ کے اعتبار کی ضرورت ہوتی ہے تب آپ ہی سب اسے بے اعتبار کر کے آگے بڑھ جاتے ہے۔ جیسے اب پرشے کے ساتھ ہوا تھا ساری عمر تو زرینہ بیگم اور وہاج نے اسے لاڈ سے پالا تھا ہر طرح کی آزادی دی تھی لیکن آج جب اعتبار کی پیار کی ضرورت تھی پریشے کو تو اس کے ماں باپ ہی اس کے ساتھ نہں تھے۔ انھوں نے اپنی بیٹی کا اعتبار نہں کیا تھا کے ان کی بیٹی آزاد خیال تو ہوسکتی ہے لیکن بدکردار نہں اور وہ ہی ماموں جن کو پریشے نے کبھی کوئی اہمیت ہی نہں دی تھی۔ آج انھوں نے آگے بڑھ کر اس کے سر پر اپنا شفقت بھرا ہاتھ رکھا تھا۔ حمزہ جس کو وہ اپنا کھڑوس اور بدتمیز کزن سمجھتی تھی اس نے پریشے کی عزت بچانے کے لیے اپنی جان تک کی پرواہ نہں کی تھی وہ خود سامنے آگیا تھا۔ لیکن پریشے کی ایک جھلک بھی اس نے کسی کے موبائل میں نہں آنے دی تھی۔ پریشے کے دل میں حمزہ کے لیے جو احساس پیدا ہوا تھا وہ صرف اس احسان کا بدلہ نہں تھا جو حمزہ نے اس پر کیا بلکے یہ تشکر کے احساس سے بڑھ کر کوئی اور احساس تھا یہ محبت کا احساس تھا تو آخر پریشے وہاج کے دل میں محبت کی پہلی کونپل پھوٹی تھی

۔پریشے کو اس وقت حمزہ خان سے بڑھ کر کوئی پیارا نہں لگا تھا۔ وہ اس کا محافظ تھا اس کا محسن تھا اور اگر پریشے کا دل حمزہ کے لیے ڈھڑکا تھا تو اس میں غلط ہی کیا تھا۔ لیکن فلحال وہ اس جذبے کو صرف اس احسان کا بدلہ ہی سمجھ رہی تھی جو حمزہ نے اس پر کیا تھا۔

====================

حمزہ اپنے کمرے میں آگیا تھا ازمیر بھی اس کے ہی پیچھے ہی آیا تھا

حمزہ ازمیر اس کے گلے لگا تھا

''حمزہ تو جانتا بھی ہے کیا میں کتنا پریشان ہو گیا تھا تمھارے لیے؟''

''میں ڈر گیا تھا حمزہ اگر تھمیں کچھ ہو جاتا تو میں کیا کرتا؟''

''لیکن آئی ایم پراوڈ آف یو حمزہ تم نے ھماری خاندان کی عزت بچانے کے لیے اپنی جان تک کی بھی پرواہ نہں کی'' ازمیر نے کہا۔

''اوہو میرؤ تم تو سینٹی ہوگے بڑی میں اب ٹھیک ہو'' حمزہ نے کہا۔

''کیا کرنے لگے تھے؟'' میرؤ نے اس کے ہاتھ میں شرٹ دیکھ کر کہا۔

''یار شرٹ چینج کرنی ہے لیکن وہ کندھے کے زخم کی وجہ سے مشکل ہو رہی ہے چینج کرنے میں'' حمزہ نے کہا

Posted On Kitab Nagri

''لاؤ میں مدد کر دیتا ہو''میرو نے شرٹ پکڑتے ہوئے کہا۔

جب کے حمزہ نے حیرت سے ازمیر کو دیکھ رہا تھا۔

''کیا ہوا ایسے کیوں دیکھ ہے ہو؟ ''

''وہ ناں مجھے شرم آئے گی ناں تو تم پہلے آنکھوں بند کرؤ''حمزہ نے شرارت نے کہا۔

''حمزہ سدھر جاؤ''ازمیر نے بھی مسکراتے ہوئے کہا۔

=====================

احسن نے کمرے میں آتے ہی زور سے اپنا ہاتھ دیوار پر مارا تھا۔اس کا بس نہں چل رہا تھا دانش اس کے سامنے ہوتا تو وہ اس کا قتل کر دیتا اس کی ہمت بھی کیسے ہوئی ی میری پریشے کو ہاتھ لگانے کی اس نے ڈرائی سنگ پر پڑی ساری چیزیں ہاتھ مار کر گرادی تھی۔

=====================

عنجلی ڈائی ننگ ٹیبل سے اٹھ کر چھت پر آگی تھی کمرے میں اس گھٹن ہو رہی تھی۔اس لیے وہ واپس کمرے میں نہں گی عنجلی لاشعوری طور پر سامنے گھر کی طرف دیکھ رہی تھی جہاں گارڈن میں کوئی ی بھی نہں تھا۔بہت سناٹا تھا اور پھر اچانک ایک لڑکی باہر آئی ی تھی اسے نے وہی چادر لے رکھی تھی جو ارشد نے مصوری سے خریدی تھی عنجلی کو پہچاننے میں زیادہ دیر نہں لگی تھی کے یہ وہ لڑکی تھی جو اس کی یونی میں بھی پڑھتی تھی وہ شال چاند کو لیے دیکھ کر عنجلی کے دل میں ایک طوفان اٹھا تھا اور اس کی یہ آخری امید بھی دم توڑ گی تھی کے شاہد ارشد کو بھی اس سے محبت ہو گی تھی۔ تبھی ہی ارشد بھی گارڈن میں آیا اور اس کے ہاتھ میں کافی کے دو مگ تھے۔اس نے ایک مگ حوریہ کی طرف بڑھایا اور پھر خود بھی چی ئر پر بیٹھ کر اس سے باتیں کرنے لگا۔جب اسے محسوس ہوا کے وہ مسلسل کسی کے نظروں کی حصار میں ہے۔تو اس نے نظر اٹھا کر سامنے ٹیرس کی طرف دیکھا جہاں عنجلی کھڑی اس کو ہی دیکھ رہی تھی۔

عنجلی جو کے غیر ارادی طور پر ارشد کو مسلسل دیکھ رہی تھی ارشد کے اس طرح دیکھنے پر ہوش میں آئی ی اور فوراً ٹیرس سے نیچھے کی طرف بھاگی تھی اور ارشد کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تھی۔اسے لگا کے عنجلی شرما گی ہے۔

=====================

''بھائی ی مجھے آپ کو کچھ بتانا بھی ہے''چاند نے کافی پیتے ہوئے کہا۔

''کیا؟''ارشد نے سوالیہ پوچھا اور جوابا چاند نے نقش سے متعلق اسے تمام حقیقت بتادی۔

''چاند تم ایٹلسٹ یہ بات مجھے کال پر ہی بتادیتی تم اکیلی ہی پریشان رہی اتنے دن''ارشد نے فکر مندی سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"میں نے سوچا تھا آپ واپس آجائے تو پھر آپ کو تسلی سے بتاؤ گی" چاند نے کہا۔

"دوبارہ تو اس نے تم سے رابطہ کرنے کی کوشش تو نہں کی ناں؟" ارشد نے پوچھا۔

"نہں بھائی ی اس کے بعد سے تو انفیکٹ وہ یونی میں بھی نظر نہں آیا مجھے لگتا ہے اس کی عقل ٹھکانے آگی ہو گی" حوریہ نے بتایا۔

"لیکن حوریہ آئندہ وہ کچھ بھی کرے تم نے سب سے پہلے مجھے بتانا ہے اور تھمیں بہت محتاط رہنا ہو گا ایسے لوگ بہت جنونی ہوتے ہے کچھ بھی کر سکتے ہے" ارشد نے تقید کی

"انفکیٹ تھمیں اب جب بھی یونی جانا ہو مجھے بتانا میں پک اینڈ ڈراپ کر دو گا احتیاط لازم ہے" ارشد نے کہا

"جی بھائی ی ٹھیک ہے ویسے بھی اب تو یونی آف ہے ایگزامز شروع ہونے والے ہے تو گھر پر ہی تیاری کرنی ہوتی ہے" چاند نے کہا۔

"میرا خیال ہے ھمیں بابا کو بھی اس بارے میں بتا دینا چاہیے" ارشد نے کہا۔

"جی بھائی ی آپ ٹھیک کہہ رہے ھمیں مما بابا کو بھی سب کچھ بتا دینا چاہیے" حوریہ نے بھی ارشد کی بات سے اتفاق کیا۔

======================

میرؤ نے ساری بات سارہ اور رابعہ کو بتائی ی تو تو وہ بھی حویلی آگی تھی۔

"آپا یہ سب کیسے ہو گیا؟" سارہ نے زرینہ کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔

"سارہ دیکھو کیا ہو گیا میری بچی کی تو زندگی خراب ہو گی ہے ھم کیا منہ دیکھائے گے لوگوں کو" زرینہ بیگم مسلسل ایک ہی بات کیے جا رہی تھی اور وہاج خان بھی اپنا سر تھام کر بیٹھے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپا کیا ہو گیا ہے آپ ہمت سے کام لے کیوں ایسی باتیں کر رہی ہے آپ؟" رافیعہ بیگم نے کہا۔

احسن کے علاوہ تقریبا سب لوگ ہی لاؤن میں موجود تھے احسن دوپہر کا گھر سے نکلا ہوا تھا اور ابھی تک گھر واپس نہں آیا تھا۔

"رافیعہ تم خود ہی بتاؤ اب کون کرے گا میری بیٹی سے شادی؟ میری بچی کو تو زندگی خراب ہو گی ناں پاک دامن ہوتے ہوئے بھی بدنامی اس کا مقدر ٹھہری، کون کرے گا اس کی پاک دامنی

کا یقین؟" زرینہ بیگم نے روتے ہوئے کہا۔

"کون کرے گا پریشے سے شادی" زرینہ بیگم مسلسل ایک بات ہی کہہ رہی تھی۔

"حمزہ کرے گا" خالد خان نے کہا تو گویا لاؤن میں موجود سب لوگوں کو سانپ سونگھ گیا اور حمزہ کا تو رنگ ہی پھیکا پڑ گیا تھا۔

"خالد یہ آپ کیا کہہ رہے ہے؟" رافیعہ بیگم ہمت کرتی ہوئی ی بولی۔

Posted On Kitab Nagri

''میں بالکل ٹھیک کہہ رہا ہوں کوئی جاننے نا جانے حمزہ تو جانتا ہے ناں کے پریشے بے قصور ہے یہ گواہ ہے اس کی بے گناہی کا اور مجھے یقین ہے میرا بیٹا اتنا کم ظرف نہں ہے کے ایک لڑکی کو برباد ہونے کے لیے چھوڑ دے'' خالد خان نے کہا۔

''وہاج بھائی میں آپ سے اپنے بیٹے حمزہ خان کے لیے آپ کی بیٹی پریشے کا ہاتھ مانگتا ہوں کیا آپ کو یہ رشتہ قبول ہے؟''

خالد خان نے کہا تو وہاج اٹھ کر خالد کے گلے لگا تھا

''خالد آپ نے ھماری ساری پریشانی ہی دور کر دی بھلا حمزہ سے بہتر ھماری پریشے کے لیے کون ہو سکتا ہے؟'' وہاج نے کہا۔

''ہاں خالد ھمیں پریشے کے لیے حمزہ کا رشتہ منظور ہے'' زرینہ بیگم نے بھی نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے کہا۔

حمزہ کچھ بولنے ہی لگا تھا جب رافیعہ بیگم نے آنکھ کے اشارے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا تو حمزہ کو مجبوراً چپ رہنا پڑا اور میرؤ حمزہ کی حالت سے باخبر تھا وہ تو واحد گواہ تھا حمزہ کی محبت کا اس کی تڑپ کا۔

''رافیعہ بیگم جائے اور مٹھائی لا کر سب کا منہ میٹھا کروائے'' خالد خان نے کہا۔

''جی ابھی لائی''

رافیعہ بیگم کہتے ہوئے کچن کی طرف بڑھی تھی

جب کے حمزہ اپنے کمرے میں آ گیا تھا باقی سب کے چہرؤں پر سکون اور خوشی کی رمک لہرائی تھی جیسے غم کے بادل چھٹنے کے بعد سورج کی پہلی کرن نصیب ہوئی ہو جیسے کبھی کچھ ہوا ہی نہں تھا۔

====================

میرؤ بھی حمزہ کے پیچھے آیا تھا اسے ڈر تھا کے حمزہ کوئی انتہائی قدم ناں اٹھا لے

''حمزہ'' میرؤ نے پکارا۔

''میرؤ بابا ایسا کیسے کر سکتے ہے میرے ساتھ؟''

''میرے سے پوچھے بنا مجھے کیسے کسی کے ساتھ باندھ سکتے ہے'' حمزہ اس وقت حواسوں میں نہں لگ رہا تھا۔

''حمزہ میرے بھائی تم ریلیکس ہو جاؤ میں بات کروں گا بابا سے ھم مل کر سمجھاے گے بابا کو تم فکر نہں کرو'' میرو نے اسے تسلی دی۔

''میرؤ میں صرف حوریہ سے پیار کرتا ہوں اس کے علاوہ کسی کا تصویر بھی نہں کر سکتا میرؤ تم تو جانتے ہو ناں میں حوریہ سے کتنا پیار کرتا ہوں''

''ہاں حمزہ میں سب جانتا ہوں تم فکر نہں کرو میں ہر مشکل میں تمھارے ساتھ ہوں تم بس ریلیکس ہو جاؤ'' میرؤ نے کہا۔

''آپ بات کرئے گے ناں بابا سے'' حمزہ نے امید سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

''ہاں میں کروں گا بلکے آج ہی کروں گا تم ادھر بیٹھو اور پانی پیو''ازمیر نے اس کی طرف پانی کا گلاس بڑھایا جو وہ ایک ہی سانس میں پی گیا اب اگر آپ کسی سے اس کی زندگی چھینے گے تو اگلے انسان کو سانس لینے میں دشواری تو ہو گی ناں۔

=====================

''خالد آپ نے اتنا بڑا فیصلہ ھم سے پوچھے بنا کیسے کر لیا؟ ایٹلسٹ حمزہ سے تو پوچھ لیتے آخر کو زندگی تو اس نے گزارنی ہے''رافیعہ بیگم نے کمرے میں آتے ہوئے کہا۔

''میرا بیٹا ہے اسے پالا پڑھایا لکھایا کیا مجھے اتنا بھی حق نہں ہے کے اس کے لیے کوئی فیصلہ کر سکو؟''خالد نے کہا۔

''خالد آپ سمجھ نہں رہے ھمارا جوان بیٹا ہے اس کی رضامندگی بھی تو ضروری ہے ناں''رافیعہ بیگم نے بے بسی سے کہا۔

''رافیعہ مجھے اپنے بیٹے اور تمھاری تربیت پر مکمل بھروسہ ہے حمزہ کبھی میرا مان نہں توڑے گا خالد خان کہہ کر کمرے سے چلے گے جیکے سارا بوجھ رافیعہ بیگم کے کندھوں پر ڈال گے تھے اب بات ان کی تربیت پر جو آ گی تھی۔

====================

پریشے کو تو سمجھ ہی نہں آ رہا تھا کیا رد عمل دے وہ لڑکی جس نے کبھی جوتا بھی کسی کی مرضی کا نہں پہنا تھا آج اس کی زندگی کا اتنا بڑا فیصلہ اسے سے پوچھ بغیر ہی کر دیا گیا تھا۔ پریشے کے تو جیسے احساسات ہی مر گے تھے اس کچھ بھی نہں محسوس ہو رہا تھا اچھا برا وہ کچھ بھی نہں محسوس کر رہی تھی۔

=====================

''تھنکس گاڈ سونی ساری پریشانی ختم ہو گی ورنہ دو دن سے گھر میں اتنا ٹینشن والا ماحول تھا کے کچھ سمجھ ہی نہں آ رہا تھا کے اب کیا ہو گا''ثانیہ نے مٹھائی کھاتے ہوے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''ہاں یار شکر ہے اب بھائی اور پریشے کی شادی ہو جاے گی تو سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا''سونیا نے کہا۔

تبھی احسن گھر میں داخل ہوا۔

''گھر میں اتنا ٹینشن والا ماحول چل رہا اور تم دونوں مٹھائی کھا رہی ہو''احسن نے انھیں مٹھائی کھاتے دیکھ کر کہا۔

''فاریو کائنڈ انفارمیشن سب ٹینشن ختم ہو چکی ہے۔ لیکن آپ بتائے آپ کہاں سے آ رہے ہے واپس؟ دوپہر سے آپ غائب ہے''ثانیہ نے پوچھا۔

''ہاں کچھ کام سے گیا تھا تم بتاؤ کس خوشی میں مٹھائی کھائی جا رہی ہے؟''احسن نے کہا۔

''پہلے آپ کھائیں پھر بتاتی ہو''ثانیہ نے کہا تو احسن نے گلاب جامن پکڑ کر منہ میں ڈالا

''اب بتاو''احسن نے مٹھائی کھاتے ہوئے پوچھا۔

''پریشے اور حمزہ بھائی کا رشتہ طے ہو گیا ہے''ثانیہ نے گویا احسن کے سر پر بم پھوڑا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ثانیہ نے گویا احسن کے سر پر بم بھوڑا تھا۔ مٹھائی اس کے گلے میں اٹک گی تھی اور اس کو زبردست اچھو تا لگ گیا تھا۔

ثانیہ فوراً کچن سے پانی لینے بھاگی تھی سونیا اس کی پیٹھ سہلا رہی تھی۔

"احسن پانی پیو" ثانیہ نے اس کے منہ سے پانی کا گلاس لگایا تو کہیں جا کر احسن کا سانس بحال ہوا وہ سب کچھ نظر انداز کر کے منیب کے کمرے میں آ گیا تھا
۔

"احسن کیا ہوا تم اتنا لمبا لمبا سانس کیوں لے رہے ہو؟" منیب فوراً اس کی طرف بڑھا تھا۔

"بھائی کیا یہ سچ ہے کے پریشے اور حمزہ کا رشتہ طے ہو گیا ہے؟" احسن نے بے یقینی سے پوچھا۔

"ہاں یار خالد تایا نے یہ فیصلہ لیا ہے کے وہ پریشے اور حمزہ کی شادی کروا دے گے" منیب نے اس کے شک کو یقین کا لبادہ اوڑھا دیا تھا۔

احسن وہی سر تھام کر بیٹھ گیا تھا۔

"احسن کیا ہوا ہے تھمیں کچھ بتاو تو سہی اتنے پریشان کیوں ہو؟" منیب نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا۔

"بھائی میں پریشے سے پیار کرتا ہو" احسن نے آہستہ آواز میں کہا۔

"واٹ اور یہ بات تم مجھے اب بتا رہے ہو احسن تم نے مجھے پہلے کیوں نہں بتایا؟"

"بھائی پلیز کچھ کرے میں پریشے کو نہں کھو سکتا بھائی میں اس سے بہت پیار کرتا ہو" احسن رو دینے کو تھا۔

"احسن تم فکر نہں کرو ھم امی ابو سے بات کرے گے وہ بات کرے گے خالد انکل سے تم ریلکس ہو جاو" منیب نے اسے تسلی دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

==================

خالد خان سٹڈی میں تھے جب میرو نوک کر کے سٹڈی میں آیا تھا۔

"میرو آو بیٹھو" خالد نے کہا تو میرؤ سامنے رکھے صوفے پر بیٹھ گیا۔

"بابا مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے" میرو نے کہا۔

"ہاں بولو بیٹا میں سن رہا ہو"

"بابا آپ پلیز مجھے غلط نہں سمجھیے گا" میرو کو سمجھ نہں آ رہا تھے کے کیسے بات کرے۔

"میرو وضاحت نہں دو سیدھی بات کرو"

"بابا آپ کو نہں لگتا کیا کے آپ کو ایک بار حمزہ سے بات کر لینی چاہیے تھی پریشے کے بارے میں"

"کیوں میرو تھمیں لگتا ہے کیا میں تم لوگوں کے بارے میں غلط فیصلہ کرو گا؟" خالد نے پوچھا۔

"نہں بابا میں تو ایسا کبھی سوچ بھی نہں سکتا" میرو صوفے سے اٹھ کر خالد کے قدموں میں بیٹھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

"تو پھر تمھارے کہنے کا کیا مطلب تھا میرو؟"

"بابا میں بس اتنا کہہ رہا تھا ایک بار حمزہ کی رضامندی جان لیتے تو اچھا ہوتا آخری اس کی ساری زندگی کا سوال ہے" میرو نے وضاحت دی۔

"میرو تم اور حمزہ میرے بیٹے ہو میں نے منیب اور احسن کو بھی ہمیشہ بیٹوں کی طرح ہی ٹریٹ کیا ہے اور انھیں بھی اپنے بیٹے ہی سمجھتا ہو لیکن شرعی اور قانونی طور پر میں صرف تمھارے اور حمزہ کے لیے فیصلہ لے سکتا ہو کیوں کے میں تم دونوں کا سرپرست ہو جبکے منیب اور احسن کے سرپرست وہاب بھائی ہے اس لیے میں ان کے لیے کوئی بھی فیصلہ نہں کر سکتا اور خدا کی قسم میرو اگر تم رابعی سے منسوب نہں ہوتے تو میں پریشے کو تم سے منسوب کرنے میں ایک سیکنڈ نہں لگاتا لیکن میں ایک بہن کا زخم بھرنے کے لیے دوسری بہن کو زخم نہں دے سکتا تھا اس لیے میں نے پریشے کو حمزہ سے منسوب کر دیا اور اب میرا فیصلہ اٹل ہے میں اپنے فیصلے سے ایک انچ بھی پیچھے نہں ہٹو گا" خالد خان نے مضبوط لہجے میں کہا، تو از میر لاجواب ہو گیا تھا۔اس کے پاس کہنے کو اور کچھ بچا نہں تھا وہ جانتا ہے خالد خان ایک بار جو فیصلہ کر لے تو پھر اس سے پیچھے نہں ہٹتا تھا۔

==================

ارشد آج آفس آیا تھا اور آتے ہی ٹیبل پر پڑی فائی ل چیک کرنے لگا۔اس کے بعد اس کو نیکسٹ میٹنگ کے لیے پریزینٹیشن بنانے تھی۔ جس کو کمپلیٹ کرنے میں تقریباً اسے دو گھنٹے لگ گے اپنا کام کمپلیٹ کر کے اس نے آنکھیں موند کر چی ئر کے ساتھ سر ٹیکا یا جب اسے عنجلی کی یاد آئی ی

۔اس حیرت ہوئی ی اسے آفس آئے تین گھنٹے ہو چکے تھے اور عنجلی ایک بار بھی اس کے کمرے میں نہں آئی ی ورنہ عام روٹین میں تو وہ ایک گھنٹے میں دو بار ارشد کے آفس کا چکر لگا لیا کرتی تھی اور جب ارشد آفس میں داخل ہوتا تو اسے گڈ مارننگ بھی وش ضرور کرتی تھی۔آج تو ارشد نے اسے آفس آتے ہوے بھی نہں دیکھا اب ارشد کو سچ میں حیرت ہو رہی تھی اس نے انٹر کام اٹھایا اور اعجاز صاحب کو اپنے آفس میں بلایا تھا۔

"جی سر آپ نے بلایا؟" اعجاز نے آفس میں آتے ہوے پوچھا

"جی اعجاز صاحب مجھے بتاۓ وہ امریکہ والے پروجیکٹ کا کیا بنا؟"

"سر ان کی کنسائی منٹ ہم نے بیھجھ دی اور کل تک باقی سامان بھی ایکسپوٹ ہو جاے گا"

"گڈ آپ ایسا کرے مس عنجلی سے بولے کے مجھے اس پروجیکٹ کی ساری ڈیٹیل ای میل کر دے" ارشد نے لیپ ٹاپ دوبارہ کھولتے ہوے کہا۔

"لیکن سر مس عنجلی تو آج نہں آئی ی"

"لیکن کیوں؟" ارشد نے پوچھا۔

"ایکچوئی لی سر وہ مس عنجلی

آج صبح آئی ی تھی اور وہ ریزائی ن لیٹر دے کر چلی گی تھی" اعجاز صاحب نے بتایا۔

"واٹ ریزائی ن کر دیا ایسے کیسے ریزائی ن کر دیا انھوں نے کوئی ی وجہ بتائی ی کیا ریزائی ن کرنے کی؟" ارشد نے پریشانی سے پوچھا۔

"وہ کہہ رہی تھی کے وہ شادی کر رہی ہے اس لیے وہ مزید جاب نہں کر سکتی" اعجاز صاحب نے وہی بتایا جو عنجلی انھیں بتا کر گی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

"اوکے آپ جا سکتے ہے" ارشد نے کہا تو اعجاز صاحب چلے گے۔

ارشد کو کچھ سمجھ نہں آ رہی تھی کے عنجلی نے ریزائن کیوں کیا؟

"اور اعجاز صاحب کیا کہہ رہے تھے اس کی شادی ہو رہی ہے ایسے کیسے وہ شادی کر سکتی ہے وہ؟" ارشد نے بے چینی سے سوچا اور عنجلی کا نمبر ڈائل کرنے لگا۔

=====================

حارث جہانگیر کمرے میں بیٹھے اپنے آفس کا کام کر رہا تھا جب نصرت بیگم کمرے میں آئی ی۔

"حارث صاحب مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے"

"جی بولے بیگم میں سن رہا ہو"

"حارث میں سوچ رہی ہو اب ہمیں ارشد کی شادی کر دینی چاہیے

"خیال تو نیک ہے لیکن پہلے آپ ارشد سے تو پوچھ لے وہ کیا کہتا ہے" حارث نے کہا۔

"اس سے بھی میں پوچھ لو گی اور آپ کو پتہ ہے کیا میں نے ارشد کے لیے لڑکی بھی ڈھونڈلی ہے" نصرت نے خوشی سے بتایا۔

"کیا آپ نے لڑکی بھی ڈھونڈلی کون ہے وہ؟" حارث نے تجسس سے پوچھا۔

"ھماری عنایہ مجھے ارشد کے لیے بہت پسند ہے" نصرت بیگم نے کہا۔

"خیال تو برا نہں ہے لیکن پھر بھی آپ ارشد سے اس کی مرضی ضرور جان لیجئی ے گا پھر ہی کوئی ی عملی قدم اٹھائی یے گا" حارث صاحب نے تقید کی تھی

"جی بہتر"

=====================

عنجلی اپنے روم میں بیٹھی تھی جب اس کے موبائی ل پر ارشد کی کال آنے لگی تھی کچھ دیر سوچنے کے بعد عنجلی نے کال ریسیو کر لی تھی۔

"ہیلو"

"کیسی ہے مس عنجلی آپ؟" ارشد نے پوچھا۔

"کال کس لیے کی ہے؟" عنجلی نے بے رخی سے پوچھا ارشد کو اس کا رویہ بہت عجیب لگا تھا۔

"اعجاز بتا رہا تھا کے آپ نے ریزائن کر دیا ہے کیا؟"

"میں ریزائن کی وجہ جان سکتا ہو کیا؟" ارشد نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

"میں نے اعجاز سر کو وجہ بھی بتا دی تھی بہتر ہے آپ ان سے ہی پوچھ لے"، عنجلی نے دوٹوک کہا۔

"میں آپ کے منہ سے جاننا چاہتا ہوں وجہ" ارشد نے بھی اسی کے انداز میں پوچھا۔

"میں شادی کر رہی ہو اس لیے مزید جاب نہں کر سکتی"، عنجلی نے دل پر پتھر رکھتے ہوئے جواب دیا۔

"اور آپ جو کہتی تھی کے آپ کو مجھ سے پیار ہے اس پیار کا کیا ہوا؟" ارشد نے افسوس سے پوچھا۔

"وہ پیار اس دن ہی مر گیا تھا ارشد سر جس دن مجھے آپ کے مسلمان ہونے کا پتہ چلا تھا اگر مجھے پہلے آپ کی اصلیت پتہ چل جاتی تو میں آپ سے پیار تو کی بات ہے آپ کی شکل بھی نہں دیکھتی اب مجھے صرف آپ سے نفرت ہے اب صرف اور صرف نفرت ہے۔ عنجلی نے کہا تو ارشد نے بنا کچھ کہے کال کاٹ دی وہ کہتا بھی تو کیا یہ بتاتا کے وہ بھی اسے پسند کرنے لگا ہے چاہتوں کے بدلوں میں چاہت نا ملنا کا بھی غم ہے بجا ہے مگر کبھی نا چاہے جانے کا غم زیادہ ہے مجھے یہ نھیں سمجھ آتی یہاں اکثریت کا غم غم جاناں کیوں ہے۔

""" میں نفرتوں کا بوجھ اٹھا اٹھا کے تھک گیا ہوں کیوں نا اب

سامان محبت کیا جائے اور جب انسان اس دنیا سے جاتا ہے لوگ تبھی محبت کرتے ہیں لوگ جو ہمارے وجود کے بار سے تھکے ہوئے ہیں کیوں نا ان کے سروں پر سے بوجھ ہٹا لیا جائے کیا ایسا نھیں ہو سکتا کہ ہمارا وقت آجائے کیوں میرے دل کی دھڑکنیں بوجھ مثل ہیں کیوں جن کے بغیر زندگی ناممکن ہوتی ہے انکا قرب نصیب نھیں ہوتا کیا ایسا نھیں ہو سکتا انسان جسے مانگتا ہے وہ اسے دے دیا جائے خیر اب تو جان بھی جان پر بوجھ بن گئی ہے خیر بوجھ اتار دینا مناسب ہوتا ہے اور کیا کوئی اس دکھ کو سمجھ سکتا ہے وہ ایک جسکی آواز سکون حیات ہو اور وہ دور جانے پر بابضد ہو اور اسے روکنے کی تمام تر کاوشیں بے سود ہوں۔ میں اکثر ہی کہتا ہوں یہ وقتی اور فرصتوں کی محتاج محبتیں حقیقی وبال ہیں وہ میری خاموشی سمجھنے والی اگر حقیقت سے منھ موڑ جائے تو کیا ہوگا۔۔؟ کسی کا انتخاب کرنا نا کرنا آپ کا اختیار ہے مگر کسی کے جذبات کے بے قدری ضروری تو نھیں اور اس نے جانے ہوئے الوداع بھی نھیں کیا کوئی تو سمجھاؤ اسکو میں اگر چپ ہو گیا تو۔۔؟ اس کے اس رویے سے میں بکھر گیا تو اور اگر میں اس غم کی شدت سے بدل گیا تو اور اگر میں کھو گیا کہیں خود سے بھی تو پھر جس طرح سب بدل جاتے ہیں کیا تم بھی بدل جاؤ گی میں تمہیں کہہ نھیں سکتا لیکن میں تمہارے بغیر رہ نھیں سکتا یار کوئی مر بھی سکتا ہے میں محبتوں سے بیزار لڑکا سب کو آج کل کے ظاہری ڈھونگ سے بچانے والا اگر تم سے اظہار کر رہا ہوں تو مطلب کچھ تو ہے نا

وہ جانتا تھا اس محبت کا انجام یہ ہی ہوگا اس لیے وہ عنجلی کو سمجھاتا تھا کے وہ اسے پانے کی خواہش نا کرے۔

عنجلی نے فون بند کر بیڈ پر پھٹکا اور پھر سے پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی اس نے کہہ تو دیا ارشد سے کے اب وہ اس سے محبت نہں نفرت کرتی ہے۔ لیکن یہ بات تو اس کا دل جانتا تھا ناں جو آج بھی ارشد سے محبت کرتا تھا ارشد کی حقیقت جان لینے کے باوجود اس کے دل میں ارشد کی محبت ختم نہں ہوئی تھی لیکن عنجلی مجبور تھی ان کے بیچ جو مذہب کی دیوار آ گی تھی اسے وہ چاہ کر بھی ختم نہں کر سکتی تھی

"محبت کم نہیں ہوتی۔۔۔۔۔"!

Posted On Kitab Nagri

کوئی کتنا جتن کر لے

محبت کم نہیں ہوتی

زمانہ اِس کے آگے آہنی دیوار بن جائے

اور اُس کا ہاتھ اِک تلوار بن جائے

محبت ڈر نہیں سکتی ڈرانے سے

نہیں مٹتی مٹانے سے

محبت کی نہیں بنتی زمانے سے

یہ اپنی جان دے کر بھی کبھی بے دم نہیں ہوتی

کوئی کتنا جتن کر لے

محبت کم نہیں ہوتی۔۔۔

کبھی یہ ہیر کا جوبن

کبھی رانجھا کی وَنجلی ہے

کبھی خاروں بھرا رستہ

کبھی یہ پھول جنگلی ہے

کبھی شیریں کی بے تابی

کبھی فرہاد کا تیشہ

یہ کچھ کچھ شہد جیسی ہے

مزا ہے اس میں سَم جیسا

جُنوں ہے قیس کا

لیلیٰ کی یہ وارفتگی بھی ہے

خودی کا بھید اس میں ہے

محبت بے خودی بھی ہے

Posted On Kitab Nagri

محبت ہے خدا جیسی

خدائی اس میں شامل ہے

ستارہ مت کہو اِس کو

محبت ماہِ کامل ہے

اور!

اس کی لو کبھی مدھم نہیں ہوتی

کوئی کتنا جتن کر لے

" محبت کم نہیں ہوتی"!

اور ارشد تو ویسے بھی اس سے پیار نہں کرتا تھا وہ ہی اس کے پیچھے پڑی تھی۔ لیکن اب اس نے بھی ہر وہ راستہ چھوڑ دیا تھا۔ جو اسے ارشد تک لے جاتا تھا کتنی خواہش تھی ناں عنجلی کی کے کسی روز وہ آفس سے چھٹی کرئے اور ارشد اسے آفس میں ناں پا کر پریشانی سے کال کر کے اس کے ناں آنے کی وجہ پوچھے اور آج جب ایسا ہوا تو ساری خواہشیں ہی مر چکی تھی۔

=====================

ازمیر کمرے میں آیا تو حمزہ بے چینی سے اس کی طرف بڑھا۔

''کیا ہوا میرؤ بابا مان گے ناں تم نے منا لیا ناں انھیں؟'' حمزہ نے آس سے پوچھا۔

''حمزہ بابا نہں ماننے وہ اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہں ہے'' ازمیر نے اس سچ بتا دیا۔

''میرؤ بابا ایسا کیسے کر سکتے ہے میرے ساتھ انھیں میری خوشی کی کوئی پرواہ نہں ہے کیا؟'' حمزہ نے دکھ سے کہا۔

''ایسی بات نہں ہے حمزہ بس اس وقت انھیں پریشے کا دکھ تمھاری خوشی سے بڑا لگ رہا ہے ورنہ تم جانتے ہو انھوں نے ھمیشہ ھماری ہر بات مانی ہے''

''لیکن میرؤ میں حوریہ کے علاوہ کسی سے شادی نہں کر سکتا یہ بات کوئی کیوں نہں سمجھتا'' حمزہ نے کہا۔

''اب تو ایک ہی راستہ ہے حمزہ'' میرؤ نے کہا۔

''وہ کیا؟'' حمزہ نے پوچھا۔

''اب مما ہی بابا کو منا سکتی ہے اب ھمیں ان سے بات کرنی چاہیے'' میرؤ نے کہا۔

''سہی کہہ رہے میرؤ ھم ابھی جا کر مما سے بات کرتے ہے'' حمزہ نے کہا اور دونوں رافیعہ بیگم کے کمرے کی طرف بڑھائے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

=====================

مما بابا آپ نے ھمیں بلایا

[

"جی مما آپ نے ھمیں بلایا" منیب اور احسن نے طاہرہ بیگم کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں بیٹھو بیٹاں مجھے اور تمھارے بابا کو تم سے کچھ ضروری بات کرنی ہے "

"کیا ہوا مما خیریت تو ہے ناں؟" احسن نے صوفے پر بیٹھے ہوئے پوچھا۔

"دیکھو بیٹا جو کچھ بھی پریشے کے ساتھ ہوا وہ بہت غلط تھا اس لیے ھم نے سوچا ہے کے خالد بھائی ی کے ساتھ ساتھ ھم بھی اپنے فرض سے سبکدوش ہو جائے" وہاب نے کہا۔

"کیا مطلب بابا ھم سمجھے نہں؟" احسن نے نا سمجھی سے پوچھا۔

"بیٹا ھم چاہتے ہے کے اب تم دونوں کی بھی شادی کر دی جائے" طاہرہ بیگم نے کہا۔

"لیکن مما اتنی جلدی بھی کیا ہے ابھی تو ھماری سٹڈی بھی کمپلیٹ نہں ہوئی ی" منیب نے کہا۔

"سٹڈی بھی ہو ہی جائے گی کمپلیٹ لیکن ھم چاہتے تم دونوں اب شادی کر لو"

"احسن میں نے تمھارے لیے ھمشہ سونیا کو ہی سوچا ہے اور سچ تو یہ ہے کے مجھے سونیا پسند بھی بہت ہے میں اسے اپنی بہو بنانا چاہتی ہو" طاھرہ بیگم نے کہا ۔

"مما یہ آپ کیا کہہ رہی ہے ایسا نہں ہو سکتا" احسن نے فوراً انکار کیا۔

"کیوں نہں ہو سکتا؟ تم اور سونیا تو اتنے اچھے دوست ہو ایک دوسرے کو جانتے ہو تو تھمیں کیا مسلہ ہے؟" طاھرہ بیگم نے پوچھا۔

"کیوں کے مما میں سونیا سے میں شادی کرنا چاہتا ہو" منیب نے کہا تو طاہرہ اور وہاب حیران رہ گے۔

"لیکن منیب بیٹا تمھارے اور سونیا کے مزاج میں بہت فرق ہے یہ کیسے ممکن ہے؟" طاہرہ بیگم نے کہا۔

"مما فرق تو ہر انسان کی نیچر میں ہوتا ہے اس میں کوئی ی بڑی بات تو نہں ہے میں سونیا کو پسند کرتا ہو اس سے شادی کرنا چاہتا ہو" منیب نے صاف لفظوں میں اپنی پسند کا اظہار کیا۔

"ٹھیک ہے طاہرہ بیگم کیا فرق پڑتا ہے سونیا کی شادی احسن سے ہو یا منیب سے بہو تو وہ ہماری ہی بنے گی" وہاب نے کہا۔

"اور تم بھی کسی کو پسند کرتے ہو کیا؟" طاھرہ بیگم نے احسن سے پوچھا۔

"جی" احسن نے مختصر جواب دیا۔

Posted On Kitab Nagri

''کون ہے وہ'' طاہرہ نے پوچھا۔

''پریشے'' احسن نے یک لفظی جواب دیا۔

''اور تم یہ بات ھمیں اب بتا رہے ہو جب کے وہ حمزہ سے منسوب کی جا رہی ہے'' وہاب نے کہا۔

''مجھے نہں پتہ تھا یہ سب کچھ اتنے جلدی ہو جائے گا آپ پلیز خالد تایا سے بات کرے اس بارے میں'' احسن نے التجا کی تھی۔

''تمھارا دماغ تو نہں خراب ہو گیا احسن میں کیا اپنے بھائی ی سے یہ جا کر کہو کے میں اس کی بہو کو اپنی بہو بنانا چاہتا ہو جب کے حمزہ بھی مجھے اپنے بیٹوں کی طرح عزیز ہے''

''لیکن بابا میں پریشے سے شادی کرنا چاہتا ہو'' احسن نے زور دیتے ہوئے کہا۔

''احسن تم بھول جاؤ پریشے کو میں کبھی بھی خالد بھائی ی سے اس بارے میں بات نہں کرؤں گا وہ بھائی ی جس نے مجھے باپ کی طرح پالا مجھے کبھی کسی چیز کی کمی نہں ہونے دی تم دونوں کو سگے بیٹا جیسا پیار دیا اور تمھارے لیے میں ان کے مقابل کھڑا ہو جاؤ ایسا کبھی نہں ہو گا'' وہاب نے غصے سے کہا۔

''لیکن بابا''

''لیکن ویکن کچھ نہں منیب میں نے جو کچھ کہہ دیا وہ ہی میرا آخری فیصلہ ہے تم دونوں جا سکتے ہو اور طاہرہ ھم آج ہی خالد بھائی ی سے سونیا اور منیب کے لیے بات کرے گے'' وہاب نے کہا۔

تو احسن اور منیب کمرے سے چلے گے۔

==================

میرؤ اور حمزہ رافیعہ کے کمرے میں آئے تھے۔

''ارے میرؤ حمزہ آؤ آؤ بیٹھو'' رافیعہ بیگم نے انھیں دیکھتے ہوئے کہا۔

''مما پلیز آپ بابا کو سمجھائے ناں میں پریشے سے شادی نہں کر سکتا پلیز مما'' حمزہ نے رافیعہ بیگم کے قدموں میں بیٹھے ہوئے کہا۔

''حمزہ اٹھو بیٹا صوفے پر بیٹھو اٹھو شاباش'' رافیعہ نے اسے اپنے پاس صوفے پر بیٹھایا۔

''مما میں پریشے سے شادی نہں کرنا چاہتا آپ بابا کو سمجھائے ناں'' حمزہ نے دوبارہ کہا۔

''حمزہ تمھارے کہنے سے پہلے میں خالد سے بات کر چکی ہو لیکن وہ اپنا فیصلہ بدلنے کے لیے تیار نہں ہے تم اچھی طرح جانتے ہو تمھارے بابا اپنی زبان سے کبھی پیچھے نہں ہٹتے چاہے پھر کچھ بھی ہو جائے'' رافیعہ بیگم نے پوری بات بتائی ی۔

''لیکن مما میں پریشے سے پیار نہں کرتا'' حمزہ نے بے بسی سے کہا۔

''بیٹا آخر کیا کمی ہے پریشے میں پڑھی لکھی ہے خوبصورت ہے اور رہی پیار کی بات تو پیار تو شادی کے بعد ہو ہی جاتا ہے''

Posted On Kitab Nagri

''مما میں نہں کر سکتا پریشے سے شادی پلیز آپ سمجھیے اس بات کو ''

''حمزہ کہیں تم اس لیے انکار تو نہں کر رہے کے پریشے کے ساتھ اس رات حادثہ پیش آیا تھا'' رافیعہ بیگم نے پوچھا۔

''نہں مما ایسا تو بالکل بھی نہں ہے میں جانتا ہو پریشے کا کوئی ی قصور نہں ہے'' حمزہ نے کہا۔

''تو پھر کیا وجہ ہے حمزہ جو تم اس رشتے سے انکار کر رہے ہو؟'' رافیعہ نے پوچھا۔

''میں کسی اور سے پیار کرتا ہو مما'' حمزہ نے کہا

''حمزہ تم نے پہلے کبھی ذکر کیوں نہں کیا اور کون ہے وہ؟'' رافیعہ بیگم نے پوچھا تو جواباً حمزہ نے انھیں ساری بات بتا دی۔

''دیکھو حمزہ میں تو یہ ہی کہوں گی کے تمھارا پیار یک طرفہ ہے تم نے اس لڑکی کو دیکھا نہں جانتے نہں ہو اس کو تمھارے بارے میں کچھ نہں پتہ ہو سکتا ہے یہ صرف وقتی جذبہ ہو اگر تم خود کو تھوڑی سپیس دو گے تو سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا'' رافیعہ نے کہا۔

''نہں مما یہ وقتی جذبہ نہں ہے میں حوریہ سے سچے دل سے محبت کرتا ہو'' حمزہ نے کہا۔

''لیکن حمزہ تمھارے بابا آؤٹ آف کاسٹ شادی کے لیے کبھی نہں ماننے گے وہ تمھاری شادی پریشے سے کروانے کا فیصلہ کر چکے ہے جو کے بدلنا ناممکن ہے'' رافیعہ نے اسے حقیقت سے آگاہ کیا تھا۔

''سوری حمزہ مجھے معاف کر دو میں تمھاری لیے کچھ نہں کر سکی میں ماں ہونے کا فرض نہں ادا کر پائی ی تمھارے لیے کچھ نہں کر سکی'' رافیعہ بیگم نے روتے ہوئے کہا۔

''نہں مما آپ ایسا نہں کہے آپ دنیا کی بیسٹ مما ہے''

حمزہ نے انھیں اپنے ساتھ لگاتے ہوئے کہا۔

''ہاں مما حمزہ ٹھیک کہہ رہا ہے آپ کی کوئی ی غلطی نہں ہے آپ نے ہمیشہ ہماری سائیڈ لی ہے'' میرؤ نے بھی کہا۔

''میں خود بابا سے بات کرتا ہو'' حمزہ نے کہا۔

''ہاں تم بات کر لو شائد بابا تمھاری بات مان لیں'' میرؤ نے اسے امید دلائی ی۔

==================

''عنجلی کو دیکھنے کچھ لوگ رات کو آ رہے ہے عنجلی کو بتا دینا کے ریڈی رہے'' شام گوئی نکا نے کہا۔

''آپ سچ کہہ رہے ہے کیا کون لوگ ہے لڑکا کیا کرتا ہے؟'' منا کشی نے پوچھا۔

''میرے بزنس پارٹنر ہے ناں شرما جی ان کا بیٹا ہے اچھا سینس ایبل لڑکا ہے ہماری عنجلی کو بہت خوش رکھے گا'' شام گوئی نکا نے کہا۔

''یہ تو بہت ہی اچھی بات ہے میں ابھی عنجلی کو بتا کر آتی ہو'' منا کشی خوشی سے کہتے ہوئے کمرے سے چلی گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

عنجلی کمرے میں بیٹھی کوئی ی بک پڑھ رہی تھی وہ خود کو مصروف رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی تا کے ارشد کو یاد ناں کرے۔

''عنجلی بیٹا کیا کر رہی ہو؟'' مناخشی نے کمرے میں آتے ہوئے پوچھا۔

''کچھ خاص نہں ماں آپ بتائے؟'' عنجلی نے کہا۔

''میں تھمیں یہ بتانے آئی ی ہو شام میں تیار رہنا کیونکہ کے کچھ لوگ تھمیں دیکھنے آرہے ہے'' مناخشی نے خوشی سے بتایا جبکے عنجلی کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑا تھا۔

''کون لوگ ہے وہ؟'' عنجلی نے سہمے لہجے میں پوچھا۔

''ارے بیٹا گھبرؤ نہں تھمارے بابا کے دوست ہے اچھے لوگ ہے تم بس شام کو اچھے سے تیار ہو جانا سمجھی گی ناں'' مناخشی نے کہا تو عنجلی نے اثبات سر ہلادیا۔

مناخشی کے جاتے ہی عنجلی کے آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا اس شخص کے نام کا جس کی محبت نے اسے آج اس مقام پر لا کھڑا کر دیا تھا۔

====================

''بھائی ی پاپا سمجھ کیوں نہں رہے میں پریشے سے محبت کرتا ہو'' احسن نے بے بسی سے کہا۔

''احسن غلطی تھماری بھی ہے تھمیں پہلے ہی ھمیں اپنے احساسات کے متعلق بتادینا چاہیے تھا'' منیب نے کہا۔

''اب تو کچھ نہں ہو سکتا میرے بھائی ی'' منیب نے بے بسی سے کہا۔

''بھائی ی کچھ کرئے پلیز پلیز کچھ کرئے اگر پریشے مجھے ناں ملی تو میں کسی سے بھی شادی نہں کرؤں گا'' احسن رو دینے کو تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

====================

ارشد گھر آیا تو بہت تھکا ہوا تھا ہوا تھا جسمانی تھکاوٹ سے زیادہ تو ذہنی تھکاوٹ کا شکار تھا وہ اور اس ذہنی اذیت سے چھٹکارا پانا اسے ناممکن لگ رہا تھا۔

''بھائی ی آپ کب آئے؟'' چاند نے پوچھا۔

''بس ابھی آیا ہو ایک کپ کافی پلا دو پلیز''

''جی میں ابھی لائی ی'' چاند کہہ کر کچن میں کافی بنانے چلی گی۔

ارشد ابھی کافی پی ہی رہا تھا جب حارث اور نصرت بیگم بھی لاؤن میں آگیے۔

''ہاں بھی کیسا رہا آج کا دن؟'' حارث نے پوچھا۔

''اچھا تھا بابا'' ارشد نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے جواب دیا۔

''ارشد ھم نے تھمارے لیے ایک فیصلہ لیا ہے'' نصرت بیگم نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"آپ نے میرے لیے اچھا ہی فیصلہ لے گی"

"برخودار پہلے سن تو لو فیصلہ کیا ہے؟" حارث نے کہا

"بابا مجھے آپ دونوں پے پورا یقین ہے آپ نے کچھ اچھا ہی سوچا ہو گا" ارشد نے یقین سے کہا۔

"بیٹا ھم نے سوچا ہے تمھاری شادی کر دے" نصرت بیگم نے کہا۔

"اوہ واؤ بھائی ی کی شادی ہو گی لیکن کس سے؟" چاند نے پوچھا جبکہ ارشد کی حالت عنجلی سے کچھ مختلف نہں تھی۔

"عنایہ" سے نصرت نے جواب دیا۔

"مما آپ سچ کہہ رہی ہے کیا عنایہ میری بھابھی بنے گی؟" چاند نے خوشی سے پوچھا۔

"ہاں اگر تمھارے بھائی ی کو کوئی ی اعتراض نہں ہوا تو" نصرت نے کہا۔

"کیوں بیٹا تمھارا کیا خیال ہے؟" حارث نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پوچھا۔

"جی بابا جیسے آپ کو گوں کی خوشی مجھے کوئی ی اعتراض نہں ہے" ارشد نے دل پے پتھر رکھتے ہوئے جواب دیا۔

"مما اب تو بھائی ی بھی مان گے آپ جلدی سے ماموں سے بات کرئے ناں" چاند نے بے تابی سے کہا تو نصرت اور حارث مسکرا پڑے۔

"میں فریش ہو کر آتا ہو" ارشد کہہ کر کمرے میں آ گیا ایک آنسو اس کی آنکھ سے ٹوٹ کر گیا تھا اس لڑکی کے نام کا جو اس کے دل میں محبت جگا کر بیچ راستے میں چھوڑ گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

====================

"بابا مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے" اگلے روز خالد اپنے آفس میں بیٹے کام کر رہے تھے جب حمزہ نے آفس میں آتے ہوئے کہا۔

"ہاں بولو "

"بابا میں پریشے سے شادی نہں کرنا چاہتا" حمزہ نے اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے ہوئے کہا۔

"کیوں نہں کر سکتے وجہ؟" خالد نے سخت لہجے میں پوچھا۔

"کیونکہ میں پہلے سٹڈی کمپلیٹ کر کے سیٹل ہونا چاہتا ہو" حمزہ نے جواز پیش کیا۔

"ٹھیک ابھی صرف انگیجمنٹ کرئے گے شادی جب تم کہو گے تب ہی ہو گی" خالد نے دوٹوک الفاظ میں کہا۔

"لیکن بابا میں ابھی کسی سے بھی منسوب نہں ہونا چاہتا" حمزہ نے کہا

"لیکن میں تھمیں منسوب کر چکا ہو حمزہ اور اب اس پر اور بات کرنے کا کوئی ی فائی دہ نہں تم جا سکتے ہوئے" خالد خان نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کہا اور آفس سے نکلتے ہوئے حمزہ کی آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا اس لڑکی کے لیے جسے پانے سے پہلے ہی وہ کھو چکا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آنسو

مجھے دیکھو

کبھی کوئی بھلا ایسے بھی روتا ہے؟

میری طرح کبھی کوئی کہیں بے چین ہوتا ہے.

کسی کو چوٹ یوں لگتی ہے کاری....

بھاری..

بیقراری کی..

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے؟

نہیں تم دیکھ پاؤ گے

مجھے تم چھوڑ جاؤ گے

مجھے یہ صاف دکھتا ہے

کہ تم واپس نہ آؤ گے...

میری نیندیں چرا کر، چین سے، تم

جا کے سو جاؤ

کسی سپنے میں کھو جاؤ

مگر یہ بھول مت جانا

کوئی تم کو بلاتا ہے

تمھاری یاد میں جاگا ہوا، سپنے بناتا ہے

بہت آنسو بہاتا ہے۔

شام کو سب بڑے لاؤنج میں بیٹھے تھے جب طاھرہ بیگم اور وہاب بھی وہاں آ گیے۔

"خالد بھائی جی مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے" وہاب نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''ہاں بولو وہاب کیا ہوا سب خیریت تو ہے ناں؟'' خالد نے پوچھا۔

''وہاب بھائی ی ھم چاہتے ہے سونیا کو آپ ھماری بیٹی بنادے ھم منیب کے لیے سونیا کا ہاتھ مانگنے آئے ہے'' طاہرہ بیگم نے کہا تو پل بھر کے لیے لاؤن میں خاموشی چھا گی۔

''وہاب سونیا پہلے بھی تھماری بیٹی ہے ھمیں بھلے تھمارے فیصلے پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے'' خالد خان نے مسکراتے ہوئے کہا تو سب مسکرا پڑے۔

''تو بس پھر طے ہو گیا ٹھیک ایک مہنے بعد میرؤ اور رابعی کی شادی ہو گی اور ان کی شادی سے ایک ہفتہ پہلے حمزہ اور پریشے سونی اور منیب کی منگنی ہو گی اور منگنی کے بعد حمزہ تو امریکہ واپس چلا جائے گا لیکن پریشے اب مستقیل نیلی حویلی میں ہی رہے گی اور نیلی حویلی کے طور طریقے سیکھے گی'' خالد خان نے حتمی فیصلہ سنایا تھا۔ جس سے سب نے ہی اتفاق کیا اور لاؤنج سے گزرتے ہوئے احسن نے تمام باتیں باخوبی سن لی تھی اور اس کی آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا اس لڑکی کے نام کا جسے وقت اور حالات نے اس سے چھین لیا تھا۔

==================

پریشے اپنے روم میں بیٹھی تھی جب زرینہ اور وہاج اس کے کمرے میں آئے تھے۔

پریشے نے ان کے آنے پر کوئی ی ریسپونس نہں دیا تھا۔

''پریشے بیٹا کیسی ہو؟'' وہاج نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا تھا

کیا حالت ہو گی تھی ان کی بیٹی کی جس بیٹی کو انہوں نے کبھی کانٹا نہں چھبنے دیا تھا حالات نے اسے طوفانوں کی زد میں لا کھڑا کیا تھا۔

''ٹھیک ہو بابا''

''پریشے ایک مہنیے بعد ھم نے تھماری منگنی حمزہ سے طے کردی ہے تھمیں کوئی ی اعتراض تو نہں ہے؟'' زرینہ بیگم نے بے لچک لہجے میں پوچھا تھا۔

''نہں مجھے کوئی ی اعتراض نہں ہے'' پریشے نے بھی سپاٹ لہجے میں جواب دیا۔

''بیٹا ھمیں غلط مت سمجھنا ھم جو کر رہے ہے تھماری بہتری کے لیے کر رہے ہے'' وہاج نے کہا اور پھر کچھ دیر بیٹھنے کے بعد وہ کمرے سے چلے گے اور پریشے کی آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا اس گناہ کے لیے جو اس نے کیا ہی نہں تھا۔

خالد خان اور رافیعہ سونیا کے کمرے میں آئے تھے جو اپنے کمرے میں بیٹھی پیپرز کی تیاری کر رہی تھی.

''مما بابا آپ آئی یے ناں بیٹھے'' سونیا نے بیڈ سے کتابیں سمیٹ ہوئے کہا۔ تو

خالد خان سونیا کے پاس بیٹھ گیے اور رافیعہ بیگم صوفے پر بیٹھ گی۔

''پیپرز کی کیسی تیاری ہے میری بیٹی کی؟'' خالد خان نے پوچھا تھا

''اچھی تیار ہے پاپا ان شاءاللہ

Posted On Kitab Nagri

اس بار بھی اچھے مارکس لے کر آپ کا نام روشن کرؤ گی''

'' ان شاءاللہ'' خالد خان نے سونی کی پیشانی پر بوسہ دیتے ہوئے کہا۔

''سونیا تم میرا مان ہو بیٹا کبھی میرا مان نہں توڑنا'' خالد خان نے اسے خود کے ساتھ لگاتے ہوئے کہا۔

''بابا میں آپ کو دکھ دینے کا سوچ بھی نہں سکتی'' سونیا نے کہا۔

''بیٹا ھم اگر تمھارے لیے کوئی ی فیصلہ لیں گے تو اس میں تمھاری بہتری ہی ہو گی ماں باپ کبھی اپنی اولا کا برا نہں چاہتے'' خالد خان نے وضاحت دی۔

''جی بابا میں جانتی ہو آپ میرے لیے کچھ غلط کر ہی نہں سکتے'' سونیا نے مان سے کہا۔

''بس بیٹا پھر اس حق سے ھم نے آپ کا رشتہ طے کر دیا ہے'' خالد خان نے کہا۔ سونیا کچھ پل کے لیے خاموشی ہو گی تھی۔

''کیا ہوا سونیا؟'' خالد نے پوچھا۔

''بابا آپ نے جو بھی فیصلہ کیا ہے بہتر ہی کیا ہو گا'' سونیا نے اپنے آنسو ضبط کرتے ہوئے کہا ایک پل کے لیے اسے منیب شدت سے یاد آیا تھا لیکن دوسرے ہی پل اس کی بے وفائی ی یاد کرتے ہوئے اس نے خود کو سنبھال لیا تھا۔

''پوچھو گی نہں کیا کے وہ کون ہے جس کو ھم نے تمھارے لیے چنا ہے؟'' رافیعہ بیگم نے کہا۔

''مما میرے بابا کا کوئی ی بھی فیصلہ غلط نہں ہو سکتا بابا نے جس کے ساتھ بھی کیا ہے یقین ہے مجھے وہ ایک اچھا انسان ہو گا'' سونیا نے اعتماد سے کہا۔

''لیکن بیٹا پھر بھی یہ جاننا آپ کا حق ہے کے ھم نے آپ کا رشتہ منیب وہاب خان سے طے کر دیا ہے'' خالد خان نے کہا تو سونیا نے ایک جھٹکے سے سر اٹھایا تھا۔

'' تھمیں کوئی ی اعتراض تو نہں ہے ناں؟'' رافیعہ نے پوچھا تو سونیا نے نفی میں سر ہلا دیا تھا۔

''مجھے میری بیٹی سے یہ ہی امید تھی'' خالد خان نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

''چلو بیٹا اب آپ پڑھو اب ھم چلتے ہے'' خالد خان اور رافیعہ بیگم سونیا کو حیرات کے سمندر میں غرق چھوڑ کر چلے گے۔

''منیب کیسے رشتہ بھیج سکتا ہے؟ وہ تو کسی اور سے پیار کرتا ہے'' سونیا نے سوچا۔

''یقیناً چھوٹی مما اور پاپا نے اسے مجبور کیا ہو گا لیکن میں منیب سے بات کرؤ گی کے وہ اس رشتے سے صاف انکار کر دے اچھا بیٹا بننے کے چکر میں وہ میری زندگی کیوں خراب کر رہا ہے؟'' سونیا نے سوچا۔

====================

''رافیعہ تم کمرے میں چلو میں آتا ہو'' خالد نے سونیا کے کمرے سے نکلنے کے بعد رافیعہ سے کہا اور خود پریشے کے کمرے کی طرف آ گے۔

دروازے پر دستک دی۔

Posted On Kitab Nagri

''آ جائیے'' اندر سے پریشے کی آواز آئی ی تو خالد خان اندر داخل ہوئے ان کی پریشے پر نظر پڑی تو ان کا دل کٹ گیا تھا روئی ی ہوئی ی آنکھیں زرد رنگت اور آنکھوں کے نیچھے حلقے پڑے ہوئے تھے وہ چلتے ہوئے پریشے کے قریب آئے

''پریشے بیٹا کیسی ہو؟'' خالد نے پوچھا۔

''ٹھیک ہو ماموں'' پریشے نے نظر جھکائے ہوئے کہا۔

''پریشے مجھے تم پے پورا یقین ہے میں جانتا ہو میرا خون کبھی غلط کام نہں کر سکتا'' خالد نے کہا تو پریشے نے خالد کی طرف دیکھا اور اس کی آنکھوں میں بے ساختہ آنسو اُمڈ آئے اور وہ خالد خان کے سینے لگی کر پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی تھی۔

''ماموں میرا خدا گواہ ہے میں جتنی مرضی آزاد خیال سہی لیکن اتنا گھٹیا کام کرنے کا سوچ بھی نہں سکتی'' پریشے نے روتے ہوئے ہیچکیوں کے درمیان اٹک اٹک کر کہا تھا۔

''بس میرا بیٹا بس میں جانتا ہو سب کچھ اور میرا تم سے وعدہ ہے میں ان کو ایسی عبرت ناک سزا دو گا کے ان کی نسلیں یاد رکھے گی یہ ایک ماموں کا نہں ایک باپ کا ایک بیٹی سے وعدہ ہے'' خالد خان نے اس کا سر تھپتپاتے ہوئے کہا۔

''پریشے دیکھو بیٹا میں نے تمھارے لیے جو فیصلہ لیا ہے اس میں ہی تمھاری بھلائی ی ہے میرا بیٹا حمزہ دل کا بہت اچھا ہے وہ تھمیں بہت خوش رکھے گا اور اس واقعہ کا تھمیں کبھی طنعہ نہں دے گا۔ یہ ہی سوچ کے میں نے اس کو تمھارے لیے چنا ہے کے جو تمھاری عزت بچانے کے لیے جان کی بازی لگا سکتا ہے وہ تمھاری حفاظت کے لیے کچھ بھی کرئے گا صرف وہی ہے جو تھمں معاشرے میں تمھارا اصلی مقام دلا سکتا ہے۔

پریشے آج سے میں تمھارا سرپرست ہو تھمیں جو بھی مسلہ ہو وہ تم نے مجھ سے شئیر کرنا ہے تم واپس لاہور نہں جاؤ گی اب مستقیل حویلی میں رہو گی اور میں تمھارا مصطفی آباد کی یونیورسٹی میں ہی ایڈمیشن کروا دو گا تھمیں کبھی کوئی ی تکلیف نہں ہو گی۔ یہاں آج سے تم بس میری بیٹی ہو میری پریشے ہو میں چاہتا ہو بیٹا تم پڑھائی ی کے ساتھ ساتھ گھریلو کام بھی سیکھو جو ہر لڑکی کی اصل پہچان ہوتے ہے۔ سٹڈی کمپلیٹ کرنے کے بعد بے شک تم جاب کرؤ تھمیں کوئی ی اعتراض نہں ہے۔ لیکن بیٹا گھریلو کام بھی آنے چاہیے اس لیے تم پڑھائی ی کے ساتھ ساتھ باقی کام بھی سیکھو باقی جیسا تھمیں ٹھیک لگے بیٹا کوئی ی زور زبردستی نہں ہے'' خالد نے کہا۔

''ماموں تھینکیو سو مچ آپ نہں جانتے آپ نے میرے دل سے کتنا بڑا بوجھ اتار دیا ہے میری پاک دامنی کا یقین کر کے آپ جیسا چاہتے ہے میں ویسا ہی کرؤں گی کبھی آپ کو کسی طرح کی شکایت کا موقع نہں دو گی میرا وعدہ ہے آپ سے تھینکیو سو مچ میرا اعتبار کرنے کے لیے کاش آپ ہی میرے سگے باپ ہوتے'' پریشے نے کہا۔

''میں اب بھی تمھارا بابا ہو اور تم میری بیٹی تم بھی آج سے سونیا کی طرح مجھے بابا ہی کہو گی کیونکہ تم آج سے صرف اور صرف بیٹی ہو''

''تھینکیو سو مچ خالد بابا'' پریشے نے خالد خان کے سینے سے لگتے ہوئے کہا۔

''چلو شاباش اب جلدی سے اٹھو اور منہ ہاتھ دھو کر فریش ہو جاؤ اور پھر ھم باپ بیٹی باہر آئس کریم کھانے چلے گے'' خالد نے کہا۔

''جی بس میں ابھی فریش ہو کر آئی ی'' پریشے نے کہا اور فریش ہونے چلی گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

=====================

پریشے اور خالد خان نیچھے آئے تو سب لاؤ ن میں ہی موجود تھے سب کی نظر پریشے اور خالد پر پڑی

''خالد آپ کہیں جا رہے ہے کیا؟''رافیعہ نے پوچھا۔

''جی لیکن اس سے پہلے میں آپ سب سے کچھ کہنا چاہتا ہو آج سے پریشے سونیا اور ثانیہ تینوں صرف میری بیٹیاں ہے اور ان کے متعلق فیصلے کرنے کے سارے اختیار صرف مجھے ہے اس لیے میری بیٹیوں کے بارے میں کوئی ی بات ہو تو وہ ڈائی ریکٹ مجھ سے کرے ئے اور پریشے کو اب اس رات کا طنعہ کوئی ی نہں دے گا اور ناں ہی کوئی ی اس حادثے کا ذکر کرے ئے گا پریشے بھی اتنی ہے معتبر ہے جتنی کے سونیا اور ثانیہ ہے میں اپنی دو بیٹوں کے رشتے تو طے کر چکا اور جلدی ہی اپنی تیسری بیٹی ثانیہ کے لیے بھی بہترین رشتے کا انتخاب کر کے اس کو بھی منسوب کر دو گا وہاب تھمیں کوئی ی اعتراض تو نہں میرے فیصلے سے''خالد نے ثانیہ کے باپ وہاب خان کو مخاطب کیا تھا۔

''بھائی ی صاحب جب وہ بیٹی ہی آپ کی ہے تو پھر میں کون ہوتا ہو اعتراض کرنے والا آپ جہاں چاہے اس کا رشتہ کر دے''وہاب نے سعادت مندی سے کہا۔

''گڈ سونیا ثانیہ جاؤ جلدی سے تیار ہو کر آؤ آج ھم باہر آئی س کریم کھانے چلے گے''خالد خان نے کہا۔

''جی بابا''دونوں نے مشترکہ کہا تھا۔

''میں بھی چلو کیا ساتھ ؟''رافیعہ بیگم نے کہا۔

''جی نہں بیگم آج صرف میں اپنی بیٹیوں کے ساتھ جاؤ گا''خالد خان نے کہا تو سب مسکرا پڑے ئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

=====================

عنجلی نے لائی ٹ پنک کلر کا سوٹ پہننا تھا لائی ٹ سا میک اپ کیا تھا لیکن وہ بہت نروس لگ رہی تھی۔

''عنجلی بیٹا مہمان آ گے ہے تم چاہے لے کر آ جانا''مناخشی بیگم نے کہا۔

''مما میں ان کو پسند تو آ جاؤ گی ناں ؟''عنجلی نے پوچھا۔

''ہاں بیٹا کیوں نہں آؤ گی پسند میری بیٹی ہے ہی اتنی پیاری وہ انکار کر ہی نہں سکتے''مناخشی نے کہا اور کچن سے چلی گی۔

==============

حارث صاحب عنایہ اور ارشد کی بات پکی کر کے لوٹے تھے اور چاند بے صبری سے ان کی آمد کی منتظر تھی۔

''کیا ہوا عنایہ اور بھائی ی کا رشتہ ہو گیا ناں ؟''حارث اور نصرت بیگم کے گھر لوٹتے ہی چاند نے تابی سے پوچھا تھا۔

''ہاں بھی ہو گیا بلکے سنڈے کو منگنی رکھی ہے''نصرت بیگم نے کہا۔

''واقعی مما آپ سچ کہہ رہی ہے پھر تو بہت مزہ آئے گا بھائی ی کی منگنی ہے میں تو خوب شاپنگ کرؤ گی''چاند نے ایکسائی ٹمنٹ سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

==================

عنجلی چائے لے کر آئی ی

''مسز شرمایہ ھماری بیٹی ہے عنجلی''مناخشی نے تعارف کروایا۔

''آپ کی بیٹی تو واقعی بہت خوبصورت ہے''سندس نے اسے اپنے پاس بیٹھاتے ہوئے کہا اور اس سے باتیں کرنے لگی

''بیٹا جاؤ ویر کو ھمارا گھر دیکھا کر لاؤ''مناخشی نے کچھ دیر بعد کہا تو عنجلی اور ویر کو ساتھ لیے گھر دیکھانے چلی گی۔

''تو مس عنجلی کیا کرتی ہے آپ؟''ویر نے گھر دیکھتے ہوئے پوچھا۔

''جی پہلے جاب کرتی تھی پر آجکل گھر پر ہی ہوتی ہو''عنجلی نے جواب دیا۔

''گڈ اور کیا کیا شوق ہے آپ کے ویر جان پہچان بڑھانے کی خاطر بولا تھا''

==================

آج کی رات سب بے بہت بھاری تھی حمزہ اپنے کمرے میں بیٹھا ہوا تھا اس نے اپنا سر دونوں ہاتھوں میں تھام رکھا تھا اس نے خواب میں بھی نہں سوچا تھا کے وہ اتنا بے بس ہو جائے گا کے وہ اپنا پیار حاصل نہں کر سکے گا۔

-==================

احسن اپنے بستر پر لیٹا ہوا تھا لیکن نینداس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ جب محبوب بچھڑ جائے تو پھر نیند کہاں آتی ہے ابھی تو اس نے جانا ہی تھا پیار کو اور اس کی دل کی دنیا بسنے سے پہلے اجڑ گی۔

==================

منیب احسن کے لیے اداس بھی تھا لیکن سونیا کے ملنے جانے کی خوشی بھی تھی آخر کار سونیا اس سے منسوب ہونے جا رہی تھی۔

==================

سونیا بے چینی سے اپنے کمرے میں ٹہل رہی تھی وہ ہر گز ایسے شخص سے شادی نہں کرنا چاہتی تھی جس کے دل میں پہلے سے ہی کوئی ی اور موجود ہو اس نے منیب سے اس بارے میں بات کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

==================

عنجلی ان لوگوں کو بہت پسند آئی ی تھی اور عنجلی کے گھر والوں کو بھی ویر بہت پسند آیا تھا اور وہ لوگ جلدی ہی منگنی کرنا چاہتے تھے۔ کیوں کے پھر ویر کو دو سال کے لیے بزنس کے سلسلے میں باہر جانا تھا اور واپس آتے ہی ویر اور عنجلی کی شادی ہو جانی تھی۔

==================

Posted On Kitab Nagri

عنایہ جیسی اچھی لڑکی کا ساتھ پا کر بھی ارشد کر بھی کچھ خاص خوشی محسوس نہں ہو رہی تھی اور دل جس کے ساتھ کا طلب گار تھا وہ تو کب کا اپنا راستہ بدل چکی تھی۔

اسے تعلق ختم کیے کتنے دن گزرتے جا رہے تھے لیکن کہیں بھی ایسی کوئی بات میری نظروں سے نہیں گزری جس سے لگے کہ اسے ایک پل بھی میری یاد آئی ہو گی۔ وہ عورت ہے تو کیا وہ بھول سکتی ہے اتنی جلدی ساری باتیں؟

کیا کسی لمحہ کے ہزارویں حصے میں میری جھلک نظر نہیں آئی ہو گی؟

کیا کوئی انسان اتنا بے حس ہو سکتا ہے جس سے روز بات ہو اسے بھول جائے؟

کیا نئے لوگوں کے آنے سے پرانے لوگ پیچھے چھوٹ جاتے ہیں؟

اس کی بے رخی مجھے یہ بات سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ میں کیا ہوں اسکی نظر میں، میں کیا تھا اسکی نظر میں؟

جو مجھے کہتی تھی تم خاص ہو، کیا خاص لوگ میری طرح ہوتے ہے جنھیں لوگ اک وقت کے بعد بھول جاتے ہیں یا یہ کہوں کہ بے زار ہو جاتے ہیں؟

مجھے افسوس ہے ہر اس شخص پہ جو کسی کے وقت سے کھیلتا ہے اور آگے بڑھ جاتا ہے یہ دیکھے بغیر کہ پیچھے رہ

جانے والا کس اذیت سے گزرتا ہے!!

ارشد نے دل میں سوچا

سانسیں باقی ہیں تو مولا مجھے ہمت دے دے

میرے بھٹکے ہوئے ایام ہیں مہلت دے دے

میری اس راہ پہ گزری ہے جو مجنوں کی طرح

اب کہ سلجھے ہوئے بچے کی سی صحبت دے دے

میرے اجداد نے تاریخ جہاں پر لکھی

رہتی دنیا میں وہاں مجھ کو بھی شہرت دے دے

Posted On Kitab Nagri

مثلِ بدروح ترا عشق ہے قابض مجھ پر

یار تو چھوڑ دے مجھ کو یا اجازت دے دے

اے محبت کہ تُو رکھتی ہے کرشماتی طرز

آخری سانسیں گرفتار کو راحت دے دے

====================

''بابا مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے''ارشد نے حارث کے پاس بیٹھے ہوئے کہا۔

''ہاں بولو بیٹا خیریت؟''حارث نے فکر مندی سے کہا اور پھر ارشد نے نقش سے متعلق سب کچھ بتا دیا تھا حارث تو پریشان ہو گے تھے آخر بیٹی کا معاملہ تھا پریشان ہونا تو بنتا تھا۔

''بابا آپ فکر نہں کرے اب وہ لڑکا چاند کو تنگ نہں کرتا اور اگر اب کرے گا بھی تو ہم کوئی ی عملی قدم اٹھائے گے''ارشد نے کہا۔

''چلو ٹھیک ہے اللہ نگہبان ہے میری بیٹی کا لیکن اختیاط لازم ہے بیٹا''

حارث نے کہا۔

''جی بابا میں نے حوریہ کو بھی کہا ہے کے وہ محتاط رہے اور اگر وہ لڑکا ایسا ویسا کچھ بھی کرنے کی کوشش کرے تو سب سے پہلے ھمیں بتائے''ارشد نے کہا

۔

''اچھا کیا اور تم خود بھی محتاط رہنا''حارث صاحب نے تقید کی۔

''جی بابا ٹھیک ہے''ارشد نے کہا اور واپس کمرے میں آگیا۔

=====================

''میرؤ میں یہ منگنی نہں کر سکتا چاہے کچھ بھی ہو جائے''ازمیر اور حمزہ کمرے میں موجود تھے جب حمزہ نے کہا۔

''تو اور تم کیا کرؤ گے''ازمیر نے کہا۔

''کچھ بھی کرؤ گا لیکن یہ منگنی قطعی نہں کروں گا''حمزہ نے مضبوط لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''ٹھیک ہے نہں کرؤ لیکن پھر تم اتنا یاد رکھنا حمزہ خان تمھارا مجھ سے اور اس حویلی سے کوئی ی رشتہ نہں رہے گا'' خالد خان نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔''تو حمزہ اور میر و فوراً کھڑے ہو گے یاد رکھنا حمزہ تمھارا کوئی ی بھی غلط قدم تھمیں ھم سے ھمیشہ کے لیے دور کر دے گا اگر تم نے پریشے کو زمانے کے سامنے رسوا کیا تو ھم تمھاری کبھی شکل نہں دیکھے

''اگر تم پریشے سے کوئی ی رشتہ نہں بنانا چاہتے تو پھر ھم سے بھی تمھارا کوئی ی رشتہ نہں رہے گا'' خالد خان نے سخت لہجے میں کہا اور کمرے سے نکلے گے۔

جب کے حمزہ دونوں ہاتھوں میں اپنا سر تھام کر بیٹھ گیا اور از میر کو تو سمجھ ہی نہں آ رہا تھا وہ کس کا ساتھ دے۔

==================

منیب اپنے کمرے میں تھا جب دروازے پر دستک ہوئی ی

''آ جائے'' منیب نے لیپ ٹاپ پر اسائی منٹ بناتے ہوئے جواب دیا۔

سونیا دروازہ کھول کر اندر آئی ی تو منیب نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا جو بلیک شیفون کا بلیک سوٹ پہنے بالوں کی پونی بنائے سادگی میں بھی بہت پیاری لگ رہی تھی۔ منیب اسے پہلی بار بلیک کلر میں دیکھ رہا تھا اور اس کی گوری رنگت پر یچ بھی بہت رہا تھا یہ رنگ وہ نظر جھکائے کھڑی ہاتھوں کو مسل رہی تھی جس سے صاف پتہ چل رہا تھا وہ نروس ہے۔

''کچھ کہنا ہے کیا سونیا؟'' منیب نے لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے نرمی سے پوچھا۔

''میں یہ کہنا چاہتی ہو کے آپ اس شادی سے منع کر دے'' سونیا نے نظریں جھکائے ہوئے جواب دیا۔

منیب بیڈ سے اٹھا اور اس کے مقابل آ کھڑا ہوا۔

''کیا کہا تم نے اب دوبارہ کہنا'' منیب نے کہتے ہوئے ایک قدم اور بڑھایا تو سونیا نے اپنے قدم پیچھنے کو بڑھانے لگی یہاں تک کے وہ دیوار سے جہاں لگی اور منیب نے اس کے دونوں طرف دیوار پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کی فرار کی راہیں مسدس کی تھی۔

''میں نے پوچھا کیا کہا تم نے منییب اب کے دھاڑا تھا'' پہلے والی نرمی کا اب کہیں شائیبہ تک ناں تھا۔

''میں آپ سے شادی نہں کرنی چاہتی'' سونیا نے اٹکاتے ہوئے جواب دیا وہ بہت ڈر گی تھی منیب کے لہجے سے۔

منیب نے تھوڑی سے اس کا چہرہ اوپر کیا اس کے لمس میں کہیں بھی نرمی کا عنصر نہں تھا سونیا کو اپنی جان نکتی ہوئی ی محسوس ہوئی ی منیب نے سونیا کی تھوڑی سے اس کا چہرہ اوپر کیا تو سونیا نے منیب کی آنکھوں میں دیکھا جو اس وقت غصے کی وجہ سے لال انگارہ ہو رہی تھی۔

''اب میری آنکھوں میں دیکھ کر بولو جو بھی بولنا ہے'' منیب نے غصہ ضبط کرتے ہوئے کہا۔

''میں آپ سے شادی نہں کرنا چاہتی'' سونیا نے ہمت مجتمع کرتے ہوئے کہہ دیا اگر آج کمزور پڑھ جاتی تو دوبارہ شاید کبھی بول نہں پاتی۔

''آج تو کہہ دیا ہے سونیا دوبارہ مت کہنا ورنہ حلق سے زبان کھینچ لو گا'' منیب کے الفاظ کی سختی سونیا کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ پیدا کر گی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''میں تمھارے ساتھ کسی بھی طرح کی سختی نہں کرنا چاہتا اس لیے دوبارا ایسی بات کرنے سے پہلے سو بار سوچ لینا''

''لیکن میں جب آپ سے شادی ہی نہں کرنا چاہتی تو پھر میں کیوں آپ سے انگیجمنٹ کرؤ اگر آپ منع نہں کریئے گے تو میں خود ابو کو منع کردو گی''

سونیا نے اپنے ڈر پر قابو پاتے ہوئے کہا۔

''منیب نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھ سے زور سے پکڑا تھا اس کے لمس میں اتنی سختی تھی کے سونیا کو اپنے جبڑے ٹوٹتے ہوئے محسوس ہوئے تھے''

''خبردار خبردار تم نے بڑے ابو یا کسی اور کے سامنے یہ بات کی تو ورنہ مجھ سے برا کوئی نہں ہوگا تمھارے لیے'' منیب نے کہا۔

درد کی شدت سے سونیا کے آنکھوں سے آنسو نکلے آئے تھے۔

سونیا کے آنسو دیکھ کر منیب کسی حد تک اپنا غصہ کنڑول کر گیا تھا اور اس نے سونیا کا چہرہ چھوڑتے ہوئے لمبا سانس لے کر خود کو کمپوز کیا تھا وہ سونیا کے اتنا قریب کھڑا تھا کے اس کی سانسوں کی تپس سونیا کو اپنے چہرے پر محسوس ہو رہی تھی۔

''دیکھو سونیا ہمارے گھر والوں نے یہ رشتہ طے کیا ہے اور مجھے کوئی اعتراض نہں ہے اس رشتے پر اور تھمیں بھی نہں ہونا چاہیے''

''میں کوئی روبوٹ نہں ہو جو آپ کے کہنے پر چلو'' سونیا نے روتے ہوئے کہا۔

''ہاں تم روبوٹ نہں ہو تم ایک جیتی جاگتی انسان ہو اور اس سے پہلے کے میں اپنا ضبط کھودو بہتر ہے کے تم ابھی یہاں سے چلی جاؤ اور یہ فضول کی باتیں اپنے دماغ سے نکال دو'' منیب کہتے ہوئے پیچھے ہٹا اور سونیا بھاگتے ہوئے کمرے سے چلی گی۔

منیب نے ٹیبل پر پڑا ہوا کانچ کا گلاس اٹھا کر زور سے دیوار پر مارا تھا۔

==================

سونیا اپنے کمرے میں بیٹھی رو رہی تھی اسے سمجھ نہں آرہا تھا جب منیب اس سے پیار ہی نہں کرتا تھا تو پھر شادی کیوں کر رہا تھا شاید منیب کے لیے عورت ذات ایک کھلونا ہے جس سے دل بھر جائے اسے چھوڑ دیا سونیا نے حقارت سے سوچا۔

==================

حوریہ حارث صاحب کے کمرے میں آئی تھی

''بابا جانی آپ نے بلایا کیا؟'' حوریہ نے کمرے میں آتے ہوئے کہا

''جی میرا بچہ ادھر آؤ میرے پاس'' حارث نے ہاتھ کے اشارے سے اسے اپنے پاس بلایا اور اسے اپنے پاس بیٹھا لیا۔

''پڑھائی کیسی جا رہی ہے؟'' میری بیٹی کی حارث صاحب نے پوچھا۔

''جی بابا بہت اچھی جا رہی ہے'' حوریہ نے جواب دیا۔

''حوریہ مجھے ارشد نے اس لڑکے کے بارے میں سب کچھ بتا دیا ہے بیٹا تھمیں پریشان ہونے کی بالکل بھی ضرورت نہں ہے ھم سب تمھارے ساتھ ہے'' حارث صاحب نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"بابا مجھے سمجھ نہں آرہا کیا یہ کوئی آزمائش ہے یا پھر کوئی امتحان؟" حوریہ نے کہا۔

"پریشان نہں ہو بیٹا جو بھی بات ہو سامنے آ ہی جائے گی آخر کوئی کب تک اپنا اصل چھپا سکتا ہے اور سچ کبھی نہں چھپتا بیٹا جو جیسا ہے ایک نا ایک دن سب کچھ پتہ ہی چل جاتا ہے"

"پر بابا وہ کیسے؟" حوریہ نے پوچھا۔

"بیٹا اللہ جس چاہے عزت دے اور جسے چاہے زلت دے اب میں تھمیں ایک بہت واقعہ سناتا ہو"

*حضرت قطبؒ کا عرصہ ہوش و بے خودی تین دن اور تین راتوں پر محیط تھا *!

اس دوران آپؒ نے ساری نمازیں ادا کیں یہ اس امر کی روشن دلیل ہے کہ دنیا کا کوئی بھی باہوش بزرگ کسی بھی عالم میں نماز ترک نہیں کر سکتا حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ بلاشبہ ان صوفیائے کرام میں سے تھے جو آخری سانس تک فرض و سنت کی تکمیل کے لیئے پوری قوت کے ساتھ جدوجہد کرتے رہے بالا آخر ۱۴ ربیع الاول کو آپؒ ہوش میں آئے اور اپنے ایمان کی گواہی دی_____

"اے اللہ تو علیم و خبیر بھی ہے اور بصیر بھی کے میں نے تیرے سوا کسی کی پرستش نہیں کی تو شاہد ہے کے میں تیرا بندہ حقیر ہوں اور تیرے حبیب رسالتِ مآب

ﷺ کا ادنہ غُلام_____یہی نسبت میرا سرمائیہ آخرت ہے اسی نسبت کے صدقے میں قطب الدینؒ کے گناہوں کو بخش دے کے تیری رحمت عالم پناہ ہے______

یہ کہتے کہتے حضرت قطب دنیا سے رخصت ہو گئے!!!!__

جب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ کی وفات ہوئی تو کہرام مچ گیا!

کسی نے پکار کر کہا !

اے خاکِ دلّی! قطب کا ماتم کر !

کے اب کے تو ایسی اجڑی ہے کے پھر اس شان کا بسانے والا کوئی دوسرا نہیں آئے گا !

بے شک یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ دہلی کی خاک میں بڑے صوفی قلندر اور درویش محو خاک ہیں مگر ان میں کوئی بھی حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے درجے کو نہیں پہنچتا!!!_____

جب آپ کا جنازہ تیار ہوا ایک بڑے میدان میں لایا گیا بے پناہ لوگ نماز جنازہ پڑھنے کے لیے آئے ہوئے تھے___انسانوں کا ایک سمندر تھا جو حد نگاہ تک نظر آتا

تھا!

Posted On Kitab Nagri

جب نماز جنازہ پڑھنے کا وقت آیا ایک آدمی آگے بڑھا اور کہنے لگا کہ میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ کا وکیل ہوں___حضرت نے ایک وصیت کی تھی میں اس مجمعے تک وہ وصیت پہنچانا چاہتا ہوں! مجمعے پر سناٹا چھا گیا وکیل نے پکار کر کہا!

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ نے یہ وصیت کی کہ میرا جنازہ وہ شخص پڑھائے جس کے اندر چار خوبیاں ہوں!____

زندگی میں اس کی تکبیر اولی کبھی قضا نہ ہوئی ہو___

اس کی تہجد کی نماز کبھی قضا نہ ہوئی ہو___

اس نے غیر محرم پر کبھی بھی بری نظر نہ ڈالی ہو____

اتنا عبادت گزار ہو کہ اس نے عصر کی سنتیں بھی کبھی نہ چھوڑی ہوں____

جس شخص میں یہ چار خوبیاں ہوں وہ میرا جنازہ پڑھائے!____

جب یہ بات سنائی گئی تو مجمعے پر ایسا سناٹا چھایا کہ جیسے مجمعے کو سانپ سونگھ گیا ہو! کافی دیر گزر گئی کوئی نہ آگے بڑھا!

آخر کار ایک شخص روتے ہوئے حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ کے جنازے کے قریب آئے___جنازہ سے چادر اٹھائی اور کہا!

حضرت! آپ خود تو فوت ہو گئے مگر میرا راز فاش کر دیا!

اس کے بعد بھرے مجمعے کے سامنے قسم اٹھائی کہ میرے اندر یہ چاروں خوبیاں موجود ہیں یہ شخص وقت کا بادشاہ شمس الدین التمش تھے____

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو بیٹا اللہ تو دلوں کے حالوں سے واقف ہے وہ جو بھی کرے گا بہتر کرے گا وہ کبھی اپنے بندوں کو اکیلا نہیں چھوڑتا بس تم نے ایمان کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا" حارث صاحب نے اسے تسلی دی۔

"تھینکیو بابا آپ کی باتوں سے مجھے بہت سکون ملا ہے"

"بیٹی باپ کو شکریہ نہیں کہتی چھلی چلو آؤ کھانا کھانے چلے تمھاری ماں بلا رہی ہے" حارث صاحب نے کہا اور دونوں ڈائی ننگ روم کی طرف چل پڑے۔

====================

ارشد اور عنایہ کی منگنی کا فنکشن حارث ہاؤس میں ہی رکھا گیا تھا اور صرف گھر کے ہی لوگ اس فنکشن میں شامل تھے۔

لاؤن کو اچھی طرح سجایا گیا تھا چاند نے گرین کلر کا کرتہ کیپری پہنا تھا کندھوں پر ڈوپٹہ پھیلائے سر پر سیٹ کر رکھا تھا اور چہرے پر نقاب لگایا تھا

Posted On Kitab Nagri

ارشد نے بلیو کرتہ پاجامہ پہن رکھا تھا بظاہر تو وہ بہت پیارا الگ رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں بہت ویران تھی

عنایہ نے ٹی پنک کام والی فراک پہنی تھی ڈوپٹہ سلیقے سے سیٹ کیے نک سک سے تیار عنایہ کوئی گڑیا ہی معلوم ہو رہی تھی۔

=====================

”عنجلی میں نے چھت پے کپڑے سوکھنے ڈالے تھے تم ذرا اتار تو

لاؤ“ منا خشی نے کہا۔

”اچھا ماں میں اتار لاتی ہو“ عجلی نے کہا اور چھت سے کپڑے اتارنے آگی جب اس کی نظر سامنے گھر کے لاؤن میں پڑی جہاں انگیجمنٹ کا فنکشن چل رہا تھا۔

=====================

”چلو بھی بچوں ایک دوسرے کو انگوٹھی پہناو“ حارث نے کہا۔

تو نصرت نے ارشد کی طرف انگوٹھی بڑھائی جو اس نے افسردہ دل کے ساتھ پکڑی اور عنایہ کی انگلی میں ڈال دی اور سامنے چھت پر کھڑی عنجلی کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہے تھے۔

پھر عنایہ نے انگوٹھی ارشد کے ہاتھ میں ڈالی تو سب نے تالیاں بجائی اور ایک دوسرے کو مبارک باد دینے لگے جب ارشد نے خود پر کسی کی نظروں کی تپش محسوس کرتے ہوئے نظر اٹھا کر اوپر دیکھا اور وہ بالکل سامنے کھڑی تھی۔اور اسے ہی دیکھ رہی تھی اس کی آنکھوں میں نمی تھی یا صرف ارشد کا وہم تھا لیکن ارشد کو لگا جیسے وہ رو رہی ہو۔

عنجلی بنا پلک جھپکے ارشد کو دیکھ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاعر: جاوید مہدی

ہاتھوں پہ رکھ کر خاک سا اڑا دوں تجھ کو

جی تو کرتا ہے میں بھی بھلا دوں تجھ کو

تو اتنا خوش نہ ہو میرا دل توڑ کر

تیرے ساتھ بھی یہی ہو گا میں بتا دوں تجھ کو

Posted On Kitab Nagri

اک حسرت ہے کہ تو مجھے پھر سے ملے

لیکن اب کی بار میں دغا دوں تجھ کو

پہلے دل دیا اور پھر جاں بھی دے دی

میں اس سے زیادہ اور کیا دوں تجھ کو

تو یقیناً تھک جائے گا وار کرتے کرتے

میرے قاتل ٹھہر، میں آسرا دوں تجھ کو

مجھ سے فلکی ستاروں کی فرمائش نہ کر

وہ مانگ کہ جو میں لا دوں تجھ کو

مجھ میں مسیحائی کا فن نہیں ہے ورنہ

تو پتھر بھی تو پگھلا دوں تجھ کو

بہتر ہو گا تو بھی تحفے موڑ دے واپس

میں بھی سارے خط بھجوا دوں تجھ کو

رات پھر ایک نئی غزل کہی ہے میں نے

ہے دکھی، کہو تو سنا دوں تجھ کو؟

ارشد کے دیکھنے پر عنجلی سامنے سے ہٹ گی اور بھاگتی ہوئی ی اپنے کمرے میں آ گی اور کپڑے بھی وہ سیڑھیاں پر ہی چھوڑ آئی ی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

عنجلی کمرے میں آتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی تھی اسے تو لگا وہ ارشد سے اب نفرت کرنے لگی ہے لیکن پھر اسے اتنی تکلیف کیوں ہو رہی تھی اسے ؟ارشد آج کسی اور کا ہو گیا تھا یہ بات اسے کیوں درد میں مبتلا کر رہی تھی ؟وہ تکیے میں منہ چھپائے پھر سے رونے لگی۔

==========================

نیلی حویلی میں زور و شوروں سے منگنی اور شادی کی تیار کر چل رہی تھی لیکن جن کے لیے یہ سب ہو رہا تھا ان کو تو جیسے کوئی ی دلچسپی ہی نہں تھی۔ وہ تو نا جانے کونسا سوگ منا رہے تھے۔میرؤ حمزہ کی وجہ سے پریشان تھا حمزہ کو حوریہ سے جدائی ی کا غم ستا رہا تھا۔

منیب سونیا کے بدلے رواےی کی وجہ سے پریشان تھا۔سونیا کو محبت میں ملی بے وفائی ی کا دکھ تھا۔احسن کو محبت لوٹ جانے کا دکھ تھا۔پریشے کو دوستی میں ملی بے اعتباری کا دکھ تھا۔

ہر کوئی ی اپنے ہی دکھ میں مگن تھا۔ایک دوسرے کو سمجھانے کے لیے کسی کے پاس کوئی ی الفاظ نہں تھے۔

رافیعہ بیگم کو حمزہ کے لیے دکھ تھا ان سے حمزہ کا دکھ نہں دیکھا جا رہا تھا تو طاہرہ بیگم کو احسن کا دکھ کھائے جا رہا تھا نیلی حویلوں میں اتنی تیاریوں کے باوجود بھی سناٹا چھایا ہوا تھا ہر کوئی ی ایک دوسرے سے منہ چھپائے پھر رہا تھا کے کہیں ان کی آنکھوں سے ان کے درد ناں عیاں ہو جائے

بالا آخر حمزہ اور پریشے کی انگیجمنٹ کا دن تھا۔آج پریشے اور حمزہ کی منیب اور سونیا کی انگیجمنٹ کا دن تھا۔اور وہ چاروں ہی اپنے اندر ایک جنگ لڑ رہے تھے خاص طور پر حمزہ وہ کسی طور پر یہ منگنی نہں کرنا چاہتا تھا۔لیکن خالد خان کے فیصلے نے اس کے پیروں کو بیڑیاں ڈال دی تھی۔وہ اپنا پیار بچانے کے لیے باقی رشتوں کو نہں چھوڑ سکتا تھا لیکن مشکل یہ تھی کے اس کا دل اپنے پیار سے بھی دستبردار ہونے کو تیار نہں تھا۔

نیلی حویلی کو دولہن کی طرح سجایا گیا تھا۔سجاوٹ میں پنک پھولوں کے ساتھ ساتھ لائی ٹنگ کا استعمال کیا گیا تھا۔خالد خان آج بہت خوش تھے آخر حمزہ ان کے کہنے پر رشتہ کے لیے مان گیا تھا۔

پریشے اپنے کمرے میں بیٹھی نا جانے کن سوچوں میں گم تھی جب ثانیہ اس کا ڈریس لے کر کمرے میں آئی ی تھی۔

پری بھابھی یہ لے بڑی امی نے آپ کا انگیجمنٹ ڈریس اور باقی سب چیزیں بیجھی ہے آپ جلدی سے تیار ہو جاؤ میں بھی بس تیار ہونے جا رہی ہو"ثانیہ نے کہا اور جب پریشے نے اس پکارا تھا۔

"ثانیہ"

"جی پریشے آپی"ثانیہ نے مڑ کر پریشے کو دیکھا۔

"ثانیہ کیا تم کچھ دیر میرے پاس بیٹھ سکتی ہو مجھے بہت گھبراہٹ ہو رہی ہے"پریشے نے کہا۔

"کیا ہوا پریشے آپی آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے ناں؟"ثانیہ نے پوچھا۔

"ہاں ٹھیک ہوں میں"

"ثانیہ تم سے ایک بات پوچھو تو تم بتاؤ گی کیا؟"

Posted On Kitab Nagri

''ہاں ناں پوچھے پری بھابی''

ثانیہ کہا۔

''ثانی کیا حمزہ اس منگنی سے خوشی ہے یا اس کے ساتھ بھی زبردستی کی جارہی ہے پلیز سچ بتانا؟'' پریشے نے التجا کی۔

''ظاہر بات ہے پریشے بھابھی بھائی ی خوش ہے تو آپ سے منگنی کر رہے ہے ناں''

''شاید آپ حمزہ بھائی ی کو جانتی نہں ان کی مرضی کے خلاف ان سے کوئی ی کام نہں کروایا جاسکتا چاہے کچھ بھی ہو جائے اور اگر بھائی ی آپ سے منگنی کر رہے ہے تو اس کا صاف مطلب ہے کے وہ اس منگنی سے خوش اب آپ بھی بے فکر ہو جائے اور جلدی سے تیار ہو جائے مجھے ابھی سونی کو بھی اس کا ڈریس دینے جانا ہے'' ثانیہ نے کہا تو سونیا بھی ہلکا سا مسکرا پڑی اور ثانیہ بھی کمرے سے چلی گی۔

====================

''بھابھی دیکھ رہی ہے ان بچوں کی لاپرواہی آج منگنی ہے لیکن کسی کو کوئی ی ہوش نہں ہے کے اپنے اپنے ڈریس ہی لے لیں بیچاری ثانیہ ہی سب کی چیزیں ان کے کمروں میں پہنچا رہی ہے پتہ نہں ان بچوں کو کیا ہو گیا اپنی انگیجمنٹ کے لیے ایک بار بھی وہ شاپنگ پر نہں گے سب چیزیں آپ میں اور ثانی ہی لے کر آئے اور جن کی انگیجمنٹ ان کو تو جیسے کوئی ی دلچسپی ہی نہں ہے؟'' طاہرہ بیگم رافیعہ کے سامنے گلہ کر رہی تھی۔

''لگتا ہے طاہرہ ہماری بچوں کی خوشیاں کو کسی کی نظر لگ گی ہے ہمارے ہنستے کھیلتے بچے کیسے مرجھا کر رہے گے ہے'' رافیعہ بیگم نے افسردگی سے کہا۔

''مما میں پریشے آپی کو ان کا ڈریس دے آئی ی ہو'' ثانیہ نے لاؤن میں آتے ہوئے کہا۔

''بیٹا یہ ڈریس بس سونیا کے کمرے میں دے دو اور پھر جا کر تم بھی ریڈی ہو جاؤ'' طاہرہ بیگم نے شاپنگ بیگ ثانیہ کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔

''اوکے مما اب اور آپ بھی بڑی مما جا کر جلدی سے تیار ہو جائے تھوڑی دیر ہیں مہمان بھی آنا شروع ہو جائے گے'' ثانیہ نے کہا اور سونیا کے کمرے کی طرف بڑھی۔

ثانیہ سونیا کے کمرے کی طرف جارہی تھی جب منیب نے اسے پکارا تھا۔

''جی بھائی ی'' ثانیہ نے پلٹ کر اسے دیکھا

''کہاں جارہی ہو'' منیب نے پوچھا۔

''وہ بھائی ی میں سونیا کا انگیجمنٹ ڈریس اور باقی چیزیں اسے دینے جارہی ہو''

''ثانیہ لاؤ میں سونیا کو دے دوگا'' منیب نے بیگ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو ثانیہ نے فورا بیگ پیچھے کیا تھا۔

''ایک سیکنڈ ایک سیکنڈ اگر میں یہ بیگ آپ کو دے دوگی تو بدلے میں مجھے کیا ملے گا؟'' ثانیہ نے کہا۔

''بہت ہی لالچی بلی ہو تم بولو کیا چاہیے تھمیں؟'' منیب نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

''فلحال تو کچھ نہں چاہیے لیکن جب کچھ چاہیے ہو گا تو بتادوگی یہ میرا آپ کی طرف ادھار رہا'' ثانیہ نے سوچتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''اوکے میم بندہ آپ کا تابعدار ہے'' منیب نے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے سر کو خم کیا تو ثانیہ نے مسکراتے ہوئے بیگ منیب کی طرف بڑھایا اور اپنے کمرے کی جانب بڑھی گی۔

==================

سونیا اپنے بیڈ پر گھٹنوں میں سر دیے مسلسل رو رہی تھی کیا عجیب بات تھی ناں وہ اپنی محبت کو پا کر بھی ناخوش تھی۔ کیونکہ اسے لگتا تھا کے منیب کسی اور سے پیار کرتا ہے۔ پیار پانے سے زیادہ اہم اپنے محبوب کے دل میں اپنے لیے پیار دیکھنا ہوتا ہے فرض کرے آپ اپنا پیار پا بھی لے لیکن اس کے دل میں آپ کے لیے کوئی ی جگہ نہں ہے وہ کسی اور سے پیار کرتا ہو تو کیا آپ اس انسان کے ساتھ کبھی خوش رہ پائے گے کبھی بھی نہں اس لیے جب بھی اپنے پیار پانے کی دعا میں مانگے تو اس کے دل میں اپنے لیے محبت اور عزت کی بھی دعا مانگے اس کے تاحیات ساتھ رہنے کی دعا بھی مانگے۔ اگر محبوب مل جائے اور آپ سے پیار بھی کرتا ہو لیکن آپ اس پانے کے بعد بھی کھو دے تو؟

ھم لوگ کیا کہتے ہے کیا دعا منگتے ہے یہ ہی ناں کے یا اللہ مجھے میرا پیار دے دے یا پھر یا اللہ مجھے میرا پیار ملا دے اور ھماری دعا قبولیت کا درجہ پا بھی لے لیکن ذرا سوچیے آپ نے پیار پا بھی لیا لیکن خدانخواستہ کسی حادثے کی وجہ سے آپ اپنا پیار کھو دے۔ تو کیا آپ خدا سے شکایت کر سکتے ہے کے اس نے آپ کو آپ کا پیار نہں دیا؟ نہں ناں آپ کیسے شکوہ کرے گے آپ نے پیار مانگا اس پاک ذات نے دے دیا لیکن تاحیات کا ساتھ تو نہں مانگا تھا ناں صرف پیار مانگا تھا اس لیے آئندہ آپ جب بھی کبھی اپنے پیار کے لیے دعا مانگو ناں تو اپنے پیار کا تاحیات کا ساتھ مانگنا اس کے دل میں اپنے لیے پیار اور عزت کی دعا مانگنا اس کے ساتھ ہمیشہ خوش رہنے کی دعا مانگنا وہ آپ کا سکون بنے اور آپ پنے فیصلے پر کبھی ناں پچھتاؤ اس بات کی دعا مانگنا

منیب کمرے میں داخل ہوا تو سونیا نے سر اٹھا کر منیب کو دیکھا رونے کی وجہ سے اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی منیب فوراً اس کی طرف بڑھا تھا۔

''سونیا کیا ہوا ہے؟'' منیب نے اس کے قریب بیٹھے ہوئے کہا

''کچھ نہں ہوا آپ کیا لینے آئے ہے میرے کمرے میں'' سونیا نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔

''پلیز بتاؤ سونیا کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہو؟'' منیب نے پیار سے پوچھا

''مجھے آپ سے شادی نہں کرنی منیب'' سونیا نے روتے ہوئے کہا۔

''لیکن سونیا مجھ میں کیا خرابی ہے آخر تم کیوں ایسا کر رہی ہو میرے ساتھ؟'' منیب نے بے بسی سے پوچھا لیکن اس کا لہجہ بہت نرم تھا۔

''کیوں کے آپ مجھ سے نہں کیسی اور سے پیار کرتے ہے'' سونیا اس ہچکیوں کے درمیان کہا۔

''واٹ یہ کیا فضول بکواس ہے اور یہ سب کس نے کہا تم سے'' منیب کو تو گویا سکتہ ہی ہو گیا تھا وہ سوچ بھی نہں سکتا تھا کے سونیا اس سے اس وجہ سے دور ہو رہی ہے کیونکہ اسے ایسا لگتا کے منیب کسی اور سے پیار کرتا ہے۔

''بولو سونیا تھمیں کس نے کہا کے میں کس اور سے پیار کرتا ہو؟''

''کسی نے نہں کہا میں نے خود دیکھا ہے آپ کے موبائل پر اس لڑکی کے مسیجز'' سونیا نے کہا۔

''کس لڑکی کے مسیجز؟'' منیب نے حیرت سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

''زیادہ معصوم بننے کی ضرورت نہں ہے آپ جانتے ہے میں کس کی بات کر رہی ہو''سونیا کے رونے میں مزید تیزی آئی ی تھی۔

منیب نے سونیا کو بازوں سے پکڑ کر اپنے سامنے کیا تھا۔

''مجھے نہں پتہ تم کس کی بات کر رہی ہو سونیا؟اور مجھے جاننا بھی نہں ہے یہ فضول باتیں تمھارے ذہن میں کیسے آئی ی لیکن ایک بات میں کلی ئر کر دو میں صرف تم سے اور تم سے پیار کرتا ہو''آخر کار منیب نے اقرار کر ہی دیا تھا۔اور سونیا تو کچھ پل کے لیے خاموشی سے اس کا چہرہ ہی دیکھتی رہی تھی

''آپ سچ کہہ رہے ہے کیا؟''سونیا نے معصومیت سے پوچھا تھا۔

''میں بالکل سچ کہہ رہا ہوں میں صرف تم سے پیار کرتا ہو''منیب نے سونیا کا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھامے ہوئے کہا تھا۔

''آپ میرا دل رکھنے کے لیے تو نہں کہہ رہے ناں؟سونیا نے پوچھا۔

''نہں میری جان تم سچ میں میرے دل میں ہو''اس لیے کہہ رہا ہو۔

''دیکھو سونیا میں بار بار تھمیں اپنے محبت کا یقین نہں دلاؤ گا ناں ہی بار بار اپنی صفائی یاں پیش کرؤ آج تھمیں صاف لفظوں میں بتا رہا ہو منیب خان تم سے بہت محبت کرتا ہے دوبارہ میری محبت پر شک کرنے کی غلطی نہں کرنا''منیب نے اپنی پیشانی سونیا کی پیشانی کے ساتھ ٹھکاتے ہوئے کہا تو سونیا کچھ ہی پل بعد منیب سے دور ہو گی تھی

''آپ جائے اب کوئی ی آجائے گا تو آپ کو یہاں دیکھ کر سوال پوچھے گے کیا آپ کیا کر رہے ہے یہاں؟''سونیا نے اس کی قربت سے گھبراتے ہوئے کہا تو منیب نے دوبارہ سے کھینچ کر اپنے قریب کیا

''منیب کیا کر رہے ہے چھوڑے مجھے پلیز''سونیا نے نظریں چراتے ہوئے کہا۔

''میڈم میں نے تو اپنی دل کی بات آپ کو بتادی لیکن آپ نے ابھی تک اپنے دل کی بات نہں بتائی ی مجھے''منیب نے کہا

''منیب ابھی جائے پلیز مجھے تیار ہونا ہے''

''ٹھیک ہے آج تو جارہا ہے لیکن تمھارا اقرار سننے دوبارہ ضرور آؤ گا''منیب نے اس کا ناک دباتے ہوئے کہا اور کمرے سے چلا گیا تو سونیا کے چہرے پر بھی مسکراہٹ بکھری تھی پہلے والی اداسی کا کہں شائبہ تک ناں تھا۔

==================

نصرت بیگم نماز پڑھ رہی تھی جب حوریہ ان کے کمرے میں آئی ی اور ان کے نماز مکمل ہونے کا انتظار کرنے لگی نصرت نماز سے فارغ ہوئی ی تو چاند کے پاس صوفے پر بیٹھ گی اور چاند نے ان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گی تھی۔

''نماز پڑھی لی میری بیٹی نے؟''نصرت بیگم نے پوچھا۔

''امی ایک بات بتائے صبر اور عبادت کا آپس میں کیا تعلق ہے؟''چاند نے پوچھا تو نصرت بیگم بولی۔

Posted On Kitab Nagri

''وہ عبادت جوانسان کو اجر عظیم دیں کیا اس کی مدت محدود یا مخصوص ہونی چاہیے؟ کیا جب تک انسان کی زندگی ہے، اسے عبادات کا موقعہ نہیں ملنا چاہیے۔ صبر فرض عبادت نہیں ہے، لیکن یہ "قرب عبادت" ہے۔ صبر اختیار کرنے والے کو اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے۔ اللہ اس کا حامی و ناصر ہوتا ہے۔ اللہ نے کہا کہ وہ صابر کے ساتھ ہے۔۔ نماز میں ہم اللہ کے سامنے ہیں، صبر میں اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ وہ ہمت دیتا ہے، حوصلہ بڑھاتا ہے، جب انسان تھکنے لگتا ہے تو اپنی رحمت سے اس کا بوجھ ہلکا کرتا ہے۔ اور یہ صبر کرنے والے ہی ہیں جو کسی صورت گھاٹے میں نہیں رہیں گے۔ حساب کتاب میں ان کا پلڑا ہر طرف سے بھاری رہے گا۔ وہ عزت و تکریم میں ہو، اجر عظیم میں یا پھر جنت کے درجات میں۔

اور بیٹا یہ دنیا ہے ناں دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے"

کیا بھلا قید خانے بھی حسین ہوا کرتے ہیں...؟

قید خانوں میں تو بس مشقتیں ہوا کرتی ہیں، خواہشات پر جبر ہوتا ہے، ہر ہر قدم پر صبر ہوتا ہے، بے بسی ہوتی ہے، من مرضیاں نہیں ہوتیں، ازادی نہیں ہوتی، اسانی نہیں ہوتی، "بس ازادی کی امید ہوتی ہے"،

کہ ایک دن انا ہے جب اذیتوں اور پابندیوں کا یہ دور ختم ہو گا اور ہمیشہ کے لئے فکر و عمل کی ازادی ملے گی، جب دل و روح کے سارے زخم بھر جائیں گے، ساری تھکن راحت میں بدل جائے گی ❤..

وہ دن جب یہ روح اسمان کی بلندیوں میں ازادی سے اڑے گی، اپنے رب کو سلام کرے گی، سبز پرندوں کی صورت میں جنت میں گھومے پھرے گی... ان شاءاللہ ✿

انسان کو بس اس دنیا میں رہتے اپنے رب کو یاد رکھنا چاہیے عبادت کو فرض سمجھ کر اور صبر کا دامن ہاتھ میں تھام کر شکر سے کام لینا چاہیے سمجھی کچھ کے نہں؟'' نصرت بیگم نے پوچھا۔

''جی امی سمجھ گی'' چاند نے مسکرا کر کہا۔

====================

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ:اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جاے۔

"یہ نقش کہاں غائب ہوتا ہے آجکل نظر ہی نہں آتا؟"شام گوئی نکا نے کہا۔

"پتہ نہں سارا سارا دن کیا ڈھونڈتا رہتا اب تو اس کا زیادہ تر وقت لائبریری اور موبائل پے ہی گزرتا ہے؟"منا خشی بیگم نے کہا۔

"آئی تھنک مما بھائی کی ایگزمز ہونے والے ہے اس لیے وہ اپنے نوٹس بنانے میں بزی ہوتے ہوگے"عنجلی نے کہا۔

"شرما جی کا فون آیا تھا وہ اس سنڈے انگیجمنٹ کرنا چاہ رہے ہے"شام گوئی نکا نے کہا تو عنجلی کا نوالہ گلے میں ہی اٹک گیا۔

"اتنی جلدی بھی کیا ہے ڈیڈ؟"اس نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے کہا۔

"میرے خیال میں جب بات طے ہو ہی گی ہے تو پھر دیر کرنے کی بھی کیا ضرورت ہے اگر وہ چاہتے ہے تو ٹھیک ہے اس سنڈے کو ہم سنگھائی کر لیتے ہے"منا خشی نے کہا۔

"ہاں سہی کہہ رہی ہو میں آج ہی انھیں کال کر کے سنگھائی کا کہہ دیتا ہو"شام گوئی نکا نے اپنا کھانا ختم کرتے ہوئے کہا اور عنجلی کو اپنا دل بجھاتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بِکھری پڑی ھے محبّت، میرے وجود میں ❤

ھو سکے تو اُسے، ترتیب دے

وہ جو 'م' ھے، وہ 'میں' ھوں

وہ جو 'ت' ھے، وہ 'تُم' ھو

وہ جو 'ح' سے حائل، دوریاں

وہ اب 'ب' سے ھوتی، برداشت نہیں

تُجھے! عِشق کا واسطہ

میری محبّت نِکھار دے ✨ ❤ !

Posted On Kitab Nagri

====================

''بھائی ی آپ عنایہ کی طرف سے چلے گے کیا حوریہ نے کمرے میں آتے ہوئے پوچھا؟''

''بھائی ی آپ میرے ساتھ ماموں کے گھر چلے گے کیا مجھے عنایہ سے ملنے جانا ہے''حوریہ نے کمرے میں آتے ہوئے کہا

''نہں چاند میرا دل نہں ہے تم پلیز امی کے ساتھ چلی جاؤ''ارشد نے کہا۔

''ارے بھی دنیا کا پہلا انسان دیکھ رہی ہو جس کا منگتر سے ملنے کا دل نہں ہے کہیں آپ کی اور عنایہ کی کوئی ی لڑائی ی تو نہں ہوئی ی ناں؟''حوریہ نے تجسس سے پوچھا۔

''ھم بات ہی نہں کرتے تو لڑائی ی کیسے ہو گی میڈم؟''ارشد نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے کہا۔

''واٹ آپ عنایہ سے بات نہں کرتے کیا؟''حوریہ نے سوالیہ پوچھا۔

''نہں''ارشد نے کہا۔

''پر کیوں''چاند نے پوچھا

''کیوں کے میں شادی سے پہلے لڑکا اور لڑکی کے بات کرنے کے حق میں نہں ہو''ارشد نے کہا۔

''پر بھائی ی وہ تو آپ کی منگتر ہے اب''چاند نے کہا۔

''منگتر ہے محرم تو نہں ناں یہ کہاں لکھا ہے جو آپ کا منگتر بن جائے اس سے بات کرنے کا لائی سن مل جاتا ہے گرل فرینڈ ہو یا فیونسی ہو۔وہ نا محرم ہی ہے اسلام میں کہیں نہں لکھا کے جس سے آپ کی شادی ہونے والی ہو آپ اس سے مل سکتے ہو یا بات کر سکتے ہو۔وہ تب تک آپ کے لیے غیر محرم ہے جب تک کے وہ آپ کا محرم ناں بن جائے۔''

''حوریہ تم نے دیکھا ہو گا اکثر لڑکا لڑکی منگنی کے فوراً بعد کال پر ٹیکسٹ پر بات کرنے شروع ہو جاتے ہے ایک دوسرے کو جاننے کے تجسس میں وہ ساری ساری رات ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہے لیکن درحقیقت وہ اپنی آنے والی زندگی کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہوتے ہے۔یہ انسان کی فطرت ہے حوریہ کے انسان جس چیز کے بارے میں جان لیتا ہے اس میں سے پھر اس کی دلچسپی ختم ہونے لگتی ہے۔جب ایک لڑکا کسی لڑکی کو شادی سے پہلے ہی مکمل طور پر جان لیتا ہے ناں تو مرد کی فطرت ہے وہ جس عورت کے بارے میں جان لے ناں پھر اس کی اس عورت کے متعلق دلچسپی ختم ہو جاتی ہے۔اسے وہ بھی باقی عام عورتوں کی طرح لگنے لگتی ہے پھر کیا نتیجہ ہوتا ہے وہ بے فضول سی کسی بات کو بنیاد بنا کر آپ سے اپنا رشتہ ختم کر دیتا ہے اور کسے ن ئی ے شکار کی تلاش میں نکل پڑتا ہے۔ھم اکثر دیکھتے ہے کچھ لوگ محبت کی منگنی کرتے ہے ان کی محبت کے چرچے جگہ جگہ ہو رہے ہوتے ہے کے وہ ایک دوسرے سے بہت محبت کرتے ہے۔لیکن پھر کچھ ہی عرصے بعد ان کے بریک اپ کی خبر ملتی ہے جانتی ہو ایسا کیوں ہوتا ہے؟''
ارشد نے سوالیہ پوچھا تو چاند نے نفی میں سر ہلایا۔

Posted On Kitab Nagri

ایسا اس لیے ہوتا ہے حور یہ کیونکہ وہ ایک دوسرے کو جان چکے ہوتے ہے۔ایک دوسرے کو ایموشنلی نہں بلکے فزیکلی بھی جان چکے ہوتے ہے۔وہ محبت میں ہر حد پار کر چکے ہوتے ہے۔یہ وہ لوگ ہوتے ہے جن کے نزدیک محبت میں سب کچھ جائی ز ہوتا ہے اور پھر جب وہ ایک دوسرے کو اتنے اچھی طرح جان لیتے ہے تو پھر وہ ایک دوسرے کے لیے ایک کھلی بوتل کی مانند ہوتے ہے جس کی کوئی ی ویلیو نہں ہوتی۔پھر ان کو ایک دوسرے میں کوئی ی دلچسپی نہں رہتی اور پھر کیا ہوتا ہے وہ ایک دوسرے سے دوری کے بہانے تلاش کرتے ہے۔آخر کار ان میں سے کوئی ی ایک دوسرے کو چھوڑ دیتا ہے اور مرد عموماً ایسا کرنے میں پہل کرتے ہے۔میں یہ نہں کہتا کے سارے مرد ایسے ہوتے ہے نہں سارے مرد ایک جیسے نہں ہوتے کچھ مرد بہت مخلص ہوتے ہے وہ ایک بار جس کا ہاتھ تھام لے اسے مرتے دم تک نہں چھورتے ان کے لیے محبت ایک تسبیح کے دانے کی طرح ہوتے جس میں دو کے علاوہ کسی تیسرے کی گنجائی ش نہں ہوتی لیکن ایسے مرد بہت کم ہوتے ہے۔عمومی مرد جب جان لیتے ہے تو چھوڑ دیتے ہے۔پھر عورت جتنا مرضی روئے گڑ گرائے وہ نہں روکتے وہ عورت کو بد کرادری کا سرٹیفکیٹ دے کر

آگے بڑھ جاتے ہے۔اور ھم جیسے لوگ جب ان کے بریک اپ کی نیوز سنتے ہے تو حیران ہوتے ہے کے انھیں کیا ہوا؟ یہ تو ایک دوسرے سے بہت پیار کرتے تھے۔لیکن ھم یہ نہں جانتے کے شاید وہ ایک دوسرے کو مکمل جان چکے تھے۔اس لیے وہ ایک دوسرے کو چھوڑ چکے ہے۔کبھی بھی کسی کے لیے کھلی کتاب ناں بناؤ کے لوگ آپ کو بنا پڑھے ہی پھاڑ دے۔ہمیشہ دوسروں کو لیے ایگ گہرا راز بنو جسے جاننے کے لیے لوگ جان کی بازی لگا دے۔قدر بھی ان کی ہوتی ہے جو اپنی ذات کو ایک راز کی طرح رکھتے ہے۔ہر کوئی ی ان کو جاننے کی کوشش میں ان کے پیچھے بھاگتا ہے اور جو خود کو کھولی کتاب کی طرح سب پر عیاں کر دے لوگ اس کو فضول سمجھ کر چھوڑ دیتے ہے۔ہنستے ہوے کی ہنسی اور روتے ہوئے کے آنسو کی وجہ جاننے کی کوشش تو سب ہی کرتے ہے۔لیکن جیسے ہی ھمیں وہ وجہ معلوم ہو جاتی ہے ھماری دلچسپی ختم ہو جاتی ہے۔پہلی بار تو آپ کسی کے غم کی وجہ جاننے کے لیے اس کے ہمدرد بن جاتے ہو۔لیکن اگر وہ ہی انسان آپ کے سامنے اس بات کو لے کر بار بار روئے گا تو آپ کی دلچسپی کی جگہ چڑچڑاپن لے گا ۔کیونکہ انسان ایک بات کو بار بار سن کر اکتا جاتا ہے۔اسے ہمیشہ کچھ نیا اور منفرد چاہیے ہوتا ہے اور ایک دوسرے کو جان لینے کے بعد آپ کو وہ منفرد لگنے والا انسان بھی عام انسانوں کی طرح لگنے لگتا ہے" بات کے اختتام پر ارشد نے ایک لمبی سانس لی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"زبردست بھائی ی میں نے تو کبھی اس طرح سوچا ہی نہں آپ نے تو میرے سوچنے کا انداز ہی بدل دیا ہے" چاند نے سراہتے ہوئے کہا تو ارشد مسکرا پڑا۔

==================

ازمیر حمزہ کے کمرے میں آیا تھا

"حمزہ تم ابھی تک تیار نہں ہوئے یار سب مہمان آنے شروع ہو گے ہے اور بابا بار بار تمھارا پوچھ رہے ہے" حمزہ کی حالت دیکھ کر میرؤ کا دل دکھا تھا ایسا لگتا تھا جسے وہ پوری رات ایک پل کے لیے بھی نہں سویا تھا اس کی آنکھیں غم کی شدت سے سرخ ہو رہی تھی۔

"اب کوئی ی مرنے کے لیے بھی تیار ہوتا ہے کیا بھلا؟" حمزہ نے کھوئے کھوئے لہجے میں کہا تو میرؤ تڑپ کے اس کے قریب آیا

"حمزہ ایسی باتیں کیوں کر رہا ہے یار؟"

"تو اور کیا کرو میرو کیسے سمجھاؤ اپنے دل کو جو حوریہ کے علاوہ اور اس کے لیے مانتا ہی نہں ہے"

Posted On Kitab Nagri

"تم فکر نہ کرو حمزہ سب ٹھیک ہو جائے گا چلو اٹھو اور تیار ہو جاؤ اس سے پہلے کے بابا تمھیں خود بلانے آجائے" میر و نے اسے زبردستی کپڑے چینج کرنے بھیجا تھا۔

==========================

منیب گرے تھری پیس پہنے بالوں کو جیل کی مدد سے سیٹ کیے کلائی میں ریسٹ واچ پہنے اپنے کوٹ کے بٹن لگا رہا تھا خوشی اس کے چہرے سے جھلک رہی تھی جب احسن اس کے کمرے میں داخل ہوا تھا۔

"ماشاءاللہ میرا بھائی تو بالکل شہزادہ لگ رہا ہے لیکن میری دوست بھی کچھ کم نہیں لگ رہی ہو گی اور اس سے پیاری لڑکی تمھیں اور کہیں ملے گی بھی نہیں" احسن مسلسل بولی جارہا تھا اور منیب بس اسے دیکھی جارہا تھا جو اس کی خوشی میں خوش ہونے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا۔ اس نے وائٹ ڈریس پہن رکھا تھا بالوں کو سیٹ کیے اپنے مخصوص پرفیوم لگائے اور چہرے پر مسکراہٹ سجائے وہ ہر دیکھنے والے انسان کو ایک خوبصورت اور زندگی سے بھرپور نوجوان لگ رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں اس کی آنکھیں اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ پتہ نہیں کیوں اس کی آنکھوں کے کنارے بار بار بھیگ رہے تھے۔ اپنی آنکھوں میں آئی نمی کو اس نے کتنی بار پیچھے دھکیلا تھا وہ ابھی منیب کے سامنے مسلسل ہنس کر باتیں کر رہا تھا۔ جب منیب نے اس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اسے خاموش کروایا

"تم ٹھیک ہو ناں؟" احسن منیب نے فکر مندی سے پوچھا۔

"ہاں میں ٹھیک ہو مجھے کیا ہونا ہے؟" احسن نے ہنستے ہوئے بات ٹالی۔

"کیا تم یہ سب کچھ فیس کر لو گے؟" منیب نے پوچھا۔

"ہاں میں کر لوں گا" احسن نے خود کو مضبوط ظاہر کرتے ہوئے جواب دیا لیکن وہ نہیں جانتا تھا آنے والے لمحات اس کی سوچ سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہو گے۔ اس کے لیے دکھ یہ نہیں ہوتا کے خود کو کمرے میں بند کر لینا روتے رہنا ہر ایک کے سامنے اپنی تکلیف کا رونا رونا اپنے ساتھ ہوئی زیادتی کو زندگی مان کر روتے ہوئے زندگی گزار دینا دکھ تو یہ ہوتا ہے کے اپنے دکھ پر آپ رونے کی بجائے ہنسنا شروع کر دو ہر اس بات پر ہنسو جس پر دنیا آپ سے رونے کی توقع کرتی ہو ہنستے ہنستے سب کچھ سہہ جانا اور زبان سے کچھ ناں کہنا ہی اذیت کی آخری حد ہوتی جہاں انسان اگر بکھرے ناں تو پھر موت کے علاوہ اس کوئی نہیں سمیت سکتا۔

منیب نے آگے بڑھ کر احسن کو گلے لگایا۔

"آئی ایم پراؤڈ آف یو احسن آئی ایم سو پراؤڈ آف یو"

==========================

پریشے آئینے کے سامنے کھڑی تیار ہو رہی تھی پریشے نے سکن کلر کی لونگ فراک پہنی تھی جس پر ریڈ کلر کی ایمبرڈری کی گی تھی اور ساتھ میں ریڈ ہی ڈوپٹہ تھا جو پریشے نے کندھے پر ٹکاتے ہوئے اس کا ایک پلو سر پر سیٹ کیا تھا۔ اس نے بہت زیادہ میک اپ نہیں کیا تھا اس کے حسن کو ان سب چیزوں کی ضرورت نہیں تھی وہ تو سادگی میں بھی بہت پیاری لگتی تھی سر پر ڈوپٹہ اوڑھنے کے باعث اس نے بالوں کو جوڑے میں قید کر رکھا تھا پیروں

Posted On Kitab Nagri

میں ریڈ ہیل پہننے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔جب رابعہ اس کے کمرے میں آئی جس نے پیچ کلر کا کام والا ڈریس پہنا ہوا تھا بالوں کو کھلے چھوڑے نک سک سی تیار رابعہ آج میرو کے ہوش ارانے کا مکمل ارادہ رکھتی تھی۔

"ماشاءاللہ پریشے یو لکنگ سو بیوٹیفل حمزہ بھائی تو آج تمہیں دیکھتے ہی دل تھام لے گے" رابعہ نے اسے چھڑتے ہوئے کہا۔

"ویسی رابعہ بھابھی آپ بھی کچھ کم نہں لگ رہی تو میرؤ بھائی یاں کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟" پریشے نے بھی مسکرا کر کہا تو رابعہ شرما گی۔

======================

سونیا نے سی گرین گھیر دار فراک زیب تن کی تھی جس پر ملٹی ایمبرڈری کی گی تھی جبکہ ڈوپٹہ اس کا بھی ریڈ ہی تھا۔نک سک سی تیار سونیا نے آئی یئے میں اپنا تنقیدی جائی زہ لیا اور منیب کا خیال آتے ہی اس کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گی تھی۔من پسند شخص میں اللہ نے بڑی شفار کھی ہے اس کا صرف خیال ہی آپ کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر دیتا ہے۔

======================

حمزہ نے بلیو ٹو پیس پہنا تھا۔اس کے چہرے پر خوشی کی کوئی رمک نہں تھی ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ صرف ایک روبوٹ ہے۔جو دوسروں کے کہنے پر اپنی زندگی چلا رہا ہے۔ماں باپ کے فیصلے غلط نہں ہوتے لیکن ماں باپ کے کچھ فیصلوں سے اولاد ہنسنا بھول جاتی ہے۔ماں باپ پتہ نہں کیوں اپنی ضد اور انا میں اتنے آگے نکل جاتے ہے کے انھیں اولاد کی خوشی نظر ہی نہں آتی۔کبھی اپنی جھوٹی انا بچانے کے خاطر کبھی اپنی پرانی دشمنی نبھانے کی خاطر ھم کیوں اپنی اولاد کی خوشیاں داؤ پر لگا دیتے ہے؟ مانا کے اولاد ہر جگہ سہی نہں ہوتی وہ بہت سے فیصلے غلط کر جاتی ہے۔لیکن اولاد ہر جگہ غلط ہو یہ بھی تو ضروری نہں ناں اگر آپ کا بچہ آپ سے کہہ رہا ہے کے وہ کسی کو پسند کرتا ہے اس سے شادی کرنا چاہتا ہے تو کیا والدین کا فرض نہں ہے کے وہ ایک بار اس شخص سے ملے اس جانچے کے آخر اس میں ایسی کیا خاص بات ہے کے ان کا بچہ اس کے ساتھ زندگی گزارنے کا خواہش مند ہے؟ کیا پتہ آپ کی اولاد اپنی جگہ سہی ہو وہ شخص جسے وہ پسند کرتا ہے وہ واقعی ہی اس کے معیار کے مطابق ہو اور اگر بالفرض اگر وہ شخص نہں بھی اس قابل ہو تو کم سے کم آپ کے پاس اپنی اولاد کو بتانے کے لیے کوئی مناسب وجہ تو ہو گی کے آپ نے کس بنا پر اس کی پسند کو ریجیکٹ کیا ہے۔لیکن صرف اور صرف خاندان کی عزت اور جھوٹی انا کی خاطر اولاد کو زندگی بھر کے لیے غم کی آگ میں جھونک دینا کہاں کا انصاف ہے۔

ہم خوابوں کے بیوپاری تھے

پر اس میں ہوا نقصان بڑا

کچھ بخت میں ڈھیروں کالک تھی

کچھ اب کے غضب کا کال پڑا

ہم راکھ لیے ہیں جھولی میں

اور سر پہ ہے ساہوکار کھڑا

Posted On Kitab Nagri

یاں بوند نہیں ہے ڈیوے میں

وہ باج بیاج کی بات کرے

ہم بانجھ زمین کو تکتے ہیں

وہ ڈھور اناج کی بات کرے

ہم کچھ دن کی مہلت مانگیں

وہ آج ہی آج کی بات کرے

جب دھرتی صحرا صحرا تھی

ہم دریا دریا روئے تھے

جب ہاتھ کی ریکھائیں چپ تھیں

اور سر سنگیت میں سوئے تھے

تب ہم نے جیون کھیتی میں

کچھ خواب انوکھے بوئے تھے

کچھ خواب سجل مسکانوں کے

کچھ بول کبت دیوانوں کے

کچھ لفظ جنہیں معنی نہ ملے

کچھ گیت شکستہ جانوں کے

کچھ نیر وفا کی شمعوں کے

کچھ پر پاگل پروانوں کے

پر اپنی گھائل آنکھوں سے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

خوش ہو کے لہو چھڑکا یا تھا

ماٹی میں ماس کی کھاد بھری

اور نس نس کو زخمایا تھا

اور بھول گئے پچھلی رت میں

کیا کھویا تھا کیا پایا تھا

ہر بار گگن نے وہم دیا

اب کے برکھا جب آئے گی

ہر بیج سے کونپل پھوٹے گی

اور ہر کونپل پھل لائے گی

سر پر چھایا چھتری ہو گی

اور دھوپ گھٹا بن جائے گی

جب فصل کٹی تو کیا دیکھا

کچھ درد کے ٹوٹے گجرے تھے

کچھ زخمی خواب تھے کانٹوں پر

کچھ خاکستر سے کجرے تھے

اور دور افق کے ساگر میں

کچھ ڈولتے ڈوبتے بجرے تھے

اب پاؤں کھڑاؤں دھول بھری

اور جسم پہ جوگ کا چولا ہے

سب سنگی ساتھی بھید بھرے

Posted On Kitab Nagri

کوئی ماسہ ہے کوئی تولا ہے

اس تاک میں یہ اس گھات میں وہ

ہر اور ٹھگوں کا ٹولا ہے

اب گھاٹ نہ گھر دہلیز نہ در

اب پاس رہا ہے کیا بابا

بس تن کی گٹھری باقی ہے

جا یہ بھی تو لے جا بابا

ہم بستی چھوڑے جاتے ہیں

تو اپنا قرض چکا بابا

==================

ثانیہ نے بلیو کلر کا کرتہ کیپری پہن رکھا تھا جس پر سلور کلر کا کام کیا گیا تھا۔ڈوپٹے کو دونوں بازوں پر رکھا ہوا تھا۔ بالوں کو کھولا چھوڑے وہ نک سک سی تیار ہوئے طاہرہ بیگم کے ساتھ انٹری ڈور پر کھڑی سب مہمانوں کو ویلکم کر رہی تھی۔جب بی جان نے طاہرہ بیگم کی آواز دی۔

''ثانیہ تم ادھر ہی رہنا میں بی جان کی بات کر سن کر آتی ہو'' طاہرہ نے کہا اور بی جان کی طرف بڑھ گی۔

ثانی وہاں کھڑی سب مہمانوں کو ویلکم کر رہی تھی جب سعد کی انٹری ہوئی ی اور انٹری ڈور پر کھڑی ثانیہ کو دیکھ کر اس کا دل بے اختیار ڈھڑ کا تھا۔

انٹری ڈور پر کھڑی ثانیہ کو دیکھ کر اس کا دل بے اختیار ڈھڑ کا تھا۔

''اَلسَلامُ عَلَيْكُم وَرَحْمَةُ اَللهِ وَبَرَكاتُهُ'' سعد نے ثانیہ کے پاس روکتے ہوئے کہا۔

''وَعَلَيْكُم السَّلَام وَرَحْمَةُ اَللهِ وَبَرَكاتُه'' ثانیہ نے جواب دیا۔

''کیسی ہے آپ؟'' سعد نے پوچھا۔

''میں ٹھیک ہو آپ کیسے ہے سعد؟'' ثانیہ نے بھی پوچھا۔

''اب تو پہلے سے بھی زیادہ ٹھیک ہو'' سعد نے ذو معنی جواب دیا۔

''کیا مطلب میں سمجھی نہں؟'' ثانیہ نے کہا۔

''میرا مطلب تھا کے میں بالکل ٹھیک ہو منیب کہاں ہے؟'' سعد نے بات بدلی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''جی منیب بھائی ی اپنے روم میں ہے آپ بھی وہی چلیں جائے''ثانیہ نے کہا۔

''اوکے بٹ مجھے منیب کے روم کا معلوم نہں ہے''سعد نے کہا۔

''چلیں ٹھیک ہے آئے میں آپ کو منیب بھائی ی کے روم میں چھوڑ آتی ہو''ثانیہ نے کہا اور اس کے ساتھ چل پڑی۔

''ویسے مس ثانیہ یو لکنگ سو گورجی ئی س''سعد نے چلتے چلتے اچانک کہا تو ثانیہ جھنپ گی۔

''تھنکیو''ثانیہ نے نظروں کا رخ بدلتے ہوئے جواب دیا اور منیب کے کمرے کے پاس روک گی۔

''یہ منیب بھائی ی کا روم ہے آپ اندار چلے جائے''ثانیہ نے کہا اور خود واپس چلی گی لیکن اسے اپنی پست پر سعد کی نظر محسوس ہو رہی تھی۔ثانیہ کے جانے کے بعد سعد دستک دے کر اندار آیا تو منیب اور احسن نے دروازے کی طرف دیکھا تھا۔

''یہ سہی ہے بھی سب مہمان آچکے ہے مہمان خصوصی ابھی تک اپنے کمرے میں ہی تشریف فرما ہے''سعد نے منیب کے گلے لگتے ہوئے کہا اور پھر احسن سے ملا تھا۔

''تو کب آیا؟''منیب نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

''بس ابھی آیا اور اب بھائی ی صاحب آپ بھی نیچھے آنے کی زحمت کر لے منگنی میری نہں آپ کی ہے اس لیے آپ کی شرکت زیادہ ضروری ہے''سعد نے کہا تو وہ تینوں نیچھے کی طرف چلے گے۔

==========================

رابعی پریشے کی کمرے سے نکل کر کوریڈور سے گزر رہی تھی جب کسی نے اسے بازوں سے کھینچ کر کمرے کا دروازہ بند کر دیا اور اس سے پہلے وہ چلاتی ازمیر نے اس کے منہ پے ہاتھ رکھا دیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''میں ہو رابعی چلانا مت''ازمیر نے منہ سے ہاتھ ہٹائے کہا۔

''یہ کیا حرکت تھی میرو میں ڈر گی تھی کے پتہ نہں کون ہے؟''رابعی نے ناراضگی سے کہا۔

''کسی کی اتنی ہمت نہں ہے کے ازمیر خان کی منگتر کو چھو سکے''میرو نے اس کے چہرے کو نظروں میں بڑھتے ہوئے کہا۔

''اور آپ کی اس حرکت کی وجہ جان سکتی ہو کیا؟''رابعہ نے کہا۔

''تو اور کیا کرتا تھمیں تو میرے خیال ہی نہں ہے کب سے آئی ہو لیکن مجھے سے ملنے کی ایک بار بھی کوشش نہں کی جیسے میں تو کچھ ہو ہی ناں تھمارے لیے''میرو نے ناراضگی سے کہا۔

''ایسی بات نہں ہے آپ جانتے تو ہے سب کے ہوتے ہوئے میں آپ سے کیسے ملنے آسکتی تھی سوری''رابعی نے کان پکڑتے ہوئے کہا۔

''تھماری سزا اب یہ ہی کے تم ایسی ہی میرے سامنے کھڑی رہو بس''میرو نے کہا۔

''نہں میرو مجھے جانے دیں ممانی جان مجھے بلا رہی تھی''رابعی نے التجائی یہ کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

''نہں تم نہں جاؤ گی اور اگر گی تو میں تو ناراض ہو جاؤ گا'' میرؤ نے دھمکی دی تھی۔

''اچھا ٹھیک نہں جاتی بس اب خوش ہے'' رابعی نے کہا۔

''ہاں اب ٹھیک ہے رابعی تم بہت پیاری لگ رہی ہو'' میرؤ نے اس کے چہرے پر آئے بال ہٹاتے ہوئے کہا۔

وہ اس وقت رابعی کے بہت قریب کھڑا تھا اور رابعہ کو اپنی ڈھڑکن تیز ہوتی محسوس ہوئی ی تھی اس کا چہرہ انار کی طرح سرخ ہو رہا تھا۔

''اومائے گاڈ رابعی تم بلش کرتی ہوئی ی کتنی پیاری لگتی ہو'' میرونے مسکراتے ہوئے کہا۔

''ایک منٹ روکو" میرؤ نے کہتے ہوئے جیب میں سے فون نکالا اور اس کی تصویر لی تھی۔

''اچھا اب میں جاؤ پلیز'' رابعہ نے التجائی یہ کہا۔

''اوکے ٹھیک ہے'' میرؤ نے اسے مزید تنگ کرنے کا ارادہ ترک کرتے ہوئے جانے کی اجازت دے دی۔

====================

حمزہ اور منیب سٹیج پر موجود تھے جب سونیا اور پریشے کو سٹیج پر لایا گیا۔ منیب کی نظریں تو مسلسل سونیا پر جمی تھی وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی کے منیب کا دل کیا کے اسے دیکھی جائے منیب کی نظریں خود پر محسوس کرتے ہوئے سونیا نے اپنی نظریں مزید جھکا لے تھی۔

''دیکھ لے دیکھ لے بھائی ی اب تو تیرے پاس دیکھنے کا پرمٹ بھی موجود ہے'' سعد نے اس کے کان میں سرگوشی کی تو منیب نے کھینچ کے بازوں کی کہنی اس کے پیٹ میں ماری تھی۔

''اُفف ظالم لڑکے کیوں اپنی منگنی پے تو میرا قتل کرنا چاہتا ہے'' سعد نے دہائی ی دی جب سعد کے ساتھ کھڑا احسن تو جیسے پریشے پر سے نظریں ہٹانا ہی بھول گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پریشے خوبصورت تو پہلے بھی تھی لیکن آج تو وہ چاند کا ٹکرا الگ رہی تھی لیکن یہ چاند کسی اور کے آنگن کا ہے یہ سوچ کر احسن کے دل کی ڈھرکنیں مدھم پڑ رہی تھی۔

جبکے کے دوسری طرف حمزہ نے ایک بار بھی نظر اٹھا کر پریشے کو نہں دیکھا تھا جب دل میں کوئی ی اور ہو تو پھر نظرؤں کو بھی اس کے علاوہ کسی اور کی طلب نہں رہتی پریشے بہت خوبصورت سہی لیکن حمزہ کی حوریہ کبھی نہں بن سکتی وہ حسن کا دیوانہ تھا بھی کب وہ تو ان الفاظ ان احساسات کا دیوانہ تھا جو حوریہ کے قلم سے کاغذ پر نہں بلکے حمزہ خان کی روح پر اترے تھے اور وہ بنا دیکھے اس لڑکی سے عشق کر بیٹھا جس کی تحریریں حمزہ کی روح حمزہ کے ذہن پر اثر رکھتی تھی۔

پریشے اور سونیا کو منیب اور حمزہ کے برابر میں لا کر بیٹھا یا گیا کیسا عجیب اتفاق تھا ایک پریشے کو پا کر ناخوش تھا تو دوسرا پریشے کو کھو کر ناخوش تھا پانے والا خوش تھا نا گنوانے والا خوش تھا۔

Posted On Kitab Nagri

نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں نہ کسی کے دل کا قرار ہوں

کسی کام میں جو نہ آسکے میں وہ ایک مشت غبار ہوں

نہ دوائے درد جگر ہوں میں نہ کسی کی میٹھی نظر ہوں میں

نہ ادھر ہوں میں نہ ادھر ہوں میں نہ شکیب ہوں نہ قرار ہوں

مرا وقت مجھ سے بچھڑ گیا مرا رنگ روپ بگڑ گیا

جو خزاں سے باغ اجڑ گیا میں اسی کی فصل بہار ہوں

پئے فاتحہ کوئی آئے کیوں کوئی چار پھول چڑھائے کیوں

کوئی آکے شمع جلائے کیوں میں وہ بیکسی کا مزار ہوں

نہ میں لاگ ہوں نہ لگاؤ ہوں نہ سہاگ ہوں نہ سبھاؤ ہوں

جو بگڑ گیا وہ بناؤ ہوں جو نہیں رہا وہ سنگار ہوں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نہیں ہوں نغمۂ جاں فزا مجھے سن کے کوئی کرے گا کیا

میں بڑے بروگ کی ہوں صدا میں بڑے دکھی کی پکار ہوں

نہ میں مضطرؔ ان کا حبیب ہوں نہ میں مضطرؔ ان کا رقیب ہوں

جو بگڑ گیا وہ نصیب ہوں جو اجڑ گیا وہ دیار ہوں

"منگنی کی رسم شروع کریۓ بھابھی" طاہرہ نے کہا تو پہلے منیب اور سونیا کی منگنی کی رسم شروع کی گی سونیا اور منیب نے ایک دوسرے کو انگوٹھی پہنائی ی تو سارا ہال تالیوں سے گونج اٹھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

"تم بہت پیاری لگ رہی ہو" منیب نے سونیا کے کان میں سرگوشی کی تو وہ مسکرا پڑی۔

اور اب حمزہ اور پریشے کی رسم تھی پریشے نے صرف ایک پل کے لیے نظر اٹھا کر دیکھا حمزہ کو دیکھا اس کا دل ایک الگ ہی انداز میں ڈھڑکا تھا اس نے فورا نظریں جھکالی تھی۔

رافعیہ بیگم نے حمزہ کی طرف انگوٹھی بڑھائی تھی اور حمزہ تو جیسے یہاں ناں ہوتے ہوئے بھی یہاں ہی نہں تھا۔حمزہ نے انگوٹھی نہں پکڑی تھی۔جب کافی دیر کھڑے رہنے کے بعد حمزہ نے انگوٹھی نہں تھامی تو سب کے چہروں کی چمک پھیکی پڑی تھی۔ازمیر جو کے حمزہ کے ساتھ کھڑا تھا اس نے حمزہ کے کان میں سرگوشی کی تھی۔

"حمزہ انگوٹھی پہنا و پریشے کو پلیز سب دیکھ رہے ہے"،لیکن حمزہ نے کوئی ردعمل نہں دیا اس کے ذہن میں تو بس ایک ہی نام گونج رہا تھا اور وہ تھا حوریہ جہانگیر۔وہ کیسے حوریہ کی جگہ کسی اور کو دے سکتا تھا

تب ہی پاس کھڑے خالد خان نے اس کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے دباؤ ڈالا اور حمزہ نے ناچاہتے ہوئے بھی انگوٹھی اٹھائی اور پریشے کے ہاتھ میں انگوٹھی ڈال دی ایک پل کے لیے حمزہ خالد کا ہاتھ کانپا تھا لیکن وہ مجبور تھا اپنے باپ کی دی ہوئی قسم کے سامنے حمزہ کے انگوٹھی ڈالتے ہی سب کی روکی ہوئی سانس بحال ہوئی تھی۔اور اب زرینہ بیگم نے پریشے کی طرف انگوٹھی بڑھائی جسے اس نے ہچکچاتے ہوئے حمزہ کے ہاتھ میں ڈال دی اور احسن کے دل میں درد کی ایک شدید لہر اٹھی تھی۔اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھی۔

پریشے کے انگوٹھی پہناتے ہی ایک بار پھر پورا ہال تالیوں سے گونج اٹھا تھا اور سب ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے تھے کسی کا دھیان بھی احسن پر نہں گیا جس کی سانس اکھڑ رہی تھی۔

سعد منیب کو مبارک باد دے کر احسن کی طرف پلٹا تھا۔جب احسن پر نظر پڑتے ہی وہ پریشان ہو گیا جس کا رنگ پیلا پڑ رہا تھا اور اس سے پہلے سعد اس سے کچھ پوچھتا احسن بے ہوش ہو کر دھرم کی آواز سے زمین پر گر گیا اور پورے ہال میں ایک پل کے لیے سناٹا چھا گیا تھا۔سعد منیب اور باقی سب احسن کی طرف بڑھے تھے۔

"احسن میرے بھائی کیا ہوئے تھمیں؟" منیب نے اس کا چہرہ تھپتپایا لیکن اس کی سانس مدھم پڑتی جارہی تھی۔ازمیر نے فورا ڈاکٹر کو کال کی تھی سب کے چہروں پر خوشی کی جگہ پریشانی نے لے لی تھی۔

ڈاکٹر احسن کا چیک اپ کر رہا تھا جب کے باقی سب کمرے سے باہر کھڑے تھے۔

"صبح تک تو احسن ٹھیک تھا منیب پھر اچانک اسے کیا ہو گیا؟" خالد نے منیب سے پوچھا۔

"پتہ نہں بڑے ابو اچانک اسے کیا ہو گیا؟" منیب نے پریشانی سے کہا تب ہی ڈاکٹر باہر آیا ڈاکٹر تھا۔

ڈاکٹر صاحب کیا ہوا میرے بیٹے کو؟" وہاب نے پریشانی سے پوچھا

"ابھی کچھ کہا نہں جا سکتا ایسے لگتا ہے جیسے اسے کوگہرا صدمہ پہنچا ہے جسے وہ برداشت نہں کر پایا اور دوسری بات ان کے دل کی ڈھڑکن بہت مدھم تھی اگر آپ وقت پر مجھے ناں بلاتے تو کچھ بھی ہو سکتا تھا لیکن ابھی فلحال وہ ٹھیک ہے لیکن آپ کو جلد سے جلد انھیں ہسپتال لے کر آنا ہو گا۔تاکے ھم

Posted On Kitab Nagri

ان کے سارے ٹیسٹ کر کے مسئلے کا پتہ لگا سکے۔ابھی انھیں میں نے سکون آور انجکشن دے دیا ہے اب ان کی طبیعت بہتر ہے لیکن آپ انھیں کل لازمی ہسپتال لانا ہو گا" ڈاکٹر کہہ کر چلے گئے جب کے باقی سب تو اس کی کنڈیشن کے بارے میں سن کر ہی پریشان ہو گئے تھے۔

"مجھے لگتا ہے ہمیں مہمانوں سے معذرت کر کے رخصت کر دینا چاہیے" میرؤ نے کہا۔

"نہیں ایسے اچھا نہیں لگتا سب لوگ باہر آؤ اور کھانا کھلا کر جلدی فنکشن ختم کر دیتے ورنہ لوگ اس بات کو پتہ نہیں کیا رنگ دے گے" خالد نے کہا۔

"آپ سب جائے میں احسن کے پاس رو کتی ہو" رافیعہ نے کہا۔

"نہیں بڑی مما میں احسن کے پاس روکوں گا" منیب نے کہا۔

"نہیں منیب تمھارا اس وقت مہمانوں میں ہونا زیادہ ضروری ہے جیسے ہی فنکشن ختم ہو گا تم احسن کے پاس آجانا ابھی سب باہر چلو" خالد نے کہا اور پھر رافیعہ اور طاھرہ بیگم کے علاوہ سب باہر آ گئے۔

احسن کی حالت دیکھ کر طاھرہ بیگم کا دل کٹ گیا تھا وہ احسن کو دیکھ کر مسلسل رو رہی تھی۔

"طاھرہ چپ کرؤ دیکھو تم ایسا کرؤ گی تو احسن کو کون سنبھالے گا" رافیعہ بیگم نے انھیں تسلی دی تھی۔

حمزہ نے پورے فنکشن میں جبراً بھی مسکرانے کی کوشش نہیں کی تھی اور فنکشن ختم ہوتے ہی وہ اپنے کمرے میں آگیا تھا۔

کمرے کی ہر چیز اس نے تہس نہس کر دی تھی لیکن اس کا درد کسی طور پر کم نہیں ہو رہا تھا۔وہ کیسے اپنی حوریہ کی جگہ کسی اور کو دے سکتا اس کے دل میں اگر کوئی لڑکی بستی تھی۔تو وہ صرف حوریہ تھی یہ منگنی اس نے دباؤ میں کی تھی وہ ہاتھ میں آئی ہر چیز اٹھ کر دیوار پر مار رہا تھا لیکن اس کا درد کسی طور پر کم نہیں ہو رہا تھا۔

تبھی ازمیر کمرے میں داخل ہوا تھا۔

"حمزہ یہ کیا کر رہے ہو پلیز سنبھالو خود کو"

"لالہ یہ سب کیسے میرے ساتھ اتنی بڑئی زیادتی کر سکتے ہے۔لالہ میں حوریہ کی جگہ کیسے کسی اور کو دو گا میں مر تو سکتا ہو لیکن حوریہ سے بے وفائی کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ازمیر نے آگے بڑھ کر حمزہ کو گلے لگایا جو اس وقت ضبط کی انتہا پر کھڑا تھا۔ازمیر نے سوچ لیا تھا وہ حوریہ کو ڈھونڈ کر لائے گا چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ اپنے بھائی کو یوں گھٹ گھٹ کے مرتے نہیں دیکھ سکتا آخر کون ہے یہ حوریہ جہانگیر جسے اس کے بھائی نے کبھی دیکھا بھی نہیں لیکن پھر بھی پور پور اس کے عشق میں مبتلا ہے؟۔

=====================

منیب فنکشن کے فوراً بعد احسن کے کمرے میں آیا تھا۔احسن کو ابھی ہوش نہیں آیا تھا منیب اپنے اپنے آپ کو بہت بے بس محسوس کر رہا تھا وہ اپنے بھائی کے لیے کچھ بھی نہیں کر سکتا تھ۔اوہ چپ چاپ احسن کے پاس بیٹھا اسے دیکھ رہا تھا۔

"منیب بیٹا جاؤ تم اپنے کمرے میں تم بھی تھوڑا آرام کر لو تھک گے ہو گے تم بھی" رافیعہ بیگم نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''نہں بڑی مما میں احسن کے پاس روکتا ہو آپ جائے''احسن نے کہا

''نہں بیٹا میں کہہ رہی ہو ناں تم جا کر آرام کر لو میں ادھر ہو''رافیعہ کے اصرار پر منیب چلا گیا۔

اور رافیعہ بیگم احسن کے پاس بیٹھ گی جب پریشے کمرے میں آئی ی ابھی وہ فنکشن والے ڈریس میں ہی تھی اس نے چینج نہں کیا تھا۔

''ممانی آپ کو چھوٹی ممانی کچن میں بلا رہی ہے''پریشے نے کمرے میں آتے ہوئے کہا۔

''اچھا لیکن میں احسن کو اکیلا چھوڑ کر نہں جا سکتی''رافیعہ نے کہا۔

''ممانی آپ جائے میں یہاں روک جاتی ہو''پریشے نے کہا۔

''لیکن پریشے تم بھی تو تھک گی ہو گی ناں؟''رافیعہ بیگم نے کہا۔

''کوئی ی بات نہں ممانی میں ادھر ہی ہو آپ چلی جائی یں چھوٹی ممانی کے پاس''پریشے نے کہا تو رافیعہ بیگم چلی گی۔۔

رافیعہ بیگم چلی گی تو پریشے احسن کے قریب ہی بیڈ پر بیٹھ گی اور احسن کو دیکھنے لگی۔ جس کا رنگ پیلا زرد ہوا پڑا تھا۔ جیسے صدیوں کا بیمار ہو پریشے کو وہ دن یاد آیا جس دن احسن اسے پورا گاؤں گھمانے لے کر گیا تھا۔ کتنا خوش تھا وہ اس دن ایک ہنستا بستا اور زندگی سے بھرپور نوجوان تھا۔ جس کے لبوں سے مسکراہٹ جدا ہی نہں ہو رہی تھی۔ ایک احسن ہی تو تھا جو اسے کمپنی دیتا تھا اور اس کو گھمانے لے جاتا تھا

انفیکٹ احسن سے تو اس کی تھوڑی بہت دوستی بھی ہو گی تھی لیکن پھر پریشے کے ساتھ وہ حادثہ ہو گیا اور اس کے لیے زندگی کے معنی ہی بدل گے تھے پریشے احسن کو دیکھتے ہوئے اپنی ہی سوچوں میں گم تھی جب احسن نے آنکھیں کھولی تو پریشے اس کے قریب ہوئی ی۔

''احسن تم ٹھیک ہو کیا اب؟''پریشے نے اس پر جھکتے ہوئے پوچھا اور احسن پریشے کو خود پر جھکا دیکھ کر کچھ بول ہی نہں پایا اور اٹھ کر بیٹھنے کی کوشش کی تو پریشے نے اٹھ کر بیٹھنے میں اس کی مدد کی تو وہ تکیہ سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا تھا۔

''احسن تم ٹھیک ہو ناں؟''پریشے نے فکرمندی سے پوچھا اور اس کے پاس ہی بیٹھ گی۔

''ہاں میں ٹھیک ہو''احسن نے مسکرانے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے جواب دیا جب کے اس کے آنکھوں کے کنارے بھیگ چکے تھے۔

''احسن تھمیں ایسے اچانک کیا ہو گیا تھا؟''

''ڈاکٹر کا کہنا ہے کے تم نے کسی چیز کی بہت ٹینشن لی ہے''''بتاؤ کس چیز کی ٹینشن لی ہے تم نے؟''

''تم کسی اور کی ہونے جا رہی ہو اس بات کی''احسن نے آہستہ آواز میں کہا۔

''واٹ؟''پریشے نے حیرت سے کہا۔

''میرا مطلب ہے کے اب تم کزن سے بھابھی بن گی اب اتنا بڑا صدمہ میرے جیسے کمزور دل کا بندہ کیسے برداشت کر سکتا ہے''احسن نے نقاہٹ سے مسکراتے ہوئے بات مذاق میں ڈال دی تھی۔ لیکن بولا اس نے سچ ہی تھا۔

Posted On Kitab Nagri

پریشے بھی مسکرا پڑی۔

"احسن تم بھی ناں کبھی نہں سدھر سکتے"

"پریشے بہت پیاری لگ رہی ہو" احسن نے کمزور آواز میں کہا۔

"تھنکیو" پریشے نے تشکرانہ لہجے میں کہا۔

"اور منگنی بہت بہت مبارک ہو" احسن نے کس دل سے یہ الفاظ ادا کیے تھے یہ وہ ہی جانتا تھا لیکن رسمیں دنیا تھی نبھانی بھی تو تھی۔

"تھینکس" پریشے نے جواب دیا تبھی رافیعہ اور گھر کے باقی لوگ کمرے میں داخل ہوئے تھے۔

"احسن میرے بچے تمھیں ہوش آگیا؟" طاہرہ بیگم نے آگے بڑھتے ہوئے اسے سینے لگایا اور پھر سب اس کے ارد گرد جمع ہو کر اس کا حال احوال پوچھنے لگا یا۔

==============

سونیا ابھی احسن کے کمرے سے آئی تھی اور چینج کرنے سے پہلے آئینے کے سامنے کھڑی اپنے سجے ہوئے روپ پر ایک نظر ڈالی تو منیب کی گی تعریف یاد آنے پر مسکرا پڑی جب دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی تھی۔

"اس وقت کون ہو سکتا ہے؟" سونیا نے سوچتے ہوئے دروازہ کھولا تو منیب فوراً کمرے میں آیا اور دروازہ لوک کر دیا تھا۔

"منیب اس وقت میرے کمرے میں کیا کر رہے ہے؟" سونیا نے حیرت سے پوچھا۔

"ظاہر بات ہے میری جان تم سے ملنے آیا ہو" منیب نے بیڈ پر بیٹھے ہوئے سکون سے جواب دیا۔

"منیب آپ پاگل ہو گے ہے کیا اگر آپ کو کوئی دیکھ لیتا تو؟" سونیا نے اس کے پاس آتے ہوئے کہا۔

"کسی نے نہں دیکھا تم ادھر آو میرے پاس بیٹھو" منیب نے اسے اپنے سامنے چیئر پر بیٹھایا اور اسے محویت سے دیکھنے لگا تو سونیا نے شرماتے ہوئے نظریں جھکالی منیب نے ہاتھ بڑھتے ہوئے اس کا چہرہ اوپر کیا تو سونیا نے اس کی طرف دیکھا۔

"سونیا تم بہت خوبصورت ہو" منیب نے کہتے ہوئے اس کی ناک کے ساتھ اپنی ناک مس کی تو سونیا کے پورے جسم میں سنسناہٹ ڈور گی تھی وہ منیب سے دور ہوئی۔

"اب آپ کو جانا چاہیے منیب اس سے پہلے کے کوئی آجائے" سونیا نے نظریں جھکائے ہوئے کہا۔

"منیب سمجھ گیا تھا کے وہ کنفیوز ہو رہی ہے وہ اٹھا اور اس کے قریب ہوا تھا "

"سونی میں تم سے بہت بہت پیار کرتا ہو" منیب نے سونی کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے کہا۔

"کیا تم مجھ سے پیار کرتی ہو سونی؟" منیب نے پوچھا تو سونیا نے اثبات میں سر ہلادیا تو منیب کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''آئی لو یو'' منیب نے سونی کے کان میں سرگوشی کی تو اس کے ہونٹ سونی کی کان کی لو سے مس ہوئے تھے اور سونی خود میں مزید سمٹ گی تب منیب نے اپنی پاکٹ میں سے ایک ڈبی نکالی جس میں بہت ہی خوبصورت بریسلٹ تھا۔ منیب نے ہاتھ بڑھا کر سونی کا ہاتھ تھاما اور اس کی کلائی ی میں پہنا دیا تھا۔

''تمھارے ہاتھ اتنے ٹھنڈے کیوں ہو رہے ہے؟'' منیب نے مسکراہٹ دباتے ہوئے پوچھا۔ لیکن سونی نے کوئی ی جواب نہں دیا تھا۔

''کچھ تو بولو یار یوں چپ کیوں ہو؟'' منیب اس کے مزید قریب ہوا تھا۔

''منیب اب آپ جائے پلیز'' سونیا نے التجائی یہ کہا۔

''اچھا بابا چلا جاتا ہو لیکن تھمیں ایک پرومس کرنا ہو گا مجھ سے'' منیب نے کہا۔

''وہ کیا؟''

''کے صبح تم مجھے جگانے آو گی'' منیب نے کہا۔

''لیکن منیب میں کیسے آو گی؟'' سونی نے پریشانی سے کہا۔

''مجھے کچھ نہں سننا یا تو تم آو گی یا پھر میں تم سے کبھی بات نہں کرو گا'' منیب نے کہا۔

''اچھا میں کوشش کرو گی'' سونیا نے کہا۔

گڈ گرل میں احسن کے کمرے میں سوگا اب میں چلتا ہو گڈ نائٹ'' منیب نے کہتے ہوئے ہلکے سے اس کی ناک دبائی ی اور کمرے سے چلا گیا تو اس کے جاتے ہی سونیا نے جلدی سے دروازہ لوک کیا کے منیب کا کوئی ی بھروسہ نہں دوبارہ آن ٹپکے۔

سونیا آکر بیڈ پر بیٹھ گی اور اپنی کلائی ی میں پہنا بریسلٹ دیکھنے لگی جب کمرے میں میسج ٹون کی آواز گونجی سونیا نے نظریں گھما کر دیکھا تو منیب کا فون بیڈ پڑا تھا

''اففف منیب اپنا فون تو یہ ہی بھول گے'' سونیا نے کہتے ہوئے فون اٹھایا اور میسج اوپن کیا لیکن سکرین پر نام اور میسج دیکھ کر اس کے چہرے سے مسکراہٹ غائب ہوئی ی تھی۔ کیونکہ سکرین پے جان نام لکھا جگمگا رہا تھا اور نیچھے لکھا تھا۔

''گڈ نائٹ جان آئی لو یو'' میسج پڑھتے ہوئے سونیا کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکلے تھے۔ وہ جس نے صبح منیب کی باتوں پر آنکھیں بند کر کے بھروسہ کر لیا تھا کے شائد ہو سکتا ہے اسے کوئی ی غلط فہمی ہوئی ی ہو لیکن اب یہ میسج دیکھ کر اس کا شک یقین میں بدل گیا تھا اور اس کو اپنے پر شدید غصہ آرہا تھا کے وہ منیب کے ہاتھوں دوبارہ بے قوف بن گی۔

====================

Posted On Kitab Nagri

سعد نے منیب کو مسیج سینڈ کیا اور سونے کے لیے لیٹ گیا وہ جان بوجھ کر منیب کو تنگ کرنے کے لیے ایسے مسیج کیا کرتا تھا وہ جانتا تھا منیب چڑ جاتا ہے ایسے مسیج دیکھ کر لیکن سعد بھی کہاں باز آنے والا تھا پھر اس کے ذہن میں ثانیہ کا نقش ابھرا تھا اور اس کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی تھی اور اس نے موبائل سامنے کرتے ہوئے ثانیہ کی پک دیکھنے لگا جو آج اس نے چھپکے سے لے لی تھی وہ پسند کرنے لگا تھا ثانیہ کو یا پھر شاید محبت کرنے لگا تھا۔

==================

احسن لیٹا ہوا تھا آج منیب بھی اس کے کمرے میں روکا تھا تا کے احسن کا دھیان بٹا سکے۔

''کیا ہوا احسن نیند نہں آ رہی کیا؟'' منیب نے پوچھا۔

''بھائی آج پریشے کتنی پیاری لگ رہی تھی ناں بالکل پری لگ رہی تھی میری پری لگ رہی تھی'' احسن نے منیب کے سوال کے جواب میں کہا۔

''احسن تم کوشش کرؤں جتنی جلدی بھول جاؤ گے پریشے کو اتنا ہی اچھا ہو گا تمھارے لیے'' منیب نے اس کے بازوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

''کیا بھولنا اتنا آسان ہوتا ہے بھائی؟ نہں ناں بھولنا کبھی بھی آسان نہں ہوتا ہے۔ سچ تو یہ ہے ھم کبھی بھی کچھ نہں بھولتے لیکن وقت کے ساتھ ساتھ ھمارے درد کی شدت میں کمی آ جاتی ہے اور پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کے وہ زخم ھمیں تکلیف دینا بند کر دیتے ہے اور ھمیں لگتا ہے کے شائد ھم وہ باتیں بھول گے ہے۔ جبکہ کے حقیقت میں بھائی ھم ان تکلیفوں اور زخموں کے ساتھ جینا سیکھ چکے ہوتے ہے۔ ھم ان تکلیفوں اور دکھوں کے اتنے عادی ہو چکے ہوتے ہے کے پھر اگر انھیں یاد ناں کرئے تو ھمیں تکلیف ہوتی ہے۔ وہ زخم ناسور بن چکے ہوتے ہے کے اگر وہ درد ناں کرئے تو ھمیں تکلیف ہوتی ہے۔ نشہ ہر چیز کا ہوتا ہے بھائی چاہے پھر وہ ڈرگ ہو انسان ہو درد ہو یا اور کچھ ہو ایک بار جس چیز کی ھمیں عادت پڑ جائے تو پھر ھم اس کے عادی ہو جاتے ہے۔ میری کتاب میں ایک انگلش نظم تھی اس نظم کا نام تھا ون آرٹ تھ

اس نظم کی شاعرہ کہتی تھی ھمیں روز کچھ ناں کچھ کھو دینے کا ہنر سیکھنا چاہیے ھمیں شروعات چھوٹی اور غیر اہم چیزیں کھونے سے شروعات کرنی چاہیے اور جب ھم چھوٹی چیزیں کھونے کی عادت ہو جائے گی ناں تو پھر ھمیں بڑی اور اہم چیزیں کھونے کا دکھ بھی نہں ہوتا اور ایک دن ایسا آتا ہے کے ھم دروازے کی چابی گمائے یا پھر پوری سلطنت لیکن ھمیں ان چیزوں کے گم ہونے پر دکھ نہں ہوتا۔ چیزیں کو کھونا اور ان کے کھونے پر اداس ناں ہونا ایک آرٹ ہے یہ آرٹ سیکھنا ہر انسان کے لیے بہت ضروری ہے اور مجھے لگتا ہے بھائی وہ شاعرہ بالکل ٹھیک کہتی تھی ھمیں کچھ ناں کچھ کھونے کی عادت اپنا لینی چاہیے اور دیکھو وہ شاعرہ کہتی تھی کے ھمیں ون آرٹ کے لیے چھوٹی چیزوں سے شروعات کرنی چاہیے لیکن دیکھو منیب میں نے تو یہ آرٹ سیکھنے کے لیے شروعات ہی بڑی چیزوں سے کی ہے میں نے تو اسے کھویا ہے بھائی جو میری زندگی تھی'' احسن کہتے ہوئے رو پڑا تھا۔

''شائد میں نے ابھی چیزیں کھونے کا ہنر پوری طرح نہں سیکھا بھائی اس لیے مجھے اتنی تکلیف ہو رہی ہے'' احسن نے روتے ہوئے کہا تو منیب نے آگے بڑھ کر اس گلے لگا یا لیکن اسے چپ نہں کروایا بلکے رونے دیا وہ چاہتا تھا کے وہ جی بھر کر رو لے ایک بار ہی رو لے تا کے اس کا کچھ تو درد ہلکا ہو۔

==================

حمزہ اپنے کمرے میں لیٹا آج کے دن کے بارے میں سوچ رہا تھا اور پھر کچھ سوچتے ہوئے اس نے ایف بی آن کی تھی جب سے وہ پاکستان آیا تھا یہاں کے معاملوں میں اتنا الجھا تھا کے ایک بار بھی اس نے ایف بی آن نہں کی تھی حوریہ کا ریپلائی دیکھ کر اس کی ڈھڑکن مدھم پڑی تھی آخر وہ اب کس منہ سے حوریہ کے سامنے اپنی محبت کا اعتراف کرتا اس نے چیٹ بند کی اور گروپ میں آ گیا حوریہ نے اپنے ناول کی آخری ایپسوڈ پوسٹ کی ہوئی تھی حمزہ

Posted On Kitab Nagri

کو کتنی خواہش تھی ناں کے کبھی وہ اور حوریہ ایک ہی وقت میں آنلائن آئے تا کے وہ حوریہ کو اپنے دل کی بات بتا سکے لیکن آج وہ اور حوریہ ایک ہی وقت میں آنلائن تھے لیکن اب حوریہ سے بات کرنے کے لیے ناں تو حمزہ کے پاس کوئی وجہ تھی اور ناں ہی ہمت حوریہ کا حق آج وہ کسی اور کو دے آیا تھا وہ انگوٹھی جس پر حوریہ کا نام تھا وہ آج پریشے کی انگلی میں ڈال آیا تھا اس نے آئی ڈی آف کر دی دوبارہ کبھی نہں آن کرنے کے لیے شائد اس کی محبت کا یہ ہی انجام تھا یہ سوچتے ہوئے حمزہ کی آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا۔

======================

منیب کی آنکھ کھلی تو اس نے گھڑی پر وقت دیکھا جو کے سات بجا رہی تھی۔

"سونی مجھے اٹھانے نہں آئی میں نے رات کو کہا بھی تھا سہی ہے اب میں بھی اس سونی کی بچی سے بات نہں کرؤں گا" منیب نے ناراضگی سے سوچا تبھی ہی ثانیہ کمرے میں آئی تھی۔

"بھائی اچھا ہوا آپ اٹھ گے جلدی سے فریش ہو کر نیچے آجائے سونی کو کالج چھوڑنے جانا ہے اس کا آج بہت امپورٹنٹ ٹیسٹ ہے" ثانیہ نے کہا ۔

"اوکے میں پندرہ منٹ تک آتا ہو" منیب نے کہا اور فریش ہونے چلا گیا۔

منیب نیچے آیا تو سونیا ڈائی ننگ ٹیبل پر بیٹھی ناشتہ کر رہی تھی اس نے ایک بار بھی نظر اٹھا کر منیب کو نہں دیکھا تھا

"آؤ منیب تم بھی ناشتہ کرلو" رافیعہ نے کہا تو وہ بھی بیٹھ کر ناشتہ کرنے لگا سونیا نے ناشتہ کیا اور بیگ اٹھا کر باہر کی جانب بڑھ گی تو منیب کو اس کا موڈ کچھ ٹھیک نہں لگا وہ بھی ناشتہ ختم کرتے ہوئے گاڑی کی طرف بڑھا

ڈرائی یونگ سیٹ سنبھالتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کی۔

"کیا ہوا تمھارا موڈ آف کیوں ہے؟" منیب نے ڈرائی یونگ کرتے ہوئے پوچھا۔

"میں آپ سے کوئی بات نہں کرنا چاہتی" سونیا نے بے رخی سے جواب دیا۔

"یہ سہی ہے ناراض مجھے ہونا چاہیے اور ناراض تم ہو رہی ہو" منیب نے کہا۔

"کیا ہوا ہے سونیا بتاؤ ناں" منیب نے نرمی سے پوچھا

"کچھ نہں ہوا" سونیا نے کہا۔

"دیکھو یار میں تھمیں اس طرح اداس نہں دیکھ سکتا کوئی مسلہ ہے تو بتاؤ مجھے پلیز" منیب نے کہا۔

"تھکتے نہں ہے آپ یہ پیار کا ڈرامہ کرتے کرتے" سونیا نے بدتمیزی سے کہا۔

"کیا مطلب؟" منیب نے اپنا غصے پر کنٹرول کرتے ہوئے ہوچھا

Posted On Kitab Nagri

''مطلب یہ کے کتنی لڑکیوں سے آپ اتنی محبت بھری باتیں کر کے انھیں دھوکا دیتے ہے کم سے کم کسی ایک کے ساتھ تو سیریس رہتے''سونیا نے حقارت سے کہا۔

''کیا ثبوت ہے تمھارے پاس کے میرا کس اور سے بھی چکر ہے؟''منیب نے ضبط سے پوچھا۔

''یہ دیکھو''سونیا نے کہتے ساتھ منیب کے سامنے موبائی ل کیا جہاں رات والا مسیج جگمگا رہا تھا منیب نے دیکھا کے سکرین پر سعد کا مسیج تھا۔

''یہ تو س''

اس سے پہلے میب اپنی بات مکمل کرتا سونیا بھول پڑی تھی

''بس منیب مجھے مزید کوئی ی جھوٹ نہں سننا مزید کوئی ی جھوٹی کہانی نہں سننی جان چکی ہو میں تمھں بھی اور تمھاری محبت کو بھی تم بھی عام مردوں کی ہی طرح کم ظرف اور کمزور کردار کے نکلے منیب خان جس کے لیے لڑکیاں صرف ایک کھلونے کے علاوہ کچھ نہں ہے اور میں ایسے کم ظرف مرد سے کبھی شادی نہں کرؤ گی۔ میں ایسے مرد کے ساتھ زندگی گزرنے کا تصور بھی نہں کر سکتی یہ میرے لیے کسی سزا سے کم نہں ہو گا''منیب نے کوئی ی جواب نہں دیا تھا۔ بس ضبط سے اس کی ساری باتیں سنتا رہا اور اسے کالج چھوڑنے کے بعد زن سے گاڑی بھگا کر لے گیا تھا

سونیا کی باتیں منیب کی دل پر تیر کی طرح لگی تھی لیکن اس نے سونیا کو کوئی ی جواب نہں دیا تھا۔ اسے دکھ اس بات کا نہں تھا کے اس کے یقین دلانے کے باوجود سونیا نے اس پر شک کیا تھا۔ اس دکھ اس بات کا تھا کے سونیا نے اسے بدکردار کہا تھا اور اب اگر ایسا ہے تو ایسا ہی سہی بات اس کی انا کی آگی تھی اور اس نے سوچ لیا تھا سونیا اسے جیسا سمجھتی ہے وہ اسے ویسا بن کر دیکھائے گا۔ وہ اب سونیا کو سبق سکھا کر ہی رہے گا۔ اس نے گاڑی نیلی حویلی کے سامنے روکی اور خود طاھرہ بیگم کے کمرے میں آ گیا تھا۔

طاھرہ بیگم اور وھاب خان کمرے میں ہی موجود تھے۔

''امی ابو مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے''منیب نے کمرے میں آتے ہوئے کہا۔

''ہاں بولو بیٹا کیا بات؟''وہاب نے پوچھا۔

''بابا میں چاہتا ہو کے آپ خالد تایا سے بات کرئے کے میرؤ اور رابعی کے ساتھ میری اور سونیا کی بھی شادی کر دے میں بھی میرؤ بھائی ی کے ساتھ ہی شادی کرنا چاہتا ہو''

منیب نے دوٹوک الفاظ میں اپنے بات ان کے سامنے رکھی تھی۔

''منیب تم سچ کہہ رہے ہو کیا؟ میں تو پہلے ہی چاہتی کے میرؤ کے ساتھ ہی تمھاری شادی بھی کر دے لیکن تب تم نے ہی کہا تھا کے تم پہلے اپنی پڑھائی ی مکمل کرنا چاہتے ہو''طاھرہ بیگم نے کہا۔

''ہاں لیکن مما اب میرا پلین چینج ہو گیا ہے آپ سہی کہتی ہے مجھے شادی کر لینی چاہیے پڑھائی تو شادی کے بعد بھی ہوتی رہے گی''منیب نے کہا۔

''لیکن مجھے نہں لگتا کے خالد بھائی ی اتنی جلدی مانے گے ابھی سونیا کی تو پڑھائی بھی مکمل نہں ہوئی ی''وہاب نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''پلیز بابا آپ خالد تایا کو منا لیجیے گا میں انکار نہں سننا چاہتا'' منیب نے التجائی یہ کہا۔

''ٹھیک ہے بیٹا تم فکر نہں کرؤ ھم خالد کو منا لے گے'' وہاب نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔

''منیب تم احسن سے بات کو وہ ہسپتال جانے کے لیے نہں مان رہا'' طاھرہ بیگم نے کہا۔

''اچھا مما آپ فکر نہں کرۓ میں بات کرتا ہو اس سے آپ بس تایا سے بات کرۓ'' منیب نے کہا اور کمرے سے چلے گیا۔

======================

منیب احسن کے کمرے میں آیا تو احسن لیٹا چھت کو گھور رہا تھا۔

''احسن تم کیا یہ بیماروں کی طرح لیٹے ہو دیکھ کل سے بہت کر والی تم نے خدمت ھم سب سے اب جلدی سے اٹھ اور فریش ہو جا بھی تمھارے بھائی کی شادی ہے تو کام نہں کرۓ گا تو کون کرے گا؟'' منیب نے ہلکے پھلکے اندا میں کہا تھا۔

''کیا مطلب؟'' احسن نے نا سمجھی سے پوچھا۔

''مطلب کے اب صرف میرؤ کی شادی نہں میری بھی شادی ہو گی'' منیب نے مسکراتے ہوۓ کہا۔

''کیا تم سچ کہہ رہے ہو؟'' احسن اٹھ کر بیٹھ گیا۔

''ہاں ابھی مما بابا سے اس بارے میں بات کر کے آیا ہو انھوں نے کہا کے وہ ہر حال میں خالد تایا کو منا لے گے'' منیب نے اسے پوری بات بتائی ی۔

''واو بھائی ی کیا بات ہے ایسا کیا جادو کر دیا ہے سونی نے تم پر کے تم نے پڑھائی ی کمپلیٹ ہونے کا بھی انتظار نہں کیا؟'' احسن نے اسے چھڑا تھا۔

''ہاں جادو تو واقعی اس نے کر دیا اور یہ جادو اب کیا کیا کارنامے سرانجام دے گا یہ سونیا خالد خان دیکھتی ہی رہ جاۓ گی'' منیب نے کہا۔

www.kitabnagri.com

''کیا مطلب؟'' احسن نے نا سمجھی سے پوچھا۔

''تم مطلب چھوڑو اور اٹھ کر تیار ہو جاؤ ھمیں کہیں جانا ہے'' منیب نے کہا۔

''کہاں جانا ہے؟'' احسن نے پوچھا۔

''تم تیار تو ہو جاؤ پھر بتاتا ہو میں بھی تب تک اپنے کمرے سے اپنا واٰئی لٹ لے آؤ'' منیب نے کہا اور کمرے سے چلا گیا احسن بھی اٹھا اور فریش ہونے چلا گیا۔

===================

وھاب نے سب بڑؤں کو بی جان کے کمرے میں بلایا تھا یہ کہہ کر انھیں کوئی ی ضروری بات کرنی ہے اب رافیعہ طاھرہ زرینہ وہاب اور خالد خان سب ہی بی جان کے کمرے میں موجود تھے۔

''بولو وہاب تم نے کیا ایسی بات کرنی تھی کے تم نے ھم سب کو یہاں بلایا ہے؟'' خالد نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''بھائی ی صاحب دراصل مجھے آپ سے ضروری بات کرنی ہے''

وہاب نے کہا۔

''ہاں بولو کیا بات ہے ؟ ''

''دراصل بھائی ی صاحب ھم چاہتے ہے کے میرؤ کی شادی کے ساتھ ہی ھم منیب اور سونیا کی بھی شادی کر دے'' طاھرہ بیگم نے کہا۔

''لیکن طاھرہ بھابھی اتنی جلدی کیا ہے ؟'' خالد نے کہا۔

''جلدی تو کوئی ی نہں ہے بھائی ی صاحب بس ھم بھی جاتے ہے کے منیب کے فرض سے سبکدوش ہو جائے تا کے وہ بھی اپنی زندگی میں مگن ہو جائے '' طاھرہ نے کہا۔

''لیکن طاھرہ ابھی سونیا پڑھ رہی ہے'' رافیعہ بیگم نے کہا۔

''ہاں تو بھابھی سونیا نے کونسے کسی دوسرے گھر جانا ہے وہ شادی کے بعد بھی اپنی پڑھائی ی جاری رکھ سکتی ہے آخر ھمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے ؟'' طاھرہ بیگم نے کہا۔

''مجھے تو طاھرہ بھابھی کی بات بالکل ٹھیک لگ رہی ہے آخر ھماری سونیا نے رہنا تو اس گھر میں ہے ناں آپ سب کے بیچ پھر رافیعہ بھابھی آپ کیوں پریشان ہو رہی ہے ؟'' زرینہ نے کہا۔

''سہی اگر تم سب یہ ہی چاہتے ہو تو پھر ھمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے ؟'' خالد خان نے کہا تو سب کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تھی۔

''خالد میں سوچ رہی ہو جب منیب اور میرؤ کی شادی کر رہے ہے تو پھر کیوں نا لگے ہاتھ حمزہ اور پریشے کی شادی بھی کر دے'' زرینہ نے کہا۔

''بات تو زرینہ کی بھی ٹھیک ہے'' بی جان نے کہا۔

''بی جان میں پہلے حمزہ سے بات کرؤ گا پھر کوئی ی فیصلہ لو گا اگر وہ راضی ہوا تو ٹھیک ہے ان کی شادی کر دے گے حمزہ کے امریکہ جانے سے پہلے لیکن اگر ابھی وہ شادی کے لیے نہں مانا تو پھر اس کے پڑھائی ی مکمل کرنے کے بعد ہی حمزہ کی شادی ہو گی پریشے کے ساتھ'' خالد نے کہا تو باقی سب خاموش ہو گے۔

==================

احسن ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا تیار ہو رہا تھا جب پریشے نوک کر کے کمرے میں آئی ی

''احسن ممانی نے تمھارے لیے سوپ بیجھا ہے'' پری نے سوپ ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا۔

''تم کب سے یہ کین کے کام کرنے لگی پریشے ؟'' احسن نے حیرات سے پوچھا۔

''کیوں میں یہ کام نہں کر سکتی کیا؟'' پریشے نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

''نہں میرا وہ مطلب نہں تھا میں بس کہہ رہا تھا کے تھمیں عادت نہں ہے ایسے کاموں کی پھر کیوں کر رہی ہو ؟'' احسن نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

"ضروری تو نہں جو کبھی نہں کیا وہ آگے بھی کبھی نہں کیا جائے اس حادثے نے تو میری زندگی بدل کر رکھ دی ہے" پریشے نے افسردگی سے کہا۔

"پریشے کوئی یقین کرے یا ناں کرے مجھے تم پر پورا یقین ہے کے تم بے گناہ ہو" احسن نے کہا تو پریشے کچھ پل اسے دیکھتی ہی رہی۔

خالد کے بعد احسن وہ دوسرا شخص تھا جو پریشے کے منہ پر اس کی بے گناہی کا اعتراف کر رہا تھا اس کے دل میں احسن کی عزت اور بڑھ گی تھی اور ایک حمزہ تھا جس نے کچھ کہنا تو دور کل پورے فنکشن میں اس نے نظر اٹھا کر دیکھا بھی نہں تھا اور یہ بات پریشے نے شدت سے نوٹ کی تھی۔

"کیا ہوا کیا سوچنے لگ گی؟" احسن نے اسے سوچوں میں گم دیکھ کر پوچھا۔

"نہں کچھ نہں تم بتاؤ کہیں جا رہے ہو کیا؟" پریشے نے بات ٹالتے کوئے پوچھا۔

"پریشے تھمیں کوئی بھی مسلہ ہو تو مجھ سے شئیر کر سکتی ہو کیا تم مجھے اپنا دوست نہں سمجھتی؟" احسن نے کہا۔

"کیا ھم دوست ہے؟" پریشے نے سوالیہ پوچھا۔

"نہں بھی ہے تو اب بن جاتے ہے فرینڈز" احسن نے کہتے ہوئے پریشے کی طرف بڑھایا تو پریشے نے کچھ دیر سوچنے کے بعد احسن کا ہاتھ تھام لیا۔

"ہاں فرینڈز" پریشے نے مسکراتے ہوئے کہا اسے ایسے حالات میں ایک سچے دوست کی شدید ضرورت تھی جس کے ساتھ وہ اپنے دکھ بانٹ سکے۔

==================

حمزہ اپنے کمرے میں بیٹھا خالی دیواروں کو تک رہا تھا اس نے سوچ لیا تھا وہ دوبارہ کبھی حوریہ سے رابطہ کرنے کی کوشش نہں کرے گا یہ بھی شکر تھا کے اس نے حوریہ کو اپنے دل کی بات بتائی ہی نہں ورنہ اس کے ساتھ حوریہ کی بھی زندگی خراب ہو جاتی وہ اپنی سوچوں میں ہی گم تھا جب خالد اس کے کمرے میں آئے تو وہ ان کے ادب میں کھڑا ہو گیا تھا خالد خان صوفے پر بیٹھ گے۔

"بیٹھو حمزہ مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے" خالد نے کہا۔

"آپ حکم کرے بابا میں سن رہا ہو" حمزہ نے کھڑے کھڑے ہی کہا۔

"حمزہ تمھاری پھوپھو چاہتی ہو کے میرؤ اور منیب کے ساتھ ہی تمھاری اور پریشے کی بھی شادی کر دی جائے" خالد نے کہا۔

"پلیز بابا میں ابھی پہلے جھٹکے سے ہی نہں سنبھل پایا اور آپ مجھے ایک نئی مشکل میں دھکیل رہے مجھے ابھی کچھ ٹائم چاہیے اور اگر اس بار مجھے مجبور کیا گیا تو میں خود یہ گھر چھوڑ کر چلا جاؤں گا" حمزہ نے ادب کے دائرے میں رہ کر اپنی بات مکمل کی تھی۔

"نہں تھمیں ایسا کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہں ہے جب تم چاہو گے تب ہی تمھاری شادی ہو گی اب تم میرؤ اور منیب کی شادی کے بعد واپس جانے کی تیاری کرو تمھارا اگلا سمسٹر بھی شروع ہونے والا ہے میں تمھاری فلائیٹ بک کروا دیتا ہو" خالد کہتے ہوئے کمرے سے چلا گیا تو حمزہ نے بے بسی سے دروازے کو ٹھوکر ماری تھی۔

==================

سونیا کالج سے واپس آئی تو ثانیہ بھاگتی ہوئی اس کے گلے جا لگی

Posted On Kitab Nagri

"سونی میں بہت بہت خوش ہو فائی نلی تم میری بھابھی بننے جارہی ہو پتہ ہے میں اتنی اتنی ایکسائیٹڈ ہوا یک ساتھ دو دو شادیاں مجھے تو بہت مزہ آنے والا ہے"ثانیہ نان سٹاپ بولے جارہی تھی۔

"کیا مطلب دو شادیاں میرؤ بھائی ی اور رابعی کے علاوہ اور کس کی شادی ہو رہی ہے؟"سونیا نے پوچھا۔

"تمھاری اور منیب بھائی ی کی اور کس کی"ثانیہ نے کہا۔

"واٹ یہ کیا مذاق ہے؟"سونیا نے غصہ سے کہا۔

"مذاق نہں میری پیاری بھابھی حقیقت ہے آج صبح ہی سب بڑؤں نے ڈیسائیڈ کیا ہے کے تمھاری اور منیب بھائی یاں کی بھی شادی کر دی جائے اگر یقین نہں آرہا تو جا کر بڑی امی سے پوچھ لو"ثانیہ نے کہا تو سونیا فورا رافیعہ بیگم کے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔

=====================

وہ دستک دے کر رافیعہ بیگم کے کمرے میں آئی ی

"مما یہ ثانیہ کیا کہہ رہی ہے کے آپ نے میری اور منیب کی شادی طے کر دی ہے؟"سونیا نے پوچھا۔

"ہاں بیٹا وہ ٹھیک کہہ رہی ہے"رافیعہ نے کہا۔

"لیکن اتنی جلدی کیا تھی اور ویسے بھی میں ابھی شادی نہں کرنا چاہتی سونیا رو دینے کو تھی"

"کیوں بیٹا آپ کیوں نہں شادی کرنا چاہتی؟"

"کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ مجھے ابھی پڑھنا ہے"(لڑکیوں کا وہی گھسا پٹا بہانہ 😂😂)

"بیٹا طاھرہ بھابھی اور منیب کو تمھاری پڑھائی ی سے کوئی ی مسلہ نہں ہے"رافیعہ بیگم نے بتایا۔

"لیکن مما؟"

"لیکن ویکن کچھ نہں سونیا تم اب شادی کی تیاری کرؤ تمھاری بابا اور ھم سب یہ ہی چاہتے ہے اور ویسے بھی جب تمھاری منیب سے منگنی ہو چکی ہے تو پھر تھمیں اس شادی پر بھی کوئی ی اعتراض نہں ہونا چاہیے"رافیعہ بیگم نے کہا تو سونیا اپنے کمرے میں آ گی۔

اپنے کمرے میں آتے ہی اس نے سارے کتابیں بیڈ پر پھنکی تھی اور رونے لگی وہ کیسے منیب سے شادی کر سکتی تھی صبح اس نے منیب کی اصلیت اس کے سامنے رکھی تو اس نے بدلے میں کوئی ی صفائی ی پیش نہں کی تھی جس سے صاف ظاھرہ تھا کے سونیا اس کے بارے میں بالکل ٹھیک سوچ رہی ہے اور وہ ایسے شخص کے ساتھ کیسے زندگی گزر سکتی تھی۔

=====================

منیب نے گاڑی ہسپتال کے سامنے روکی تھی

"ھم یہاں کیوں آئے ہے؟"منیب نے احسن سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

''میرا یہاں ایک دوست ایڈمٹ ہے تو مجھے اس کی خیریت معلوم کرنی ہے اس لیے'' منیب نے کہا

''چلیں ٹھیک ہے آپ جائے پھر میں گاڑی میں روکتا ہو'' احسن نے کہا۔

''نہں تم بھی میرے ساتھ چل رہے ہو'' منیب نے گاڑی سے اترتے ہوئے کہا تو احسن کو بھی گاڑی سے اترنا پڑا۔

''تم تو اپنے دوست سے ملنے آئے تھے ناں تو پھر ھم یہ لیبارٹری کیوں جا رہے ہے؟'' منیب کے ساتھ چلتے ہوئے احسن نے پوچھا۔

''کیوں کے تمھارے کچھ ٹیسٹ کروانے ہے جو ڈاکٹر نے سجیسٹ کیے تھے'' منیب نے کہا۔

''واٹ تم جھوٹ بول کر لائے مجھے یہاں'' احسن نے روکتے ہوئے کہا۔

''جب گھی سیدھی انگلی سے نہں نکلے تو انگلی ٹیڑھی کرنے پڑتی ہے بڈی'' منیب نے کہا۔

''منیب مجھے کوئی ی ٹیسٹ نہں کروانے پلیز واپس چلو'' احسن نے قدم واپس لیے تھے۔

''احسن اگر تم نے ابھی ٹیسٹ نہں کروائے ناں تو میں پریشے کو تمھارے بارے میں سب سچ سچ بتادوگا'' منیب نے دھمکی دی جو کام بھی کر گی اور احسن چپ چاپ لیبارٹری کی طرف چلا پڑا۔

اس نے سارے ٹیسٹ خاموشی سے کروائے اور گاڑی میں بیٹھتے وقت بھی اس کا منہ بنا ہوا تھا۔

''اب کیا سارا وقت ناراض ہی رہو گے؟'' منیب نے ڈرائی یونگ کرتے ہوئے پوچھا۔

ہاں تو تم نے کونسا اچھا کیا ہے میرے ساتھ؟'' احسن نے جواب دیا۔

''دیکھ بھائی ی اگر سیدھی طرح کہتا تو تم نے آنا نہں تھا اس لیے پھر میں تھمیں بہانے سے لے آیا میں بس یہ ہی چاہتا ہو کے تم جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ'' منیب نے کہا۔

''میں ٹھیک ہی ہوا'' حسن نے کہا۔

''یہ تو بہت اچھی بات ہے کے تم ٹھیک ہو اللہ پاک تھمیں ھمیشہ ٹھیک ہی رکھے'' منیب نے دل سے دعا کی تھی۔

احسن اور منیب گھر آئے تو سب لاؤنج میں بیٹھے تھے سوائے سونیا کے وہ شاہد اپنے کمرے میں تھی۔

''لیجئی ے مما آپ کے بیٹے کے سارے ٹیسٹ کروا دیے ہے'' منیب نے صوفے پر بیٹھے ہوئے کہا۔

''اور وہ بھی دھوکے سے'' احسن نے منہ بناتے ہوئے کہا تو سب مسکرا پڑے تبھی خالد بھی وہی آ گے تھے۔

''میں نے حمزہ سے بات کی ابھی وہ شادی نہں کرنا چاہتا جب تک کے اس کی سٹڈی کمپلیٹ ناں ہو جائے'' خالد نے کہا تو سب خاموش ہو گے۔

احسن نے پریشے کے چہرے کی طرف دیکھا تھا وہ پل میں اداس ہو گی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''چلوا گر حمزہ کو یہ ہی سہی لگتی ہے تو یہ ہی سہی ویسے بھی سٹڈی سے فارغ ہو جائے تو پھر آرام سے کرے گے اس کی شادی ابھی تو منیب اور حمزہ کی شادی کی تیاری کرؤ''بی جان نے کہا اور پھر سب اپنے اپنے کاموں میں مگن ہو گے۔

پریشے نا محسوس طریقے سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آ گی اسے پتہ نہں کیوں لگ رہا تھا کے حمزہ اس شادی سے خوش نہں ہے وہ یہ سب کچھ خالد ماموں کے دباؤ میں آ کر رہا تھا۔

======================

منیب ٹیرس پے تھا اور سونیا اسے ڈھونڈتے ہوئے ٹیرس پر آئی ی تھی اور اس کے بالکل پیچھے کھڑی ہو گی۔

''آپ نے چھوٹی امی سے ہماری اتنی جلدی شادی کروانے کا کیوں کہا؟''اس نے غصے سے پوچھا۔

''میں تھمیں کوئی ی بھی جواب دینے کا پابند نہں ہو''منیب نے بھی اس کے لہجے میں جواب دیا۔

''آپ مجھے جوابدہ ہے منیب کیونکہ آپ میری زندگی خراب نہں کر سکتے''سونیا کہتے ہوئے اس کے سامنے آ کھڑی ہوئی ی تھی۔

''جو ہونا تھا ہو گیا میں اب کچھ بھی نہں کر سکتا''منیب نے سفاک لہجے میں جواب دیا۔

''آپ غلط کر رہے منیب میرے ساتھ''سونیا نے بے بسی سے کہا۔

''ایسا ہی ہو میں عادت ڈال لو اب آخر کو ساری زندگی میرے ساتھ جو گزرنی ہے تھمیں''منیب نے اس کے چہرے پر نظریں گاڑتے ہوئے جواب دیا۔

''آپ کو اپنے کیے پر کوئی ی شرمندگی نہں ہے کیا؟''سونیا نے ایک امید سے پوچھا۔

''نہں مجھے کوئی ی شرمندگی نہں ہے''منیب نے بے لچک لہجے میں جواب دیا تو سونیا کی آنکھ سے بے اختیار ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا اور منیب کے دل کو کچھ ہوا تھا لیکن وہ اپنے دل پر جبر کر گیا تھا ابھی وہ سونیا کے سامنے کمزور نہں پڑنا چاہتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

==============

''کیا ہوا پری تم اتنی اداس کیوں ہو؟''پری سیٹنگ ایریا میں بیٹھی تھی جب احسن وہاں سے گزر رہا تھا تو اس نے پری کو اداس بیٹھے دیکھا تو اس کے پاس آ گیا۔

''ہاں۔۔۔۔۔۔نہں کچھ نہں میں ٹھیک ہو''پری نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے جواب دیا۔

''کوئی ی تو بات ہے بتاؤ مجھے آخر ھم دوست ہے تم مجھ سے شئیر کر سکتی ہو''احسن نے بھی اس کے پاس بیٹھے ہوئے کہا۔

''احسن مجھے لگتا ہے حمزہ اس منگنی سے خوش نہں ہے''پری نے اداسی سے کہا۔

''اور تھمیں ایسا کیوں لگتا؟''احسن نے حیرات سے پوچھا۔

''بس مجھے ایسا لگتا ہے تم نے دیکھا نہں کیا وہ کتنا خاموش رہتا ہے ناں بولتا ہے ناں ہنستا ہے بس اپنے کام سے کام رکھتا ہے''پریشے نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"نہں پری ایسا کچھ نہں ہے بس تھمارا وہم ہے تم ایسا بالکل نہں سوچا کرؤ "احسن نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

"ہاں شائی د یہ میرا وہم ہو تم ٹھیک ہی کہہ رہے ہو" پری نے اس کی بات سے اتفاق کرتے ہوئے کہا۔

"چلو اٹھو مس نیو شیف اور مجھے ایک کپ کافی بنا دو پلیز بہت طلب ہو رہی ہے کافی کی "احسن نے اس کا دھیان بٹانے کی خاطر کہا تھا۔

"تم بیھٹو میں بنا کر لاتی ہو" پریشے نے کہا اور کچن کی جانب چلی گی اور احسن نے صوفے کی پست سے سر ٹکاتے ہوئے آنکھیں موند لی اس کے چہرے پر صدیوں کی داستان رقم تھی۔

==========================

آج عنجلی کی منگنی تھی عنجلی کو رہ رہ کر ارشد کا خیال آرہا تھا۔اس نے کیا سوچا تھا اور کیا ہو گیا تھا اس نے کبھی نہں سوچا تھا کے وہ ایک ایسی زندگی گزرے گی جس میں صرف درد ہی درد ہو گا۔ ھم میں سے ہر دوسرا انسان ان چاہی زندگی جی رہا ھم اپنے لیے بہت کچھ سوچ لیتے ہے اپنے مستقبل کو لے کر بہت بڑے بڑے خواب سجا لیتے ہے۔اور ایسا کرتے وقت ھم یہ بھول جاتے ہے کے وہ رب جس نے ھمیں زندگی دی ہے جو ھمیں ستر ماؤں سے بھی زیادہ پیار کرتا ہے آخر اس نے بھی تو ھمارے لیے کچھ سوچ رکھا ہو گا ناں ھم کیوں مستقبل کی فکر سے آزاد ہو کر اپنے حال میں نہں جیتے آخر کیوں ھم اپنا مستقبل سنوارنے کی خاطر اپنا حال برباد خراب کر دیتے ہے؟ ھم کیوں نہں سوچتے کے جتنے ھمارے پلینز ہے کیا اتنی ھماری زندگی بھی ہے ۔ھم نے کیوں اپنی زندگی کا مقصد ان دنیاوی چیزوں کو بنا لیا ہے؟ ھم کیوں بھول گے ہے کے ھمیں خدا نے اس دنیا میں اپنی عبادت کے لیے بیجھا ہے اور ھم اپنی زندگی کا سب سے اہم مقصد بھول کر اس دنیا کی الجھنوں میں الجھ کر رہ گے ہے۔

عنجلی نے سارے فنکشن میں بڑی ہمت سے کام لیا تھا اس نے ایک پل بھی اپنے چہرے سے مسکراہٹ غائب نہں ہونے دی تھی ہنس ہنس کر سب سے ملتی اور باتیں کرتی رہی تھی وہ نہں چاہتی تھی اس کے اندر چلتی جنگ کی کسی کو بھی خبر ہو۔ منگنی کے فنکشن سے فارغ ہو کر وہ اپنے روم میں آئی ی اور کچھ سوچتے ہوئے واٹس ایپ آن کی اور ارشد کو آج کی منگنی کی پکس سینڈ کی اور نیچھے کیپشن میں لکھا

"آج میری منگنی تھی ارشد سر بتائے کیسی لگ رہی ہو؟" تصویر سینڈ کرنے کے بعد عنجلی نے موبائی ل سائی یڈ پر رکھا تھا اور تلخی سے مسکرائی ی تھی "جتنا میں تڑپ رہی ہو ارشد سر اتنا نہں تو اس سے کم ہی سہی لیکن تڑپے گے "آپ بھی ضرور عنجلی نے دل میں سوچا تھا۔

==========================

ارشد میٹنگ میں تھا جب اس کا موبائی ل وائی بریٹ ہوا تھا۔ لیکن اس نے اگنور کرتے ہوئے دوبارہ اپنی توجہ نوٹس بورڈ پر مرکز کر لی تھی۔ تقریبا آدھے گھنٹے بعد میٹنگ ختم ہوئی ی تو ارشد باس سے میٹنگ کے اہم پوائی نٹس ڈسکس کرنے کے بعد اپنے آفس میں آیا اور اپنے لیپ ٹاپ پر کام کرنے لگا جب کچھ دیر بعد اسے مسیج کا یاد آیا تو اس نے موبائی ل آن کیا اور واٹس اوپن کی تو سامنے عنجلی کی تصویر کھلی تھی۔ تصویروں میں عنجلی نے بلیو کلر کی ساڑھی پہن رکھی تھی۔ جو کے بیک لیس اور سلیف لس تھی اور اس کی کمر اور بازوں بہت نمایاں ہو رہی تھی۔اور نیچھے کیپشن میں لکھا ٹیکسٹ پڑھنے کے بعد ارشد نے فوراً پک ڈیلیٹ کر دی اس نے غلطی سے بھی دوسری بار تصویروں کو دیکھنا گوارہ نہں کیا تھا اور عنجلی کا نمبر بلیک لیسٹ میں ڈال دیا تھا

۔

Posted On Kitab Nagri

عنجلی جو کے آنلائن تھی اور وہ ارشد کو آنلائن دیکھ چکی تھی۔اسے پوری امید تھی ارشد اس کی پکس پر کوئی ناں کوئی کمنٹ ضرور دے گا۔لیکن جب ارشد نے اسے بلاک کیا تو اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکلے تھے۔اسے لگا تھا یہ جان کر کے اس کی منگنی ہو گی ہے شائد ارشد کو برا لگے گا۔

وہ اس سے بات کرنے کی کوشش کرئے گا لیکن اس نے تو عنجلی کو بلاک ہی کر دیا۔

جس سے عنجلی کو تو کم از کم یہ ہی لگا تھا کے ارشد کو اس کی منگنی کی خبر سن کر بھی کوئی فرق نہں پڑا اور اس نے عنجلی کو بلاک کر کے اس سے ھمیشہ کے لیے ہی جان چھڑوالی تھی۔

جیسا کہتا ہے تو ویسا نہیں کرنے والی

اب ترے ساتھ میں اچھا نہیں کرنے والی

ایسے دیکھو نا محبت کا گماں ہوتا ہے

وعدہ لینا ہے تو وعدہ نہیں کرنے والی

مجھ سے واقف ہو تو انکار یہ کرتے کیوں ہو

مان لو پیار کو رسوا نہیں کرنے والی

میرے آنگن کے سبھی پھول بہت مہنگے ہیں

اپنے گلشن کو میں صحرا نہیں کرنے والی

تو مجازی ہے حقیقی تو نہیں ہے میرا

سو ترے عشق میں سجدہ نہیں کرنے والی

میری فطرت میں محبت ہی فقط گوندھی گئی

اپنی فطرت سے کنارہ نہیں کرنے والی

Posted On Kitab Nagri

چاند آنکھوں میں لئے پھرتی ہوں میں آج

اشک پلکوں کا ستارہ نہیں کرنے والی!!!

ارشد کو تکلیف تو بہت ہوئی ی تھی عنجلی کی منگنی کی خبر سن کر لیکن اس سے بھی زیادہ تکلیف اسے عنجلی کو ایسے کپڑوں میں دیکھ کر ہوئی ی تھی۔ جو اس کے جسم ڈھانپنے کے لیے ناکافی تھے۔ اس نے عنجلی کو بلاک کر دیا اور پکس بھی فوراً ڈیلیٹ کر دی جب وہ عنجلی پر کوئی ی حق ہی نہں رکھتا تھا تو پھر اس کی تصویریں دیکھنے کا بھی کوئی ی حق نہں تھا۔ عنجلی کو اس نے بلاک اس لیے کیا تھا کے وہ دوبارہ اس سے کوئی ی کونٹکٹ نہں کر سکے پہلے بھی صرف پروفیشنل کام کی وجہ سے اس نے عنجلی کو اپنے کونٹیکٹ میں ایڈ کیا تھا لیکن اب جب کوئی ی پروفیشنل ریلیشن ہی نہں بچا تھا تو پھر اس کو اپنے کونٹیکٹ میں بھی رکھنے کا کیا فائی دہ تھا

جن سے دل کے رشتے نا جوڑ سکے ان سے فرضی رابطے رکھنے کا بھی کیا فائی دہ۔

===============

نیلی حویلی میں شادی کی تیاریاں زور و شوروں سے چل رہی تھی میرؤ اور رابعی نے اپنی ساری شاپنگ ایک ساتھ کی تھی۔ جبکے سونیا نے تو ساری ذمہ داری رافیعہ کے کندھوں پر ڈال دی تھی کے جو بھی جیسا بھی لائے گی اس کے لیے اس کوئی ی اعتراض نہں ہو گا اور اتفاق سے شادی کے فوراً بعد سونیا کے فائی نل پیپرز بھی تھے اور اس لیے کوئی ی بھی اسے زیادہ فوس نہں کر رہا تھا کے وہ شادی کی تیاریوں میں حصہ لیں۔ سب کو یہ ہی لگتا تھا کے وہ سارا دن اپنے کمرے میں گھسی پیپرز کی تیاری کرتی رہتی ہے اب کسی کو کیا پتہ کے وہ پیپرز کی تیاری سے زیادہ اس بات کا سوگ مناتی ہے اس کی شادی منیب جیسے کریکٹر لیس لڑکے سے ہو رہی تھی۔

جس کے لیے لڑکیاں صرف اور صرف کھیلونے کی مانند تھی جتنا دیر دل کیا کھیلا اور پھر چھوڑ دیا۔

دوسری طرف منیب تھا جو شادی کے ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا تھا اپنی ساپنگ کے ساتھ ساتھ اس نے سونیا کی بھی ساری شاپنگ اپنی پسند سے کی تھی وہ نہں چاہتا تھا کے اس کی شادی میں کوئی ی بھی کمی رہے۔

===================

آج میرؤ رابعی سونیا اور منیب کی مہندی تھی نیلی حویلی کو پیلے گیندے کے پھولوں سے سجایا گیا تھا۔ فنکشن کی مناسبت سے ہی یلو کرٹن لگائے گے تھے

۔

ثانیہ اور پریشے نے یلو اور پرپل کامبینش کے ایک جیسے لہنگے زیب تن کیے تھے۔ ثانیہ نے اپنے بالوں کو جوڑے کی شکل میں قید کرنے کے ساتھ ساتھ مایوں کے حساب سے بالکل لائی یٹ سا میک اپ کیا تھا جب کے دونوں کلائی یوں میں گرین کلر کی بھر بھر کر چوڑئی یاں ڈالی تھی۔ جبکے پریشے نے

Posted On Kitab Nagri

بالوں کو کھلے ہی رہنے دیا تھا کانوں میں سوٹ سے میچنگ جھمکے پہنے اور گلے میں پینڈر پہنا ہوا تھا اور پریشے نے بھی دونوں کلائی یوں میں گرین چوڑیاں ڈالی ہوئی ی تھی۔ثانیہ اور پریشے دونوں ہی بہت پیاری لگ رہی تھی۔

رابعہ نے یلو اور گرین کلر کے کامبینشن کی کیپری اور شوٹ شرٹ زیب تن کی تھی۔بالوں کی فرنٹ فرنچ بنا کر باقی بالوں کو کرل کیا تھا کانوں اور ہاتھوں میں پھولوں کی جیولری پہنے وہ انتہا کی خوبصورت لگ رہی تھی۔جب کے سونیا نے یلو اور پرپل کلر کی لونگ فراک پہنی تھی جو کے منیب نے پسند کی تھی سونیا کے لیے اور سونیا پر جچ بھی رہی تھی۔سونیا نے بالوں کو فل فرنچ چوٹیاں میں قید کیا ہوا تھا۔ہاتھوں اور کانوں میں پھولوں کی جیولری پہنے وہ بہت ہی معصوم لگ رہی تھی۔

سارے لڑکوں نے وائیٹ ڈریس پر یلو واسکٹ پہن رکھے تھے اور احسن اور منیب نے وائیٹ ڈریس پر یلو مفلر لے رکھے تھے۔

مایوں کی رسم کے لیے سٹیج کے سنٹر میں یلو کلر کے کرٹن لگا کر سٹیج کو دو حصوں میں تقسم کیا گیا تھا جس کے ایک طرف لڑکے جب کے دوسروں طرف لڑکیوں کو بٹھایا گیا تھا اور ابٹن کی رسم شروع کی گی۔

==================

"یار منیب اس پردے کے پار تو کچھ بھی نظر نہں آرہا میں نے دیکھنا تھا رابی کیسی لگ رہی ہے؟"میرؤ نے ابٹن لگواتے ہوئے منیب کے کان میں سرگوشی کی۔

"میرؤ بھائی یاں شائی د آپ نے سنا نہں کے بڑی امی نے کیا کہا تھا کے اب ھم شادی سے پہلے اپنی ہونے والی بیویوں کو نہں دیکھ سکتے کیونکہ یہ رسم ہے؟"منیب نے بھی مدھم آواز میں کہا۔

"یہ کیسی رسم ہے بھی کے انسان اپنی ہونی والی بیوی کو اب دیکھ بھی نہں سکتا؟"میرؤ نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"کیا کر سکتے ہے بھائی ی رسم ہے نبھانی تو پڑے گی؟"منیب نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا اب وہ کیا بتاتا کے اس کا اپنا دل سونیا کو دیکھنے کے لیے شدت سے تڑپ رہا تھا۔

"احسن سے بات کرتے ہے ہو سکتا ہے وہ ھماری کچھ مدد کر دے"میرو نے دوبارہ سرگوشی کی

"ہاں ہو تو سکتا ہے چلیں احسن سے بات کر کے دیکھ لیں"منیب نے کہا تو میرؤ نے اشارے سے احسن کو اپنے پاس بلای

"جی بھائی ی آپ نے بلایا؟"احسن نے میرؤ کے ساتھ بیٹھے ہوئے کہا۔

"احسن یار یہ کیا رسم ہے بورنگ سی"میرؤ نے آہستہ آواز میں کہا۔

"ہاں بورنگ تو ہے ایگچوئی یلی ڈی جے والا آگیا ہے کچھ دیر میں میوزک شروع ہو جائے گا پھر دیکھنا کتنا مزہ آئے گا"احسن نے کہا۔

"احسن کے بچے میں میوزک کی بات نہں کر رہا"میرو نے دانت پنستے ہوئے کہا۔

"خدا کا خوف کرئے بھائی ی شادی آپ کی ہو رہی ہے تو میرے بچے کہاں سے آگے"احسن نے کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"احسن تمھاری بک بک بند ہو سکتی ہے یا نہں ؟"میرو نے اسے گھورتے ہو کہا۔

"اچھا بتائے میں کیا کر سکتا ہو آپ کے لیے ؟"احسن نے سنجیدہ ہوتے ہوئے پوچھا۔

"بس تو اتنا کر کے یہ پردہ ہٹوا دے بیچ میں سے "منیب نے معصومیت سے کہا۔

"اَستغفِرُاللہ اَستغفِرُاللہ یہ آپ دونوں مجھے کیا کرنے کا کہہ رہے ہے ؟"احسن ایک جھٹکے سے ان کے بیچ سے اٹھا تھا۔

"احسن ڈرامے بازی بند کر اور یاد رکھ اگر تم نے ھماری کوئی ی مدد نہں کی تو تیری باری ھم بھی تیری کوئی ی مدد نہں کریے گے"منیب نے دھمکی دی۔

"اچھا اچھا دھمکیاں تو نہں دو میں صرف پانچ منٹ کے لیے یہ پردہ ہٹوا سکتا ہو"احسن نے ہاتھ کھڑے کرتے ہوئے کہا۔

"اوکے ڈن"منیب اور میرو نے مشترکہ آواز میں کہا۔

ابٹن کی رسم کے بعد ڈانس شروع ہوا تو احسن ڈانس کی ناکام کوشش کرتے ہوئے پردے سے جا ٹکریا اور پردہ جو کے عارضی طور پر لگایا گیا تھا گر گیا۔

"احسن بھائی ی یہ کیا کیا آپ نے اپنے ڈانس کے چکر میں پردہ ہی گر دیا؟"ثانیہ نے کہا۔

"میں ابھی لگا دیتا ہو"احسن نے کہا اور پلٹ کر منیب اور میرو کو دیکھ کر ایک آنکھ دبائی ی جو کے اپنی اپنی ہونے والی بیوی کو دیکھنے میں مگن تھے۔

احسن اور حمزہ نے مل کر دوبارہ پردہ ٹھیک کیا تو احسن فخر سے واپس آکر منیب اور میرو کے بیچ میں بیٹھا تھا اسے امید تھی کے وہ دونوں اسے شاباش دیں گے۔

"تو کیسی لگی میری پرفامنس ؟"احسن نے فخر سے پوچھا۔تو منیب اور احسن نے ایک ساتھ اس کے دونوں کندھوں پر مکے جڑے تھے۔

"ہائے ظالموں یہ کیا طریقہ ہے داد دینے کا؟"احسن نے دہائی ی دیا۔

"داد اکس بات کی داد ادھر آناں میری بات سن تھمیں کیا ضرورت تھی اتنا ہیرو بن کر پردہ دوبارہ لگانے کی ؟"میرو نے کہا۔

"اور اگر پردہ دوبارہ لگانا بھی تھا تو تھوڑا آرام سے لگانا تھا ناں یہ مشین کی طرح کام کرنے کی کیا ضرورت تھی ؟"منیب نے اسے کے کندھے پر ایک اور تھپڑ رسید کیا۔

"اُفف غلطی ہو گی جو تم دونوں کی ہیلپ کی اب دوبارہ مجھے سے بات کرنے کی کوشش بھی نہں کرنا ظالموں"احسن غصہ سے کہتے ہوئے سٹیج سے اتر گیا جبکے اپنی پست پر ان دونوں کی گھورتی نظریں اسے صاف محسوس ہو رہی تھی۔

==-==============

"پریشے بیٹا جاؤ ذرا احسن کے کمرے سے شگن کے لحفافے تو لے کر آناں میں نے احسن کو لینے بیجھا ہے لیکن وہ پتہ نہں کہا رہ گیا ہے ؟"رافیعہ نے کہا۔

"جی ممانی میں ابھی لائی ی"پریشے کہتے ہوئے احسن کے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

"احسن تم یہاں ہو اور ممانی تمہارا وہاں انتظار کر رہی ہے؟" پریشے نے کمرے میں آتے ہوئے کہا۔

جب کے احسن دل پر ہاتھ رکھ کر بیٹھا تھا اس کے چہرے پر تکلیف کے اثار واضح تھا جب پریشے کی نظر اس پر پڑی تو فوراً اس کی طرف بڑھی تھی۔

"احسن کیا ہوا ہے تھمیں؟" پریشے نے پریشانی سے پوچھا۔

"پتہ نہں بس ایک دم سے بہت درد شروع ہو گی ہے" احسن نے کہا۔

"روکوں میں کسی کو بلا کر لاتی ہو تھماری طبیعت مجھے بالکل ٹھیک نہں لگ رہی" پریشے کہتے ہوئے کمرے سے جانے لگی جب احسن نے اس کا ہاتھ تھاما تھا۔

"پریشے پلیز کسی کو کچھ ناں کہنا سب پریشان ہو جائے گے اور سارا فنکشن خراب ہو جائے گا" احسن نے روک کر کہا۔

"فنکشن سے زیادہ مجھے اس وقت تھماری پرواہ ہے پریشے نے کہتے ہوئے سگن کے پیکٹ اٹھائے اور باہر کی طرف بھاگی تھی اس نے شگن کے پیکٹ ثانیہ کو دیے کے وہ رافیعہ بیگم کو دے اور خود وہ حمزہ کی طرف بڑھی تھی جو جو کے ایک سائیڈ پر کھڑا تھا سب سے ہٹ کر۔

"حمزہ میرے ساتھ چلیں پلیز" پریشے نے حمزہ کا ہاتھ پکڑا اور اسے اپنے ساتھ اندار کی طرف لے گی۔

"پریشے یہ کیا بے قوفی ہے ہاتھ چھوڑو میرا" حمزہ نے غصہ سے کہا۔

"حمزہ پلیز میری بات سنیے احسن کی طبیعت بہت خراب ہے پلیز اس کو دیکھے چل کر" پریشے نے کہا تو وہ فوراً احسن کے کمرے کی طرف بھاگا تھا۔

"احسن کیا ہوا تھمیں؟" حمزہ نے احسن کو بیڈ پر بیٹھایا اور سائیڈ ٹیبل سے میڈیسن اٹھا کر اسے دی اور اسے بیڈ پر لیٹا کر کمفٹ اوڑھا دیا۔

"میں اب ٹھیک ہو حمزہ بھائی ی پلیز آپ باہر کسی کو کچھ نہں بتانا" احسن نے التجا کی۔

"ٹھیک ہے نہں بتاتا لیکن تم بس آرام کرؤ اب میں ادھر ہی ہو تھارے پاس" حمزہ نے کہا۔

"نہں بھائی ی آپ جائے آپ کی باہر ضرورت ہو گی" احسن نے کہا۔

"احسن ٹھیک کہہ رہا ہے آپ جاے میں احسن کے پاس روکتی ہو" پریشے نے کہا تو حمزہ باہر چلا گیا۔

"پریشے تم بھی چلی جاو میں بالکل ٹھیک ہو" احسن نے کہا۔

"نہں بالکل نہں میں اپنے دوست کو اس حال میں چھوڑ کر نہں جاوں گی جب میرا دوست یہاں ہے تو پھر میں بھی ادھر ہی روکوں گی" پریشے نے کہا تو احسن بھی مسکرا پڑا۔ پریشے کا اس طرح اس کی فکر کرنا احسن کو بہت اچھا لگا تھا ایسے تو وہ اس لڑکی کے لیے نہں مرتا تھا کچھ تو خاص ہے اس لڑکی میں جو اس کا دل پریشے کے لیے ڈھڑکتا ہے۔

محبتوں کی امین لڑکی

Posted On Kitab Nagri

وہ پارساوہ حسین لڑکی

دیکھو جو اس کی آنکھیں تم

وہ لگے گی تم کو نگین لڑکی

فراقِ یارپر بھی ملال نہیں اس کو

وہ صبر کرتی ذہین لڑکی

شرمگیں لہجہ جھکی ہیں پلکیں

وہ آبرو جیسی مبین لڑکی

گھائل کرے جو محبت سے اپنی

وہ وفا کا پیکر یقین لڑکی

نم ہیں آنکھیں کھلکھلاتا تبسم

وہ طوفاں سے کھیلتی شوقین لڑکی

اک نظر جو دیکھو گے واللہ

وہ واجب المحبت وہ دلنشین لڑکی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

======================

مایوں کی رسمی ختم ہوئی تو سونیا اور رابعہ کو کمرے میں بیجھ دیا گیا تھا اور باقی سب لاؤنج میں بیٹھ گے تھے اور آج کے فنکشن کے بارے میں ہی باتیں کر رہے تھے۔

"یہ احسن کہاں ہے؟" میں نے اسے کافی دیر سے نہں دیکھا" منیب نے اِدھر اُدھر نظریں گھماتے ہوے کہا۔

"وہ ایکچوئی یلی احسن کی طبیعت پھر سے خراب ہو گی تھی تو میں نے اسے میڈیسن دے کر کمرے میں آرام کرنے کا کہا تھا" حمزہ نے بتایا۔

"کیا احسن کی طبیعت خراب ہے آپ نے ھمیں کیوں نہں بتایا حمزہ بھائی ی؟" منیب اور باقی سب پریشان ہو گے تھے۔

"فکر نہں کرو منیب وہ ٹھیک ہے اور پریشے اس کے پاس ہی ہے احسن نے منع کیا تھا کسی کو بتانے سے اور اس نے مجھے بھی اپنے پاس نہں روکنے دیا" حمزہ نے پوری بات بتائی ی تو سب احسن کے کمرے کی طرف بڑھاے۔

احسن سو رہا تھا اور پریشے صوفے پر بیٹھی تھی جب سب کمرے میں داخل ہوئے۔

Posted On Kitab Nagri

احسن طاھرہ نے پکارا

”ممانی وہ ابھی بہت مشکل سے سویا ہے پلیز اسے نہں جگاے“ پریشے نے کہا۔

”کیسی طبیعت ہے اب احسن کی ؟“ منیب نے پوچھا

”جی منیب بھائی ی اب وہ ٹھیک ہے بس ابھی سوے ہے اس لیے جگانے سے منع کیا“ پریشے نے کہا۔

”تھینکس پریشے تم نے اتنا خیال رکھا بھائی ی کا ورنہ ھمیں تو پتہ بھی نہں تھا ان کی طبیعت خراب ہے“ثانیہ نے کہا۔

”اٹس اوکے ثانیہ“ پریشے نے مسکرا کر کہا۔

”آپ سب جاے اپنے اپنے رومز میں روکوں گا احسن کے ساتھ“ منیب نے کہا تو باقی سب اپنے اپنے کمرے میں چلے گے۔

======================

”عنجلی ذرا یہ کپڑے تو نقش کی الماری میں رکھو آو“ مناخشی نے اس کی طرف کپڑے بڑھاتے ہوئے کہا۔

”جی اچھا“ عنجلی نے کہا اور نقش کے کمرے کی طرف بڑھ گی۔

عنجلی نے الماری کھولی اور اس میں کپڑے رکھنے لگی جب اس کی نظر الماری میں رکھی کتابوں پر پڑی اس نے کتابیں اٹھا کر دیکھی تو حیران رہ گی۔

======================

ارشد آج سارہ دن بہت افسردہ رہا انسان جس سے محبت کرتا ہو ناں اس ایک کانٹا چبھتے ہوے نہں دیکھ سکتا تو پھر ارشد کیسے عنجلی کو غلط راستے پر چلتے ہوے دیکھ سکتا تھا۔ لیکن وہ اسے سمجھا بھی تو نہں سکتا تھا ناں کے وہ جس مذہب کو مانتی ہے اس کا کوئی ی فائی دہ نہں الٹا نقصان ہی دے گا کاش وہ عنجلی کے لیے کچھ کر سکتا اس نے دل میں سوچا یہ لفظ کاش ہوتا ہے ناں اس میں بڑی حسرتیں چھپی ہوتی ہے وہ خواہشیں جو پوری نہں ہوتی وہ باتیں جو ھم کہہ نہں سکتے وہ کاش لفظ کا روپ دھاڑ لیتی ہے۔

جو بات ھم کہہ نہں سکتے اسے ھم فرض کرتے ہے

چلو ھم فرض کرتے ہے ہم تم سے محبت کرتے ہے

======================

آج صبح کا سورج نیلی حویلی کے لیے ڈھیروں خوشیاں لے کر آیا تھا

صبح سے ہی سب اپنی تیاریوں میں مگن تھے ہر کوئی ی اپنے اپنے کام میں مگن تھا۔

جب سب لڑکے اس وقت احسن کے کمرے میں ڈھیرے ڈالے بیٹھے تھے جب رافیعہ بیگم کمرے میں آئی ی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''احسن بیٹا اب کیسی طبیعت ہے تمھاری؟''رافیعہ نے پوچھا۔

''جی بڑی امی اب بالکل ٹھیک ہو''احسن نے ہنستے ہوئے کہا۔

''گڈ اور اب تم اور حمزہ جلدی سے اٹھو اور آکر میرا ہاتھ بٹاؤ اب یہ مزید آرام کا بہانہ نہں چلے گا''رافیعہ نے کہا۔

''اور میرو اور منیب تم دونوں بھی جلدی سے تیار ہو جاو''رافیعہ نے کہا تو حمزہ اور احسن دونوں ہی رافیعہ بیگم کے ساتھ کمرے سے نکل گے اور منیب اور میرو بھی اپنے اپنے کمروں میں تیار ہونے چلے گے۔

==================

''بڑی ممانی رابعہ اور سونیا نے کب پارلر جانا ہے ایکچوئی یلی مجھے بھی سیلون جانا ہے مجھے یہاں کے سیلون کا پتہ نہں ہے تو سوچا ان کے ساتھ ہی چلی جاو گی''پریشے نے کہا۔

''بیٹا وہ تینوں تو بس ابھی احسن کے ساتھ سیلون کے لیے نکلی ہے''رافیعہ بیگم نے کہا۔

''اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چلیں کوئی ی بات نہں''پریشے اداسی سے کہتی ہوئی ی پلٹی جب رافیعہ نے اس پکارا۔

''پریشے تم ایسے کرو اپنا بیگ لے کر آو میں حمزہ سے کہتی ہو وہ تھمیں سونیا لوگوں کے پاس چھوڑ آئے گا''رافیعہ نے کہا۔

''جی ٹھیک ہے ممانی''پریشے خوشی سے کہتی ہوئی ی اپنے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔

========----

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''حمزہ پریشے کو سیلون چھوڑ آو بیٹا''رافیعہ بیگم نے کہا۔

''لیکن مما''

''لیکن ویکن کچھ نہں بیٹا گھر میں اور کوئی ی نہں ہے اور اکیلے میں اسے بیجھ نہں سکتی اس لیے بہتر ہے کے تم اسے ساتھ لے جاو''رافیعہ نے کہا۔

''جی ٹھیک ہے میں گاڑی میں انتظار کر رہا ہو''حمزہ کہتے ہوئے گاڑی کی طرف بڑھ گیا تھا

پریشے کے گاڑی میں بیٹھتے ہی حمزہ نے گاڑی سٹارٹ کر دی گاڑی میں بالکل خاموشی تھی۔

''آپ اس منگنی سے خوش نہں ہے کیا؟''پریشے نے گاڑی میں چھائی خاموشی کو توڑا تھا۔

ا''یسا کچھ نہں ہے''حمزہ نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا۔

''پھر مجھے ایسا کیوں لگتا ہے؟''پریشے نے سوالیہ پوچھا۔لیکن حمزہ خاموش ہی رہا۔

''تھینکس حمزہ''پریشے نے اسے دوبارہ مخاطب کیا۔

''کس لیے؟''حمزہ نے سوالیہ پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

"تھینکس فار ایوری تھنگ حمزہ میری عزت میری زندگی بچانے کے لیے"پریشے نے کہا۔

میں سوچتی رہتی ہوں...

تمہارے ساتھ کو !

تمہارے بعد کو نہیں،!

تمہارے بعد کا جملہ مجھ سے

ادا نہیں ہو پاتا،...

تمہارے بعد کی سوچ مجھ سے

سوچی نہیں جاتی،...

تمہارے بعد کا لفظ...

مجھے پڑھنا نہیں آتا...،

تمہارے بعد کی باز گشت

مجھے سنائی نہیں دیتی !

میں سوچتی رہتی ہوں!

تمہارے ساتھ کو!

تمہارے بعد کو نہیں!!

"نو نیڈ فار دِس"حمزہ نے سیلون کے سامنے گاڑی روکتے ہوے کہا۔

"سیلون آگیا ہے ؟"حمزہ نے کہا تو پریشے گاڑی سے اتری اور سیلون کی طرف بڑھی گی۔

===================

خالد اور وہاب نے مل کر سارے اریجمنٹ دیکھے تھے ان کے خاندان کی پہلی شادی تھی وہ چاہتے تھے سب کچھ پرفیکٹ ہو کسی چیز کی کمی نہ رہے اس لیے وہ ہر کام اپنے زِیر نگرانی کروا رہے تھے۔

=============

Posted On Kitab Nagri

نقش اپنے روم میں بیٹھا تھا جب عنجلی بنا نوک کیے اس کے کمرے میں آئی اور اس کے سامنے کتابیں پھینکنے کے انداز میں رکھی تھی اور کچھ پل کے لیے نقش کے چہرے کا رنگ بدلا تھا لیکن اس نے جلدی ہی خود ہی کمپوز کر لیا تھا۔

"یہ سب کیا ہے؟" عنجلی نے پوچھا۔

"کتابیں ہے اور کیا ہے؟" نقش نے کہا۔

"لیکن کونسی کتابیں میں یہ پوچھ رہی ہو؟" عنجلی نے کہا۔

"اسلامک کتابیں ہے" نقش نے جواب دیا۔

"اور کیا میں جان سکتی ہو یہ کتابیں تمھارے پاس کیا کر رہی ہے؟" عنجلی نے سپاٹ لہجے میں پوچھا۔

"کیونکہ میں اسلام پر ریسرچ کر رہا ہو"

"لیکن کیوں؟" عنجلی نے سوالیہ پوچھا اور جواباً نقش نے اسے ساری بات بتا دی

ساری بات جاننے کے بعد عنجلی کچھ پل کے لیے تو ساکت رہ گی اور پھر جب وہ بولی تو اس کے لہجے میں بھی درد ہی درد تھا۔

اس نے بھی نقش کو اپنے اور ارشد کے بارے میں سب کچھ بتا دیا تھا۔ نقش کو احساس ہوا وہ دونوں ایک ہی منزل کے دو مسافر ہے۔

"بھائی میں بھی آپ کے ساتھ مل کر اسلام پر ریسرچ کرنا چاہتی ہو میں بھی جاننا چاہتی ہو اس مذہب کے بارے میں جو ارشد سر کو میری طرف ایک نگاہ غلط بھی نہیں اٹھانے دیتا تھا یہ جانتے ہوئے بھی کے میں ایک غیر مسلم ہو انھوں نے مجھے عزت ہی دی ہمیشہ" عنجلی نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔

اور پھر وہ بھی نقش کے ساتھ اس کی ریسرچ میں شامل ہو گی تھی اور نقش کو اب تک جو باتیں معلوم ہوئی تھی وہ اسے بتاتا گیا۔

=========

منیب تیار ہو رہا تھا جب سعد اس کے کمرے میں آیا۔

"کیا بات ہے بھی آج تو میرا دوست چاند نگر کا شہزادہ لگ رہا ہے" سعد نے منیب کے گلے لگتے ہوئے کہا تو منیب مسکرا پڑا۔

منیب نے گولڈن کلر کی شیروانی پہنی تھی ہاتھ میں بلیک ریسٹ واچ پہنے سر پر ریڈ پگڑی پہنے وہ واقعے ہی شہزادہ لگ رہا تھا جبکے سعد نے بلیک کلر کی شیروانی پہنی ہوئی تھی۔

=================

میرو نے لائیٹ گولڈن کلر کی شیروانی پہنی تھی کلائی میں ریسٹ واچ ڈالی تھی اور سر پر اس نے بھی ریڈ پگڑی ہی پہن رکھی تھی اور وہ بھی بہت پیارا لگ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

''بھائی ی آجاے نیچھے بابابلارہے ہے''حمزہ میرو کوبلانے آیاتومیرواس کی ساتھ نیچھے کی طرف چل پڑاجبکہ حمزہ نے بلیو پینٹ شرٹ پہن رکھی تھی بالوں کوسلیقے سے سیٹ کیے وہ خانوں کاشہزادہ لگ رہاتھا۔

=========================

''یوآرریڈی میم''،بیوٹیشن نے کہا۔توسونیانے نظریں اٹھاکرآئی ینے میں دیکھاتھاریڈاورڈراک گولڈن کلر کے کامیننشن کالہنگاپہنےاوراس کے ساتھ کی ہی میچنگ جیولری پہنے نک سک سے تیار سونیاکسی کے بھی دل کے تار چھیڑ سکتی تھی اور پھر منیب وہ تواس سے پیار کرتاہے ناں منیب کے نام پے سونیا کے چہرے پرایک تلخ مسکراہٹ ابھری تھی۔

''محبت اور مجھ سے مائے فٹ''سونیانے منہ میں کہا۔

==========

اتفاقاآج پریشے نے بھی بلیو کلر کالہنگاپہناتھاجس پر سلور رنگ کاکام ہواتھااپنے لمبے بالوں کو سٹیٹ کرکے اس نے بالکل کھلا چھوڑارکھاتھااورآج وہ بہت اچھے سے تیار ہوئی ی تھی شائی دآج ہی حمزہ اس کی طرف مائی ل ہوجاے پریشے نے دل میں سوچاتھا۔

=========================

ثانیہ نے بلیک کلر کالہنگاپہنناتھاجس پر گولڈن ایمبرڈری ہوئی ی تھی بالوں کوآگے سے ٹویسٹ کرکے باقی سب بالوں کواس نے کرل کیاتھااورآنکھوں میں کاجل اور ہونٹوں پر ڈراک ریڈلپ اسٹک لگاے وہ شیشے میں اپناتنقیدی جائی زہ لے رہی تھی۔

=============

رابعہ نے فل ریڈ کلر کالہنگاپہنناتھاجس پر گولڈن کلر کی ایمبرڈری ہوئی ی تھی برائی یڈل روپ میں نک سک سی تیار ہوئی ی رابعہ آج ازمیر پر بجلیاں گرنے کاارادہ رکھتی تھی۔

======================

احسن نے بلیک ڈریس پہنناتھالاکھ خوشی کے باوجود بھی اس کے چہرے پر درد کی ایک لہر موجود تھی جووہ سب سے چھپانے کی کوشش میں کھوکھلی ہنسی ہنس رہاتھا۔

==================

بارات کااستقبال بہت ہی شاندار طریقے سے کیاگیاتھااوراب دونوں دولہے سٹیج پر بیٹھے تھے۔جب سونیااوررابعہ کو سٹیج پرلایاگیاتھا۔میرواور منیب تو نظریں ہٹاناہی بھول گے تھے سونیاکو منیب کے اور رابعہ کومیرو کے پہلو میں بیٹھایاگیاتھااور پھر نکاح کی رسم شروع ہوئی ی تھی۔پہلے میرواوررابعہ کا نکاح کافریضہ سرانجام دیاگیاتھا۔اور پھر منیب اور سونیاکانکاح شروع کیاگیا۔

''سونیابنت خالد خان آپ کانکاح منیب بنت وہاب خان کے ساتھ سکہ رائی ج وقت بمعہ بیس لاکھ حق مہر کیاجاتاہے

Posted On Kitab Nagri

کیاآپ کو یہ نکاح قبول ہے؟““

نکاح خواہاں نے پوچھا۔

تو پورے ہال میں ایک پل کے لیے خاموشی چھا گئی تھی سونیا نے کوئی ی جواب نہں دیا تو قاضی صاحب نے اپنی بات دہرائی ی لیکن سونیا کی طرف سے ابھی بھی خاموشی تھی۔آسان نہں ہوتا ناں ایسے شخص کو اپنانا جو آپ کا بھروسہ آپ کا اعتبار کھو چکا ہو کتنی خواہش تھی سونیا کی وہ منیب کی دولہن بنے لیکن آج جب اس کی خواہش نے حقیقت کا روپ دھارا تھا تو سوائے ماتم کے اس کے پاس کوئی ی چارہ نہں تھا۔ایک آنسو اس کی آنکھ سے ٹوٹ کر گرا تھا۔

پورے ہال میں سرگوشیاں شروع ہو چکی تھی گھر والے بھی سب پریشان ہو گے تھے کے سونیا جواب کیوں نہں دے رہی تھی تبھی ہی رافیعہ بیگم سونیا کی طرف جھکی تھی ”بیٹا جواب دو قاضی صاحب آپ کے جواب کے منتظر ہے“رافیعہ نے سونیا کے کان میں سرگوشی کی تھی

اور سونیا اپنے حواسوں میں لوٹی تھی۔

”ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔ قبول ہے“سونیا نے اٹکتے ہوے جواب دیا تو سب کی روکی ہوئی ی سانس بحال ہوئی ی تھی اور منیب کے چہرے پر بھی تلخ مسکراہٹ بکھری تھی۔

”کتنا چاہا تھا اس نے سونیا کو لیکن وہ اس کی زندگی میں اس طرح شامل ہو گی کے سونیا کے لیے یہ رشتہ ایک بوجھ کے علاوہ اور کچھ نہں ہو گا اس نے سوچا ہی نہں تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

محبت بھیک ہوتی تو

تمھارے در پہ جھک جاتے

خدا کا واسطہ دے کر

یہ تم سے مانگ لیتے ہم

صدا دیتے!!!

خدا کے واسطے یہ ...

ڈال دو جھولی ہماری میں

مگر یہ بھیک تھوڑی ہے

جو جھک کے مانگ لی جائے

فقط احساس ہے جاناں

Posted On Kitab Nagri

محبت آس ہے جاناں

بہت حساس ہے جاناں

کبھی احساس کو بازار میں...

بِکتے ہوئے دیکھا؟

کسی بھی آس کو....

کشکول میں ڈالا نہیں جاتا

__محبت ایک جذبہ ہے

جو مانگے سے نہیں ملتا

اگر یہ بھیک ہوتی تو

بھکاری بن گئے ہوتے

مگر یہ بھیک تھوڑی ہے

سہولت سے جو مل جائے

سہولت سے نہیں ملتی

بڑی مشکل سے ملتی ہے

یہ دل کو دل سے ملتی ہے

تمہیں احساس ہی کب ہے۔۔؟

ہماری آس ہی کب ہے۔۔!!

_تمہیں احساس ہوتا تو

ہمارے ہو گئے ہوتے۔۔۔

فقط یہ سوچ کے ..,

تم سے جدائی کا ارادہ ہے

محبت بھیک تھوڑی ہے

جو تم سے مانگتے پھرتے

Posted On Kitab Nagri

مگر یہ ذہن میں رکھنا

زمانہ بیت جائے تو

ہماری یاد آئے تو

ہمیں آواز دے لینا

ہمیشہ پاس پاؤگے

ہمارے دل میں چاہت کا

سدا احساس پاؤگے!!!......

ہال میں ہر طرف مبارک مبارک کی آواز گونجی تھی اور سب ایک دوسرے کو گلے مل رہے تھے جب پریشے مٹھائی کی پلیٹ لے کر احسن کی طرف آئی تھی۔

''بھائی کی شادی مبارک ہو احسن''، پریشے نے احسن کی جانب مٹھائی کا ٹکڑا بڑھایا تھا جو اس نے پریشے کا ہاتھ تھامتے ہوئے کھا لیا جبکہ اس کی نظریں پریشے کے چہرے پر جمی تھی۔

''بہت پیاری لگ رہی ہو''احسن نے مٹھائی کھانے کے بعد کہا۔

''لیکن کیا فائدہ جس کے لیے تیار ہوئی اس نے ایک نظر دیکھنا بھی گوارہ نہیں کیا''، پریشے نے کہا۔

احسن کے چہرے پر ایک تلخ مسکراہٹ بکھری تھی محبت اس کی تھی لیکن نصیب کسی اور کا تھا۔

===================

رخصتی کے وقت رابعہ کے علاوہ سونیا بھی رافیعہ کے گلے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی کے سب پریشان ہوں گے تھے رابعہ کا رونا تو سب کی سمجھ میں آ رہا تھا کیونکہ وہ اپنے ماں باپ کو چھوڑ کر ایک گھر سے دوسرے گھر جا رہی تھی لیکن سونیا نے اپنے گھر میں ہی رہنا تھا لیکن پھر وہ کیوں اتنا بلک بلک کر رو رہی تھی کچھ دکھ ایسے ہوتے ہے جو انسان کہہ نہیں سکتا لیکن ان پر جی بھر کر رو تو سکتا ہے ناں۔ رافیعہ اور ثانیہ نے بڑی مشکل سے سونیا کو چپ کروایا اور اسے گاڑی میں بیٹھایا تھا۔

سعد کی نظریں پوری شادی میں ثانیہ کے ارد گرد ہی گھومتی رہی تھی اسے ثانیہ بالکل کانچ کی گڑیا لگ رہی تھی۔

===================

رابعہ اور سونیا کو گھر لانے کے بعد کچھ رسمیں کی گی تھی اور پھر ثانیہ رابعہ کو میرو کے کمرے میں اور پریشے سونیا کو منیب کے کمرے میں لے آئی تھی۔

========

Posted On Kitab Nagri

منیب کمرے میں داخل ہونے لگا تھی جب پریشے اس کے سامنے کھڑی ہو گی تھی۔

''کیا ہوا منیب نے حیرت سے پوچھا تھا؟''

''منیب بھائی پہلے میرا نیگ دیں پھر ہی کمرے میں جاسکتے ہے'' پریشے نے کہا۔

''ایک سیکنڈ کس بات کا نیگ ؟'' احسن بھی وہاں آگیا تھا۔

''کمرے میں جانا ہے ناں تو پہلے آپ کو نیگ دینا ہو گا'' پریشے نے کہا۔

''کوئی ی نہں منیب تم اس بھوکی کو کچھ نہں دو گے اب تم اپنے کمرے میں جانے کے لیے بھی پیسے دو گے کیا؟'' احسن نے پریشے کو تنگ کرتے ہوئے کہا۔

اور اب دونوں کی باقاعدہ بحث شروع ہو گی تھی ان کی بحث سے تنگ آتے ہوئے منیب نے جیب سے وائی لٹ نکلتے ہوئے پریشے کے ہاتھ میں رکھا تھا

''یہ لو پریشے تمھارا نیگ'' منیب نے کہا۔

''تھینکس منیب بھائی یاں'' پریشے نے خوشی سے کہا اور احسن کو زبان دیکھاتے ہوئے وہاں سے چلی گی۔

==================

''ثانیہ پلیز یار جانے دوناں مجھے کمرے میں'' میرو نے التجا کی تھی۔ ثانیہ نے پچھلے آدھے گھنٹے سے میرو کو کمرے کے باہر روکے رکھا تھا۔

''اچھا بتاؤ کتنے پیسے چاہیے؟'' میرو نے عاجز آتے ہوئے کہا۔

''پیسے نہں چاہیے'' ثانیہ نے بے نیازی سے کہا۔

''تو پھر'' میرو نے سوالیہ پوچھا۔

''آپ وعدہ کرے آپ مجھے ڈرائی یونگ کرنا سکھائے گے'' ثانیہ نے میرو کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہوئے کہا۔

''اچھا بابا وعدہ'' میرو نے حامی بھر لی۔

''اوکے اب آپ جاسکتے ہے'' ثانیہ کہتے ہوئے راستے سے ہٹ گی تو میرو کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

====================

میرو کمرے میں آیا تو رابعہ نظریں جھکائے بیٹھی تھی اس نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں سختی سے پیوست کر رکھی تھی۔ جس سے ظاہر ہو رہا تھا کے وہ نروس ہے میرو آگے بڑھا اور رابعہ کے قریب بیٹھ گیا رابعہ مزید خود میں سمٹی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''بہت پیاری لگ رہی ہو رابعہ''میرو نے کہتے ہوئے رابعہ کی کلائی ی میں بریسلٹ پہنایا تھا تو رابعہ مسکرا پڑی تھی اور ایک حسین زندگی ان دونوں کی منتظر تھی۔

==============

منیب کمرے میں آیا تو سونیا بالکل ساکت بیٹھی تھی۔منیب آگے بڑھا اور بالکل سونیا کے سامنے جا کھڑا ہوا تھا۔

''تو کیسا لگ رہا ہے سونیا منیب خان ایک بد کردار شخص کو شوہر کے روپ میں دیکھ کر؟''منیب نے سپاٹ لہجے میں کہا۔

تو سونیا نے نظر اٹھا کر منیب کو دیکھا تھا اور بیڈ سے اٹھ کر منیب کے سامنے کھڑے ہوئی ی تھی اور اس کا حسن دیکھ کر ایک پل کے لیے منیب بہکا تھا اسے اپنا دل اپنے بس سے نکلتا ہوا محسوس ہوا تھا۔

''دنیا کے سامنے چاہیے اس ھمارے رشتے کو ایک نام مل گیا ہو لیکن میں اس رشتے کو نہں مانتی آپ کو مجھ پر اور میرا آپ پر کوئی ی حق نہں ہے''سونیا نے بھی تلخی سے کہا۔اور سونیا کی باتیں منیب کو اندر تک سلگا گی تھی۔

اس نے دو قدم بڑھاتے ہوئے اپنے اور سونیا کے بیچ کا فاصلہ سمیٹے ہوئے سونیا کی کمر کے گرد اپنے بازو کا حصار باندھا تھا۔اور سونیا کی طرف جھکتے ہوئے اس کی پیشانی پر اپنے ہونٹ رکھتے ہوئے اپنے حق کی پہلی مہر ثابت کی تھی۔سونیا کو اہنی سانس روکتی ہوئی ی محسوس ہوی تھی۔

''امید کرتا ہو تھمیں اب میرے رشتے اور حق کا بہت اچھی طرح احساس ہو گیا ہو گا؟''اس لیے آئندہ مجھ سے اس طرح بات نہں کرنا''منیب نے کہتے ہوے ایک جھٹکے سے سونیا کو چھوڑا تھا اور سونیا اپنا توازن ناں برقرار رکھ پائی ی اور صوفے سے ٹکرا گی تھی اور اسے اپنے کندھے میں درد کی ایک شدید لہر اٹھتی محسوس ہوئی ی تھی جسے وہ برداشت کر گی تھی۔

اسے چھوڑنے کے بعد منیب بیڈ کی طرف بڑھ گیا تھا اس کو پتہ نہں چلا تھا کے سونیا اپنا توازن برقرار نا رکھتے ہوئے صوفیہ سے ٹکرا گی ہے منیب نے لائیٹ بند کی اور آنکھیں موندے سونے کے لیے لیٹ گیا تھا۔

سونیا اسی پوزیشن میں ہی بیٹھی روتی رہی اور روتے روتے ہی اسے نیند آ گی تھی۔

آپ جن کے قریب ہوتے ہیں

وہ بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں

جب طبیعت کسی پر آتی ہے

موت کے دن قریب ہوتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

مجھ سے ملنا پھر آپ کا ملنا

آپ کس کو نصیب ہوتے ہیں

ظلم سہہ کر جو اف نہیں کرتے

ان کے دل بھی عجیب ہوتے ہیں

عشق میں اور کچھ نہیں ملتا

سیکڑوں غم نصیب ہوتے ہیں

==================

منیب کی آنکھ صبح کھولی تو وہ بیڈ کراؤن کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا جب اس کی نظر سامنے زمین پر سور ہی سونیا پر پڑی جو صوفے کی کنارے سے سر ٹکائے سو رہی تھی۔ اس کے چہرے پر آنسو کے مٹے مٹے نشان تھے منیب کے دل کو کچھ ہوا تھا۔ ایک پل کے لیے اس نے سوچا وہ سونیا کو ساری حقیقت بتا کر اپنی اور سونیا کی زندگی آسان بنا لے۔

لیکن اگلے ہی پل سونیا کی باتیں اس کے ذہن میں گونجی تھی اور بدکرداری کا طعنہ اس کا ارادہ بدل گیا تھا۔ وہ اٹھا اور گھٹنوں کے بل جھکتا ہوا سونیا کے قریب بیٹھا تھا۔ کچھ دیر سونیا کو دیکھتے رہنے کے بعد وہ سونیا کو اٹھانے کے لیے جھکا تا کے اسے بیڈ پر لیٹا دیں جیسے ہی اس نے سونیا کے کندھے کو ہاتھ لگایا وہ سسک کر اٹھی تھی درد کے آثار اس کے چہرے پر واضح تھے۔

4

"کیا ہوا؟" منیب نے اس کے چہرے پر درد کے آثار دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"کچھ نہں" سونیا نے کہا اور وہاں سے اٹھنے لگی جب منیب نے اس کا ہاتھ تھاما تھا۔

"کیا ہوا ہے بتاؤ مجھے؟" منیب نے انتہائی نرمی سے پوچھا تو اس کے لہجے کی نرمی پر سونیا کے آنکھیں بھیگی تھی۔

"یہ بھی ٹھیک ہے پہلے درد دو اور پھر وجہ بھی پوچھو؟" سونیا نے روتے ہوئے کہا۔

"کیا مطلب؟" منیب نے نا سمجھی سے پوچھا۔

تو سونیا نے رات والی پوری بات بتادی جب وہ گری تھی اور صوفے سے ٹکرائی تھی اور بتاتے بتاتے پھر رو پڑی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

منیب کو شدید شرمندگی ہوئی تھی کے اس نے سونیا کو اتنا ڈانٹ دیا اس نے آگے بڑھ کر سونیا کو خود میں سمیٹا تھا تو اس کا لمس محسوس کرتے ہوئے سونیا بلک بلک پر رو پڑی تھی۔

"آئی ایم رئیلی سوری میرا مقصد بالکل بھی تمھیں تکلیف پہنچانا نہیں تھا" منیب نے اس کے بالوں کو سہلاتے ہوئے کہا۔ تو سونیا اس سے دور ہوتے ہوئے اپنے آنسو صاف کرنے لگی۔

منیب کو واقعی ہی بہت شرمندگی ہو رہی تھی ایک اپنی انا برقرار رکھنے کے لیے اس نے اپنی زندگی کی سب سے اہم رات برباد کر دی وہ سونیا کو پیار سے بھی تو سمجھا سکتا تھا نا اس سب کچھ لیکن پتہ نہیں اسے بھی کیا ہو گیا تھا۔ منیب اب خود کو کوس رہا تھا اس نے سوچ لیا تھا کے اب وہ سب کچھ بھلا کر اپنے اور سونیا کے رشتے کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرے گا۔

"چلو اٹھو بیڈ پر بیٹھو میں آئی نمنٹ لگا دیتا ہو تمھارے کندھے پر" منیب نے کھڑے ہوتے کہا اور ہاتھ بڑھا کر سونیا کو بھی اٹھایا تھا۔

"نہیں میں ٹھیک ہو اب" سونیا نے اٹکتے ہوئے کہا۔

"نہیں تم بیٹھو میں لگا دیتا ہو آئی نمنٹ" منیب کہتے ہوئے دراز سے آئی نمنٹ نکال لایا تھا اور سونیا کی طرف بڑھا تھا۔

"نہیں منیب میں بالکل ٹھیک ہو" سونیا نے کہا۔

"ٹھیک ہے اگر مجھ سے نہیں لگوانا تو خود لگا لو لیکن ابھی لگا لو" منیب نے کہتے ہوئے آئی نمنٹ اسے تھمایا تھا اور خود کمرے سے چلا گیا تھا وہ جان گیا تھا کے سونیا اس سے گھبرا رہی ہے اس لیے وہ اس نے بھی زیادہ فورس نہیں کیا۔

===============

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"گڈ مارننگ"

رابعہ آئینے کے سامنے کھڑی اپنے گیلے بال کو سلجھا رہی تھی جب ازمیر کی آنکھ کھلی تھی۔

"گڈ مارننگ"

رابعہ نے مسکراتے ہوئے کہا اور ازمیر اٹھ کر فریش ہونے چلا گیا۔

"آپ کا کونسا ڈریس پریس کرو؟" ازمیر فریش ہو کر آیا تو رابعہ نے پوچھا۔

"کوئی بھی نہیں؟" ازمیر نے کہا۔

"کیوں؟"

"کیوں کے میری پیاری بیوی اب میں اپنی ایک دن کی دلہن سے کام تھوڑی کرو گا اس لیے آپ رہنے دے میں میڈ سے پریس کروا لو گا" ازمیر نے مسکراتے ہوئے کہا تو رابعی بھی مسکرا پڑی۔

===============-

Posted On Kitab Nagri

"آپ ہوش میں بھی ہے مسٹر شام گوئی نکا آپ کہہ کیا رہے ہے؟" حارث نے تحمل سے جواب دیا یہ وقت جوش سے نہں ہوش سے کام لینے کا تھا کیونکہ بات ان کی بیٹی کی عزت کی تھی۔

"میں غلط ہی کیا کہہ رہا ہو حارث ھمارے بچے بڑے ہے سمجھدار ہے اور ایک دوسرے کو پسند بھی کرتے ہے تو کیا یہ بہتر نہں کے ھم اپنی ذاتی دشمنی بھول کر اپنے بچوں کی خوشیوں کو ترجیح دیں؟" شام گوئی نکا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"لیکن بابا ایسا کچھ نہں ہے" نقش نے کہا۔

"نقش تم چپ رہو مجھے بات کرنے دو" شام گوئی نکا نے اسے چپ کروا دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

"بکواس ہے یہ سب تمھارے ہمت کیسے ہوئی ی میری بیٹی پر اتنا گھٹیا الزام لگانے کی" حارث اپنا آپا کھو بیٹھے اور انھوں نے حارث کو گریبان سے پکڑا تھا جب کے شہریار اور عافیہ اور باقی سب حیرت سے کنگ تھے۔

"ریلکس حارث صاحب ریلکس آپ اپنی بیٹی سے پوچھ سکتے ہے کیا وہ اور میرا بیٹا ایک ہی یونیورسٹی میں ایک ہی کلاس میں ایک ساتھ اکھٹے نہں پڑھتے تھے؟" شام گوئی نکا نے تاش کا آخری پتہ پھینکا تھا۔

"ھمیں کچھ بھی نہں پوچھنا ھم اپنی بیٹی کو بہت اچھی طرح جانتے ہے آپ دفع ہو جاے یہاں سے" ارشداب کے دھاڑا تھا جبکے حمزہ کو تو کچھ سمجھ نہں آ رہا تھا کے یہاں ہو کیا رہا تھا۔

"ٹھیک ہے ابھی تو ھم چلے جاتے ہے لیکن دوبارہ پھر ضرور آئے گے اور آپ کی بیٹی ھماری ہی بہو بنے گی" شام گوئی نکا نے بظاہر تو نرمی سے کہا لیکن ان کے لہجے میں دھمکی واضح تھی۔

انھوں نے کہا اور وہاں سے چلے گے۔

"حارث یہ سب کیا تھا؟" عثمان نے پوچھا تھا۔

"کچھ نہں انکل یہ سب بکواس کر رہے تھے آپ پلیز منگنی کی رسم شروع کرے" ارشد نے کہا۔

"نہں اب یہ منگنی نہں ہو سکتی" عافیہ بیگم نے پردہ ہٹاتے ہوے کہا۔

"لیکن کیوں عافیہ تم ایسا کیوں کہہ رہی ہو؟" عثمان صاحب نے کہا۔

"کیونکہ میں ہر گز ایسی لڑکی سے اپنے بیٹے کی شادی نہں کروگی جس کا کسی اور کے ساتھ چکر ہو" عافیہ نے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بھابھی زبان سنبھال کے بات کرے" حارث نے کہا جب کے شہریار بالکل چپ تھا اس سمجھ نہں آ رہا تھا کون سہی ہے اور کون غلط وہ فیصلہ نہں کر پا رہا تھا۔

"آپ اپنی بیٹی کو سبھالیے بھائی ی صاحب جو آپ کی ناک کے نیچے کیا گل کھلاتی پھر رہی ہے ویسے تو بڑی پار سا بنتی ہے لیکن حرکتیں دیکھو ایک ہندو لڑکے سے عشق لڑا لیا" عافیہ نے انتہائی ی بدتمیزی سے کہا جب کے چاند اتنا گھٹیا الزام سن کر بے ساختہ زمین پر بیٹھی تھی اس میں مزید اور کھڑے رہنے کی ساکت نہں تھی اور نصرت بیگم نے کرسی کو تھام رکھا تھا ان کی فرشتہ صفات بچی پر کیسے کیسے الزام لگاے جا رہے تھے۔۔

"بس آنٹی بس ایک اور لفظ مت کہیے گا ورنہ میں آپ کا احترام بھول جاو گا اور آپ کیا میری بہن سے رشتہ توڑے گے ھم خود آپ سے ہر رشتہ توڑتے ہے میں ہر گز وہاں شادی نہں کروگا جہاں میری بہن کے کردار پر انگلیاں اٹھائی ی گی ہو" ارشد نے اپنے ہاتھ سے انگوٹھی اتارتے ہوے شہریار کے ہاتھ پر رکھی تھی۔

"اب آپ لوگ یہاں سے جا سکتے ہے" ارشد نے بنا کسی مروت کے کہا تو وہ پوری فیملی وہاں سے چلی گی ارشد اور حارث حوریہ اور نصرت کی جانب بڑھاے تھے اس وقت انھیں سب کو سنبھالنا تھا۔

"حوریہ بیٹا اٹھو ایسے کیوں بیٹھی ہو؟" حارث صاحب نے اس کو کھڑے کرتے ہوے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

''بابا میں نے کچھ نہں کیا آئی ی سویر میں نے کچھ نہں کیا میں نے کبھی اس لڑکے سے بات تک نہں کی آئی ی سویر بابا میں نے کچھ نہں کیا'' حوریہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی تھی۔ ''حوریہ میری جان ھم جانتے ہے تم کیوں صفائی ی دے رہی ہو'' نصرت بیگم نے آگے بڑھ کر اسے گلے لگایا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی تھی۔

''بابا آپ حوریہ کو اندار لے کر جائے میں اور حمزہ یہاں سے سب سامان سمیٹ کر آتے ہے'' ارشد نے کہا تو حارث اور نصرت حوریہ کو لے کر اندار کی جانب بڑھے۔

''ارشد تم بھی جاو میں سب دیکھ لوگا یہاں ابھی تمھاری بہن کو تمھاری ضرورت ہے ''

حمزہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوے کہا تو ارشد بھی اندار کی جانب بڑھا تھا

جبکے حمزہ خود گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھا تھا وہ پوری بات تو نہں جانتا تھا لیکن اس کا دل کہتا تھا اس کی حوریہ ایسا کوئی ی کام کر ہی نہں سکتی جس سے اس کی عزت پر حرف آئے۔ وہ اتنے دن سے اس گھر میں ہے اور حوریہ ایک دفعہ بھی اس کے سامنے بنا نقاب کے نہں آئی ی تو پھر وہ ایک غیر مسلم کے ساتھ پیار نہں وہ ایسا کر ہی نہں سکتی تھی حمزہ کو شام گوئی نکا کی کسی بات پر یقین نہں آیا تھا اس نے سوچ لیا تھا کے وہ حوریہ کے کردار پر سے یہ داغ مٹا کر رہے گا۔

چاند مسلسل رو رہی تھی جب کے باقی سب اسے تسلی دے رہے تھے۔ نصرت بیگم بڑی مشکل سے چپ کروا کر کمرے میں لے کر آئی ی تھی جبکے حارث اور ارشد ابھی لاونج میں بیٹھے تھے۔ پریشانی ان کے چہروں سے عیاں تھی

جب حمزہ سب کام سمیٹ کر واپس لاونج میں آیا تھا۔ حارث صاحب دونوں ہاتھوں میں سر تھامے بیٹھے تھے ان کی سمجھ میں نہں آ رہا تھا کے اچانک یہ سب کیا ہو گیا تھا؟ خوشیوں کا ماحول ایک دم سے ماتم میں کیسے بدل گیا تھا؟ تبھی حارث صاحب کے نمبر پر کال آنے لگی تھی۔ حارث صاحب نے کال ریسیو کی اور آگے سے کہی گی بات سن کر ان کے ہاتھ سے فون چھوٹ کر گر گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''کیا ہوا انکل کس کا فون تھا؟'' حمزہ اور ارشد حارث کی طرف بڑھے تھے۔

''شام گوئی نکا کے مینجر کا فون تھا کہہ رہا تھا اگر ھم نے شام گوئی نکا کی ابھی بات ناں مانی تو صبح کا سورج ھمارے لیے بدنامی کا پیغام لے کر آے گا''

''اس کی اتنی ہمت اس کو تو میں جان سے مار دو گا'' ارشد کہتے ہوے باہر کی جانب بڑھا تھا جب حمزہ نے اسے روک لیا تھا۔

''ارشد بھائی ی جوش سے نہں ہوش سے کام لیجے آپ کا کوئی ی بھی جذباتی قدم نقصان کا باعث بن سکتا ہے پہلے آپ مجھے بتاے کے یہ شام گوئی نکا آخر چاہتا کیا ہے؟ کیونکہ کر رہا ہے یہ سب؟'' حمزہ نے پوچھا تو جواباً ارشد نے اسے ساری بات بتا دی تھی۔

''آپ پریشان نہں ہو انکل عزت ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کوئی ی کسی کا کچھ نہں بگاڑ سکتا ابھی بہت رات ہو چکی آپ اپنے اپنے روم میں جاے صبح دیکھتے ہے اس شام گوئی نکا کا کیا کرنا ہے'' حمزہ نے ان کو تسلی دیتے ہوئے سب کو ان کے کمروں میں بیجھا تھا اور خود کمرے میں آتے ہوے کچھ سوچتے ہوے پریشے کا نمبر ڈائی ل کیا تھا۔

===========

Posted On Kitab Nagri

پریشے کمرے میں آئی تو اس کا موبائل بج رہا تھا اس نے موبائل پر نمبر دیکھا تو حمزہ کالنگ لکھا آرہا تھا اس کا دل تو جیسے جی اٹھا تھا لیکن اسے حیرت بھی ہو رہی تھی کیونکہ پچھلے تین سال حمزہ نے اس کبھی کال نہں کی تھی۔اس نے ڈھرکتے دل کے ساتھ کال اٹھائی تھی۔

''ہیلو پریشے میں حمزہ بات کر رہا ہو'' کال ریسیو ہوتے ہی حمزہ نے کہا تھا۔

''جانتی ہو'' پریشے نے آہستہ آواز میں جواب دیا تھا۔

''پریشے میں گھما پھرا کر بات نہں کرو گا سیدھی بات کرو گا یاد ہے تم نے ایک بار کہا تھا کے میں تمھاری طرف سے آزاد ہو؟'' حمزہ نے پوچھا۔

''جی یاد ہے'' پریشے نے جواب دیا اس کا دل ڈھرکنا بھول گیا تھا کہیں ناں کہیں اسے حمزہ کی کال کا مقصد سمجھ میں آگیا تھا۔

''تو پریشے کیا تم ابھی بھی اس بات پر قائم ہو کیونکہ میں کسی اور سے پیار کرتا ہو اور اس سے شادی کرنا چاہتا ہو'' حمزہ نے بنا کسی لگی لپٹی کے کہا تھا۔

اور پریشے کو اپنی پیروں کے نیچھے سے زمین نکلتی محسوس ہوئی تھی تین سال کی جدائی بھی حمزہ کے دل میں پریشے کے لیے محبت نہں ڈال سکی تھی کتنے ہی آنسو اس کی آنکھوں سے بہہ نکلے تھے۔

''ٹھیک ہے آپ میری طرف سے آزاد ہے جب اور جس سے چاہے شادی کر سکتے مجھے کوئی فرق نہں پڑتا'' پریشے نے کہا اور کال بند کرتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی تھی۔

جس سے پیار کرو بدلے میں وہ بھی آپ سے پیار کرے یہ ضروری تو نہں ناں پیار کو پا کر چپ چاپ کھو دینا بھی تو درد کی ایک انتہا ہے اور پریشے خان اس وقت درد کی آخری انتہا پر کھڑی تھی جس کے سامنے باقی سب تکلیفیں بے معنی ہو جاتی تھی۔

===============

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ:اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جاۓ۔

حمزہ شاہد کبھی ایسا نہں کرتا لیکن وہ مجبور تھا وہ حوریہ کو اس مشکل گھڑی میں اکیلا نہں چھوڑ سکتا تھا پریشے کو تو کوئی بھی اچھا لائف پارٹنر مل سکتا تھا لیکن حمزہ کو حوریہ جہانگیر جیسی کوئی اور نہں مل سکتی اس کے بعد میر واور رافیعہ بیگم کو کال کی تھی۔اور ساری بات بتادی تھی اور بہت زیادہ بحث مباحثے کے بعد میر واور رافیعہ بیگم حمزہ کا ساتھ دینے کے لیے مان گۓ تھے لیکن حمزہ نے ابھی خالد خان کو کچھ بھی بتانے سے منع کیا تھا اور کل کی فلیٹ سے رافیعہ اور میر و کو انڈیا بلایا تھا۔اسے نے یہ بھی بتادیا تھا کہ وہ پریشے کو سب بتا چکا ہے اور اسے کوئی اعتراض نہں ہے رافیعہ بیگم ممتا کے ہاتھوں مجبور ہوگی تھی وہ ساری زندگی اپنے بیٹے کو گھٹ گھٹ کر جیتے نہں دیکھ سکتی تھی ایسا نہں تھا انھیں پریشے کا احساس نہں تھا وہ پریشے کا دکھ سمجھ سکتی تھی اس لیے فوراً پریشے کے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔

==========

رافیعہ بیگم پریشے کے کمرے میں آئی تو وہ گھٹنوں میں سر دیۓ رو رہی تھی۔

"پریشے میری بچی کیوں رو رہی ہو؟" وانھوں نے پریشے کو سینے سے لگایا تھا وہ ایک عورت تھی اور عورت کا دکھ بہت اچھے سے سمجھتی تھی۔

"مما۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ممانی حمزہ حمزہ میرے نہں ہے"

"پریشے چپ کر جاو بیٹا شائید وہ تمھاری لائق ہی نہں ہے اس لیے تمھاری قدر نہں کر پایا مجھے پورا یقین ہے اللہ تمھاری زندگی میں اس سے زیادہ اچھا ہمسفر لکھے گا" رافیعہ نے پری کو خود کے ساتھ لگاتے ہوۓ تسلی دی تھی۔اب وہ ان کو کیا بتاتی کہ اسے حمزہ سے اچھا نہں حمزہ ہی چاہیے تھا کیونکہ وہ حمزہ سے محبت کرتی تھی اور ابھی کوئی بات اس کے زخم پر مرہم نہں رکھ سکتی تھی۔

==============

رافیعہ نے گھر میں کہا تھا کہ وہ میر و کے ساتھ حمزہ سے ملنے جانا چاہتی ہے وہ بھی کل ہی۔

سب ان کے فیصلے پر حیران تو بہت ہوۓ تھے لیکن انھوں نے یہ کہہ کر سب کو ٹال دیا کہ وہ تین سال سے حمزہ سے دور ہے اگر حمزہ ابھی پاکستان نہں آ سکتا تو وہ اسے ملنے جانا چاہتی ہے لیکن وہ مزید حمزہ کی دوری برداشت نہں کر سکتی اس لیے وہ کل ہی جانا چاہتی تھی حمزہ کے پاس اور ان کی وضاحت نے سب کو مطمن کر دیا تھا سواۓ پریشے کے کیونکہ وہ سچ جانتی تھی۔

===============

ہارون کا کہا سچ ہو گیا تو صبح کا سورج جہانگیر فیملی کے لیے بدنامی کا ایک نا ختم ہونے والا سلسلہ لے کر آیا تھا۔حوریہ کے پوسٹر ایک اجنبی لڑکے ساتھ چھپوا کر گلیوں بازوں میں لگادیۓ گۓ تھے پک کو بہت غلط طریقے سے ایڈیٹ کیا گیا تھا ان پوسٹر والی پکس پر بھی حوریہ کے چہرے پر نقاب تھا اور اوپر جعلی

Posted On Kitab Nagri

حروف میں لکھا گیا تھا'' پارسا حوریہ جہانگیر جو کے دنیا کی نظر میں خود کو بہت پاکیزہ ظاہرہ کرتی ہے اس کا یونیورسٹی کے لڑکے ساتھ عشق معاشقہ چل رہا ہے''۔ پوسٹر جگہ جگہ لگائے گے تھے۔ حوریہ کو بدنام کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ گی تھی۔

جہانگیر فیملی اب سہی معنوں میں دل تھام کر رہ گی تھی۔

''یہ سب دیکھنے کے بعد کون کرے گا میری بچی کی بے گناہی کا یقین حارث صاحب آپ کچھ کرتے کیوں نہیں ان لوگوں کے خلاف جائے ناں پولیس میں رپوٹ لکھوئے ان کو سزا دلوئے جو میری بچی کو اس طرح بدنام کر رہے ہے؟'' نصرت بیگم رو رہی تھی۔

''کوئی فائیدہ نہیں ہے نصرت اس شہر میں قانون بھی ان کا اور حکومت بھی کوئی ہماری بات نہیں سنے گا لیکن کوئی مانے یا ماننے ہمیں تو پتہ ہے ناں ہماری بیٹی بے قصور ہے'' حارث صاحب نے کہا۔

''ہمارے ماننے سے کیا ہوتا ہے؟ حارث آخر رہنا تو چاند کو اسی معاشرے میں ہے ناں یہ لوگ چاند کی کبھی عزت دار گھرانے میں شادی نہیں ہونے دے گے'' نصرت بیگم نے روتے ہوے کہا۔

جبکے ارشد کا بس نہیں چل رہا تھا کے وہ ہارون کا خون کر دے لیکن حارث نے اسے قسم دی وہ ایسا کچھ نہیں کرے گا۔

جبکے یہ سب جاننے کے بعد حوریہ ایک زندہ لاش بن گی تھی زندگی اچانک سے پھولوں کی سیج سے کانٹوں میں بدل گی تھی وہ ابھی تک صدمے میں تھی۔

نصرت حارث اور ارشد لاونج میں بے بسی کی عملی تصویر بنے بیٹھے تھے جب حمزہ نیچے آیا اور حارث کے پاس بیٹھ گیا۔

''انکل مجھے آپ سے ضروری بات کرنی ہے'' حمزہ نے کہا۔

''ہاں بیٹا بولو'' حارث نے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''انکل آپ مجھے اس لائق سمجھے تو میں حوریہ کا ہاتھ تھامنا چاہتا ہو'' حمزہ نے جھجکتے ہوے کہا۔

تو جب اس کی بات پر ان تینوں نے نظریں اٹھا کر اسے دیکھا تھا۔

''انکل پلیز مجھے غلط مت سمجھیے گا ناں ہی میں آپ کی مجبوری کا فائیدہ اٹھا ہو رہا میں حوریہ کو عزت سے اپنا کر شام گوئی نکا کو منہ توڑ جواب دینا چاہتا ہو آپ بس مجھے اپنے بیٹے کے طور پر قبول کر لے'' حمزہ نے جھکتے ہوے اپنی بات مکمل کی تھی۔

''بیٹا کیا یہ سب تم ہمدردی کے تخت کہہ رہے ہو؟'' حارث نے پوچھا۔

''نہیں انکل بالکل نہیں میرا دل کہتا ہے حوریہ بے گناہ ہے اور میں اس کی زندگی خراب ہوتے ہوے نہیں دیکھ سکتا میں جانتا ہو آپ کے لیے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے آپ مجھے ٹھیک سے جانتے بھی نہیں ہے لیکن میں بس اتنا ہی کہو گا میں آپ کی بیٹی کو خوش رکھنے کی پوری کوشش کروں گا میں ایک سوفٹ وئیر انجینئر ہو اور امریکہ کی ایک کمپنی میں کام کرتا ہو پنجاب میں ہمارا اپنا بزنس ہے اور خدا کا دیا سب کچھ ہے حوریہ کو کبھی کسی چیز کی کوئی کمی نہیں ہو گی'' حمزہ نے التجائی یہ کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

''لیکن بیٹا یہ فیصلے ایسے تو نہں ہوتے آپ کی فیملی کی بھی تو رضامندی ہونی چاہیے''نصرت بیگم نے کہا۔

''جی آنٹی بس آپ سب رضامندی دیں تو میں اپنی مما کو یہاں بلالیتا ہو باقی کے معاملے آپ ان سے ملنے کے بعد طے کر لیجے گا''حمزہ نے شائی ستگی سے کہا تھا۔

''ٹھیک ہے بیٹا تم بلالو اپنی فیملی کو ھمیں منظور ہے یہ رشتہ''حارث نے اس کہتے ہوے گلے لگایا تھا۔

حمزہ ان کے لیے اندھیری رات میں روشنی کی ایک کرن ثابت ہوا تھا اس وقت انھیں حوریہ کے لیے یہ ہی بہتر لگا تھا۔

''تھنکیو انکل تھنکیو سو مچ''حمزہ نے خوشی سے کہا تھا حمزہ کو تو مانو سارے جہان کی خوشیاں مل گی تھی۔

==================

چاند اپنے کمرے میں بے حس و حرکت بیٹھی تھی جب حارث اور نصرت اس کے کمرے میں آتے ہوے اس کے قریب بیٹھے تھے۔

''حوریہ ھم جانتے ہے تم بے گناہ ہو بیٹا ھمیں تمھاری بے گناہی پر پورا یقین ہے لیکن بیٹا یہ دنیا تھمں جینے نہں دیں گی طنز کے تیر چلا چلا کر مار دیے گی اس لیے ھم نے تمھارے لیے حمزہ کو چنا ہے اس وقت وہی ہے بیٹا جو تھمیں دنیا کی نظریں میں معتبر اور بے گناہ ثابت کر سکتا ہے ھمیں غلط مت سمجھنا اور ناں ہی یہ سمجھنا کے ھم تھمیں بوجھ سمجھ کر سر سے اتارنے کی کوشش کر رہے ہے بیٹا ھم جو بھی کر رہے تھمیں شام گوئی نکا سے بچانے کے لیے کر رہے ہے''حارث نے کہا تھا۔

''بابا آپ کو کسی بھی طرح کی صفائی ی دینے کی کوئی ی ضرورت نہں ہے مجھے آپ کے فیصلے پر کوئی ی اعتراض نہں آپ نے میرے لیے جو بھی فیصلہ لیا ہو گا بہتر ہو گا اور میں نے سب کو خدا کی آزمائی ش سمجھ کر قبول کر لیا ہے اور ہر امتحان کی طرح آپ کی بیٹی اس امتحان میں بھی آپ کا سر جھکنے نہں دیں گی''چاند نے مضبوط لہجے میں کہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''آئی ی ایم پراؤ ڈ آف یو میرا بچہ آئی ی ایم پراؤ ڈ آف یو''حارث صاحب نے اس اپنے ساتھ لگاتے ہوے کہا تھا۔

==================

رافیعہ از میر رابعی اور مہد یا شام پانچ بجے انڈیا پہنچے تھے ائی یرپورٹ پر انھیں ارشد اور حمزہ پک کرنے آے تھے۔

حارث ہاوس میں ان کا پر جوش استقبال کیا گیا تھا اور اب سب سیٹنگ ائی یریا میں بیٹھے تھے۔

''بس پھر طے ہوا دو دن بعد حمزہ اور حوریہ کا نکاح ہے''رافیعہ بیگم نے مسکراتے ہوے کہا تھا۔

''اور نکاح کے بعد ھم ایک بہت بڑی تقریب رکھے گے جس میں پورے شہر کو بلا کر شام گوئی نکا کے وار کا منہ توڑ جواب دیں گے''حمزہ نے کہا تھا جبکے باقی سب بھی اس کی بات سے متفق ہو گے۔

''اب مجھے میری بہو سے ملوا دے میں اپنی بہو کو دیکھنا چاہتی ہو''رافیعہ نے کہا تو نصرت بیگم انھیں چاند کے کمرے میں لے آئی ی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

''ماشاءاللہ میری بہو تو بہت خوبصورت ہے'' رافیعہ نے چاند کو گلے لگاتے ہوئے کہا تو چاند شرما گی تھی اس کے بعد رافیعہ کافی دیر بیٹھی چاند سے باتیں کرتی رہی تھی۔

==================

''بہت بہت مبارک کو میرے بھائی آخر تھمیں تھماری محبت مل گی'' ازمیر نے کمرے میں آتے ہوئے کہا تو حمزہ مسکرا پڑا تھا۔ بالآخر خدا نے اسے اس کی محبت سے نواز ہی دیا تھا۔ اور محبت حاصل کرنے سے زیادہ خوشی اور کیا چیز دے سکتی ہے محبت تو ہر کوئی کر لیتا ہے لیکن محبت نبھانا ہر کسی کے بس میں نہں ہوتا۔

''لیکن حمزہ کو حوریہ سے محبت نہں تھی حمزہ خالد خان کو حوریہ جہانگیر سے عشق تھا''

محبت آپ لوگ کسی سے بھی کر سکتے ہو یہ بار بار بھی ہو سکتی ہے لیکن عشق صرف ایک بار ہی ہوتا ہے اور ایک ہی ہستی سے ہوتا ہے اب وہ چاہے مجازی ہو یا حقیقی عشق میں دوئی کا عنصر نہیں ہوتا عشق تو اس کیفیت کا نام ہے جسے حضرت امیر خسرو رحمتہ اللہ علیہ نے بہت خوبصورتی سے بیان کیا ہے کہ

من تو شُدم تو من شُدی

من تن شُدم تو جاں شُدی

تا کس نہ گوید بعد ازیں

من دیگرم تو دیگری

میں تُو بن گیا ہوں اور تُو میں بن گیا ہے

میں تن ہوں اور تو جان ہے پس اس کے بعد

کوئی نہیں کہہ سکتا کہ میں اور ہوں اور تو اور ہے...

عثمان ہاوس میں اس وقت چاند اور حمزہ کے نکاح کی تیاریاں زور و شوروں پر تھی نصرت اور رافیعہ بیگم مل کر ساری تیاریاں کر رہی تھی۔ ان کی جلدی ہی آپس میں گہری دوستی ہو گی تھی اور ان کی طبیعت بھی ایک دوسروں سے بہت ملتی جلتی تھی۔ حمزہ اور ازمیر بھی تیاریوں میں ارشد کی بھرپور مدد کر رہے تھے حمزہ کے چہرے پے نا ختم ہونے والے مسکراہٹ کا راج تھا۔

فل وقت نکاح میں کسی کو نہں بلایا گیا تھا اور ناں ہی اس کے بارے میں کسی کو بتایا گیا تھا کیونکہ اگر شام گوئی نکا کو اس بارے میں پتہ چل جاتا تو وہ یقینا کوئی انتہائی قدم اٹھا سکتا تھا۔ ممکن تھا کے وہ کوئی ناں کوئی بڑا نقصان کرتے اس لیے نکاح والی بات صرف گھر کے لوگوں کو پتہ تھی۔ البتہ

Posted On Kitab Nagri

نکاح سے اگلے دن ایک بہت بڑی تقریب رکھی جانی تھی جس میں حمزہ اور حوریہ کے نکاح کے بارے بتایا جانا تھا اور شام گوئی نکا کی اس گھٹیا حرکت کا پردہ فاش کیا جانا تھا کے کیسے اس نے الیکشن جیتنے کے لیے ایک معصوم لڑکی کی پوری زندگی خراب کر دی تھی۔ صرف اس لیے کے لیے وہ الیکشن جیت جاے۔ لوگ کہتے ہے جنگ اور محبت میں سب جائی ز ہوتا ہے غلط ہے یہ بات محبت میں صرف پاکیزگی اور جنگ میں صرف ہتھیار جائی ز ہوتا ہے اور محبت تو نام ہی پاکیزگی اور روح کے سکون کا ہے۔

=====================

شام گوئی نکا اس دن جب چاند کے گھر سے لوٹے تو گھر آتے ہی نقش ان پر برسا پڑا تھا کے انھوں نے ایسا کیوں کیا اور اسے پہلے کیوں نے بتایا کے وہ حوریہ کے گھر کیوں جا رہے ہے۔

تو شام گوئی نکا نے صاف لفظوں میں کہا تھا کے وہ تو بس نقش کی خوشی کے لیے سب کر رہے ہے تا کے وہ خوش رہ سکے۔ اس کے لیے ان سے جو بھی بن پڑا وہ کرے گے چاہے انھیں اپنی کرسی کیوں نا چھوڑنی پڑے جبکے نقش نے انھیں کچھ بھی الٹا سیدھا کرنے سے منع کیا تھا اور انھیں باور کروایا تھا کے اس کا حوریہ سے ایسا کوئی ی بھی رشتہ نہں ہے جسے بنیاد بنا کر وہ حوریہ کی فیملی کو بلیک میل کرے یا اسے بدنام کرے لہذا وہ اپنے حرکتوں سے باز رہے۔ لیکن شام گوئی نکا کہاں باز آنے والے تھے اس نے ہارون کے ساتھ مل کر پورے شہر میں حوریہ کے پوسٹر لگوا دیے تھے اور جب نقش کو اس بات کا علم ہوا وہ اپنا آپا کھو بیٹھا وہ اچھی طرح جانتا تھے یہ سب شام گوئی نکا نے کیا ہے لیکن شام گوئی نکا صاف مکر گے تھے کے وہ اس واقعے سے یکسر لا علم ہے یقیناً یہ مخالف پارٹی میں سے کسی کا کام ہے اور ان کو بدنام کرنے کی ایک چال ہے۔ جب کے نقش کو ان کی کسی بات پے یقین نہں تھا وہ خود کو بہت بے بس محسوس کر رہا تھا کے وہ چاند کو اس بدنامی سے بچانے کے لیے کچھ بھی نہں کر پا رہا تھا جبکے باقی سب ان کے جھگڑے کی وجہ جان کر حیران رہ گے تو انھیں یقین نہں آ رہا تھا کے شام گوئی نکا جو کے ذات پات اور دھرم کے کٹھر پو جاری ہے وہ اپنے بیٹے کی شادی ایک مسلم فیملی کے ساتھ کرنے کے لیے مان کیسے گے۔ لیکن کسی کی ہمت نہں ہوئی ی کے وہ شام گوئی نکا سے یہ سوال پوچھ سکے جب کے نقش نے دل میں ایک مضبوط ارادہ کر لیا تھا کے اب وہ شام گوئی نکا کو ان کی کسی بھی چال میں کامیاب نہں ہونے دے گا۔

=====================

چاند اور حمزہ کی مایوں کا ایک چھوٹا سا فنکشن رکھا گیا تھا یہ فنکشن ہال میں ہی منعقد کیا گیا تھا ہال کے بیچ بیلو کلر کا پردہ لگا کر اسے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

حمزہ اور حوریہ کو باری باری ابٹن لگانے کے بعد سب نے مل کر خوب محفل جمائی ی تھی اور کافی دیر تک سب لاونج میں ہلا گلا کرتے رہے جس کی وجہ سے لگا ہی نہں رہا تھا کے وہ کوئی ی چھوٹا سا فنکشن ہے ایسا لگ رہا تھا جیسے جشن کا سماں ہے۔

=====================

اگلے روز حوریہ اور حمزہ کی مہندی کا فنکشن رکھا گیا تھا حوریہ نے پیروں تک آتی پیلے رنگ کی گھر دار فراک پہنی تھی بالوں کو جوڑے میں مقید کر کے حجاب کرنے کے بعد اچھی طرح چہرہ ڈھانپتے ہوے نقاب لگایا تھا حمزہ اس کا منگیتر ہی سہی تھا تو ابھی اس کا نا محرم تھا چاند اگر اس شادی سے خوش نہں تھی تو ناخوش بھی نہں تھی وہ بس مطمئ ن تھی کے اس نے اپنے ماں باپ کا مان رکھ لیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

رافیعہ بیگم کے کہنے پر بیوٹیشن نے چاند کے دونوں ہاتھوں پر بھر بھر کر مہندی لگائی ی تھی اور چاند نے بھی کوئی ی مزاحمت نہں کی تھی۔وہ جانتی تھی ہر ساس کے اپنی بہو کو لے کچھ ارمان ہوتے ہے اس لیے رافیعہ بیگم جیسے جیسے کہتی وہ ویسا ہی کر لیتی اور رافیعہ بیگم تو اتنی خوبصورت اور فرمابردار بہو پا کر خوشی سے پھولے نہں سما رہی تھی۔انھیں حمزہ کی پسند پر ناز تھا۔

دوسری طرف لڑکوں نے روم میں ہی ایک جشن کا سماں بنا رکھا تھا ارشد ازمیر اور حمزہ کی آپس میں خوب بن گی تھی ارشد کو تو ایک پل کے لیے نہں لگا کے وہ ازمیر سے پہلی بار مل رہا ہے۔

مہندی کا فنکشن ختم ہوا تو رابعی چاند کو کمرے میں لے آئی ی تھی چاند کے ہاتھوں پر مہندی کا خوب رنگ آیا تھا۔

”واہ حوریہ تمھارے ہاتھوں پر تو مہندی کا خوب رنگ آیا ہے اور آے گا بھی کیوں نہں حمزہ بھائی ی تم سے پیار جو بہت کرتے ہے ناں“ حوریہ نے نا سمجھی سے رابعہ کو دیکھا جیسے کے وہ کیا کہہ رہی ہے ؟ لیکن رابعی نے اس کے تاثرات پر دھیان ہی نہں دیا تھا۔

”حوریہ تم بہت لکی ہو جو تھمیں حمزہ بھائی ی جیسا شوہر ملا ہے وہ یقینا تھمیں بہت خوش رکھے گے“ رابعہ نے کہا۔جبکے حوریہ خاموشی سے ان کی باتیں سنتی گی تھی کوئی ی جواب نہں دیا۔

==================

آج حوریہ اور حمزہ کے نکاح کا دن تھا اور حوریہ کے لاکھ منع کرنے کے باوجود رابعہ نے بیوٹیشن کے سر پر کھڑے ہو کر حورِ حوریہ کو تیار کروایا تھا وہ کہتی بھی رہی کے ان سب کو کوئی ی فائی دہ نہں ہے کیوں کے مولوی اور گواہوں کی موجودگی میں اس نقاب ہی اوڑھنا ہے۔لیکن رابعہ نے اسے یہ کہہ کر چپ کروا دیا کے جب حمزہ بھائی ی کے سامنے جاے گی تو تب تو وہ اسے دیکھے گے ناں اس لیے اچھے سے تیار ہو وہ۔

حوریہ نے ڈیپ ریڈ کلر اینڈ سکن کا مبیشن کا لہنگا زیب تن کیا تھا جس پر بہت ہی خوبصورت ایمبرڈری کی گی تھی ڈوپٹہ کو اچھے سے سر پر سیٹ کرنے کے بعد دونوں شانوں پر پھیلا رکھا تھا ہمشہ سادہ سی رہنے والی حوریہ آج جب دولہن بنی تھی تو اس پر ٹوٹ کر روپ آیا تھا وہ بالکل کوئی ی پری ہی لگ رہی تھی ۔

حمزہ نے گولڈن کلر کی شیروانی پہن رکھی تھی جبکے اس باقی کسی بھی قسم کے تقلفات کی ضرورت نہں تھی کیونکہ اس کے چہرے پر جو محبت پا لینے کی خوشی تھی وہ ہی اس کو جاذب نظر بنا رہی تھی۔

نکاح وقت قریب آیا تھا حمزہ اور حوریہ کو آمنے سامنے بیٹھایا گیا تھا جبکے سنٹر میں ایک پردہ تھا حوریہ نے چہرے کو اچھی طرح ڈھانپ کر نکاب لگا رکھا تھا۔

”حمزہ خالد خان آپ کا نکاح حوریہ حارث جہانگیر کے ساتھ رسکہ رائی ج الوقت بمعہ پچاس لاکھ روپے حق میں مہر طے پایا جاتا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے ؟“

الفاظ تھے یا سکون کا پروانہ حمزہ کو اپنی روح میں ایک سکون اترتا ہوا محسوس ہوا تھا جس سے عشق کیا آج وہ اس کے حق میں لکھی جا رہی تھی اس سے بڑھ کر اور کیا خوش قسمتی ہو سکتی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

''جی قبول ہے'' حمزہ نے دل کی گہرائیوں سے حوریہ کو اپنی زندگی میں قبول کیا تھا اور اپنے سارے حق حوریہ کے نام لکھ دئیے تھے اور نکاح نامے پر سائن کرتے وقت اس کا دل بے ساختہ پکار اٹھا تھا

اور تم اپنے پروردگار کی کونسی کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔

''حوریہ جہانگیر آپ کا نکاح حمزہ خالد خان کے ساتھ سکہ رائج الوقت بمعہ پچاس لاکھ روپے حق مہر کیا جاتا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے؟'' قاضی صاحب نے پوچھا تھا۔

''جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قبول ہے'' حوریہ نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں جواب دیا جب کے اس کی آواز حمزہ کے کانوں میں رس گھول گئی تھی۔

نکاح کا فریضہ اپنے انجام کو پہنچا تو سب ایک دوسرے کے گلے مل کر مبارکباد دینے لگے۔

''عشق بہت بہت مبارک ہو میرے دوست'' ازمیر نے حمزہ کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔

حوریہ کو بہت گھبراہٹ ہو رہی اور اس کی طبیعت کے پیش نظر رافیعہ کے کہنے پر رابعہ اسے حمزہ کے کمرے میں لے آئی تھی حمزہ کے کمرے کو بڑی اچھی طرح سجایا گیا تھا حوریہ نے ابھی تک نقاب لگایا ہوا تھا۔

''حوریہ تم بیٹھو میں تمھارے لیے جوس لے کر آتی ہو'' رابعہ نے کہا اور کمرے سے نکل گئی حوریہ نے نظریں اٹھا کر کمرے کا جائزہ لیا اور پھر ڈریسنگ کے سامنے کھڑی ہوئی اور اپنا نقاب اتارنے کے لیے ہاتھ بڑھایا تھا

جب حمزہ جوس کا گلاس لیے کمرے میں داخل ہوا تھا'' رابعہ نے اسے تقید کر کے بیجھا تھا کے وہ لازمی حوریہ کو جوس پلا دیں کیونکہ اس کی طبیعت خراب ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حمزہ نے کمرے آتے ہوئے سلام کیا اور جوس کا گلاس ٹیبل پر رکھا جب کے حوریہ نے نقاب نہں اترا تھا۔

وہ ڈرائی سنگ کے سامنے ایسے بے حس و حرکت کھڑی تھی شاہد ابھی اس میں حمزہ کا سامنا کرنے کی ہمت نہں تھی۔ شاہد وہ اس کے لیے تیار نہں تھی زندگی اتنی اچانک تو بدل گی تھی ایک اجنبی اب ایک محرم اس کی کل کائنات بن گیا تھا اس کے تمام جملہ حقوق حمزہ خالد خان کے نام لکھے جاچکے تھے۔

''بھابھی نے کہا کے جوس لازمی پی لیجئے گا'' حمزہ کہتے ہوئے حوریہ کی طرف بڑھا تھا جو ابھی تک بالکل ساکت کھڑی تھی۔

حمزہ نے حوریہ کو کندھے سے گھما کر اس کا رخ اپنی جانب کیا تھا حوریہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھاما تھا جو کے برف کی طرح ٹھنڈا ہو رہا تھا۔

''نکاح بہت بہت مبارک ہو حور'' حمزہ نے جذبات کی شدت سے بوجھل آواز میں کہا تھا۔ اور ہاتھ بڑھا کر حوریہ کا نقاب ہٹایا تھا۔ حوریہ نے نظریں جھکا لی تھی حمزہ بے ساختہ حوریہ کو دیکھے گیا تھا وہ اس کی سوچ سے بھی زیادہ خوبصورت تھی وہ خوب سیرت ہونے کے ساتھ ساتھ بہت خوبصورت بھی

Posted On Kitab Nagri

تھی وہ بالکل حمزہ خالد کے خیالوں جیسی تھی وہ اس کے خوابوں کا عکس تھی وہ اس کے جزبوں کی طرح ہی پاکیزہ تھی وہ اس کے عشق کی مکمل تفسیر تھی وہ حمزہ خان کی حوریہ جہانگیر تھی۔ ناجانے کتنے ہی لمحے وہ اسے دیکھے گیا تھا وہ باقی ہر چیز بھول چکا تھا صرف حوریہ کے علاوہ۔

''وہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔'' حوریہ کی آواز اسے حوش کی دنیا میں واپس لائی ی تھی۔

اور حمزہ نے بے خود ہوتے ہوئے اس کی پیشانی پے لب رکھتے ہوئے اپنے حق کی پہلی مہر ثابت کی تھی۔

میں جب بھی اس سے کہتی ہوں

تمھیں مجھ سے کتنی محبت ہے

بتاؤ نا! کہ کتنی ہے؟

وہ بازو کھول کر کہتا ہے کہ

زمیں سے آسماں تک ہے

فلک کی کہکشاں تک ہے

میرے دل سے تیرے دل تک مکاں سے لامکاں تک ہے_

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں کہتی ہوں، کہ بس اتنی!!!؟

وہ کہتا ہے

یہ بہتی ھے

لہو کی تیز حدت میں میرے جذبوں کی شدت میں

تیرے امکاں کی حسرت میں

میرے وجداں کی جدت میں

مین کہتی ہوں

نہیں کافی ابھی تک یہ

Posted On Kitab Nagri

🌹 وہ کہتا ہے💞

🌹 ہوا کی سرسراہٹ ہے💞

🌹 تیرے قدموں کی آہٹ ہے💞

🌹 کسی شب کے کسی پل میں مجسم کھنکھناہٹ ہے💞

🌹 میں کہتی ہوں یہ کیسے فیل (محسوس) ہوتی ھے؟؟💞

🌹 وہ کہتا ہے💞

🌹 چمکتی دھوپ کی مانند_💞

🌹 بلوریں سوت کی مانند💞

🌹 صبح کی شبنمی رت میں لہکتی کوک کی مانند

🌹 میں کہتی ہوں💞

🌹 مجھے بہکاوے دیتے ہو؟💞

🌹 مجھے سچ سچ بتاؤ نا مجھے تم چاہتے بھی ہو_💞

🌹 یا بس بہلاوے دیتے ہو؟💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

🌹 وہ کہتا ہے💞

🌹 مجھے تم سے محبت ہے💞

🌹 کہ جیسے پنچھی پر کھولے ہوا کے دوش پر جھولے💞

🌹 کہ جیسے برف پگھلے اور جیسے موتیا پھولے💞

🌹 میں کہتی ہوں💞

🌹 مجھے الو بناتے ہو💞!!

🌹 مجھے اتنا کیوں چاہتے ھو؟💞

Posted On Kitab Nagri

وہ مجھ سے پوچھتا ہے اب تمھیں مجھ سے محبت ہے ؟

بتاؤ نا کہ ، کتنی ہے

میں بازو کھول کے اس سے لپٹ کے جھوم جاتی ہوں

مسکرا کے بس یہ کہتی ہوں

فقط اتنی ____________ بس اتنی سی I

. اور پھر وہ حوریہ کا ہاتھ تھام کر اس بیڈ تک لایا اور اسے اپنے قریب بیٹھایا تھا۔

اور بیڈ کی دراز سے ایک مخملی ڈبی نکالتے ہوئے اس کی طرف بڑھائی ی تھی۔

''آپ کی رہنمائی ی کا گفٹ'' حمزہ نے کہا تو حوریہ نے ڈبہ تھام لیا لیکن کھول کر دیکھا نہں تھا۔

''دیکھے گی نہں کیا کے میں نے آپ کے لیے کیا گفٹ لیا ہے ؟'' حمزہ کے کہنے پر حوریہ نے ڈبہ کھولا تھا تو اندر ڈائی منڈ نیکلس تھا جو کے بہت خوبصورت بنا ہوا تھا۔

''یہ۔۔۔۔۔۔؟''

''سمجھ ہی نہں آرہا تھا کے آپ کے لیے ایسا کیا لو جو بالکل آپ کے جیسا ہو اور پھر میری نظریں ایک ہیرے پر پری جو بالکل مجھے آپ کی طرح لگا خاموش لیکن اپنی جانب کھینچنے کی کشش رکھتا ہو جیسے آپ نے مجھے اپنے سحر میں جکڑ رکھا ہے تو بس پھر میں نے آپکے لیے یہ ہی خرید لیا حوریہ ہیرے کی تو کوئی ی ناں کوئی ی قیمت ہوتی ہے لیکن آپ میرے لیے انمول ہو'' حمزہ نے دل کی گہرائی ی سے اعتراف کیا تھا

''میری زندگی میں جو تمھارا مقام ہے وہ کبھی کوئی ی اور نہں لے سکتا تم زندگی کے ہر موڑ پر مجھے اپنے کھڑا پاؤ گی'' حمزہ نے کہا۔

وہ حور سے ابھی بہت ساری باتیں کرنا چاہتا تھا اسے اپنے عشق اپنی بے تابیوں اور بے قراریوں کی داستان سنانا چاہتا تھا اسے بتانا چاہتا تھا یہ وہ ہی حمزہ جس نے اسے فیس بک پر اسے پرو پوز کیا تھا لیکن تب شائی داس کو حمزہ کی بات کا یقین نہں آیا تھا وہ اسے اپنی ساری داستان سنانا چاہتا تھا کے خیالوں میں ہی سہی لیکن اس نے حوریہ کے ساتھ کتنی حسین زندگی جی ہے لیکن حوریہ کی طبیعت کے پیش نظر اس نے حوریہ کو جوس کے ساتھ میڈیسن دے کر سلا دیا تھا اور خود ساری رات حوریہ کے پہلو میں لیٹے بازو پر اپنا سر ٹکائے حوریہ کو دیکھتا رہا تھا ایک پل کے لیے بھی وہ نہں سویا تھا صرف اپنے محبوب کا دیدار

Posted On Kitab Nagri

کرتا رہا تھا حمزہ کے لیے آج کی رات سب سے حسین رات تھی اس کا محبوب اس کا جیون ساتھی بنے اس کی دسترس میں تھا اور بنا پلک جھپکے اسے دیکھ رہا تھا۔

===============

حوریہ کی آنکھ صبح کھولی تو حمزہ کو جگاتے پایا جو اس کے بالکل قریب لیٹا اسے ہی دیکھنے میں مگن تھا۔

حوریہ کو اٹھتا دیکھ وہ بھی سیدھا ہو کر بیٹھا تھا حوریہ ابھی تک رات والے ہی گیٹ اپ میں تھی رات کو طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے وہ چینج بھی نہیں کر سکی تھی۔

''صبح بخیر حور''حمزہ نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔

''صبح بخیر''حوریہ نے بھی مسکرانے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے جواب دیا تھا اور اٹھ کر باہر جانے لگی تھی۔

''کہاں جا رہی ہو؟''حمزہ نے اسے باہر کی جانب بڑھتے دیکھا تو پوچھا۔

''مجھے کپڑے چینج کرنے اپنے کمرے سے کپڑے لینے جا رہی پھر مجھے نماز ادا کرنی ہے''حوریہ نے نظریں جھکاتے ہوئے کہا تھا۔

حوریہ کی اس ادا پر حمزہ کو ٹوٹ کر پیار آیا تھا۔

''مما نے آپ کے نیو ڈریس لا کر میری الماری میں رکھے آپ الماری میں سے دیکھ لے''حمزہ نے کہا تو حوریہ اس کی الماری کی جانب بڑھی جہاں اس کے بہت سے ن ئی ے ڈریس ہینگ کیے گے تھے۔

''اس نے اس میں سے ایک وائٹ ڈریس نکالا اور فریش ہونے چلی گی اور پھر اس کے بعد حمزہ بھی اٹھا اور اپنے کپڑے لیے فریش ہونے چلا گیا اور پھر حمزہ کی امامت میں حوریہ نے فجر کی نماز ادا کی تھی حمزہ اس سے چند قدم آگے کھڑا تھا اور حوریہ اس کے پیچھے کھڑی اس کی امامت میں اپنے شوہر کی امامت میں اپنی زندگی کی اتنی حسین صبح کے ساتھ فجر کی نماز ادا کر رہی تھی اور نماز ادا کرنے کے بعد اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھاے تھے اور حور کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکلے تھے یہ شکر کے آنسو تھے

اپنے رب کے حضور وہ شکر رہی تھی

جس نے اسے ایسے ہمسفر سے نواز دیا تھا جس نے اس کے ذات کی کوئی ی صفائی ی مانگے بنا اسے سچے دل سے قبول کر لیا تھا دعا مانگنے کے بعد وہ اٹھی اور ڈرائی سنگ کے سامنے کھڑی ہوتے ہوے اپنا حجاب کھولا تھا جبکے حمزہ ابھی تک دعا مانگ رہا تھا پتہ نہیں وہ اللہ سے کیا راز و نیاز کر رہا تھا۔

حوریہ نے نماز کی ادائیگی کی وجہ سے گیلے بالوں پر حجاب اوڑھ لیا تھا لیکن اب وہ ڈرائی سنگ کے سامنے کھڑی اپنے بال سلجھ رہی تھی جب حمزہ اپنی دعا مکمل کر کے جائے نماز سے اٹھا تو اس کی نظر حوریہ پر پڑی تھی جس نے وائٹ کلر کا کرتہ کیپری پہن رکھا تھا اور اس کے لمبے گولڈن گھٹنوں تک آتے بال اس کی پست پر بکھرے تھے اور وہ آنکھوں میں کاجل لگا رہی تھی حمزہ چلتا ہوا اس کی پیچھے کھڑا ہوا اور آئینے میں ان دونوں کا عکس نظر آ رہا تھا حمزہ نے بھی فل وائٹ ڈریس پہن رکھا تھا اور سر پر وائٹ رومال باندھے وہ حوریہ کے پیچھے کھڑا مسکراتے ہوئے حوریہ کو دیکھ رہا تھا وہ دونوں ایک پرفیکٹ کپل لگ رہے تھے جو بنے ہی ایک دوسرے کے لیے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

''تم بہت خوبصورت ہو حور''حمزہ نے حور کے کان میں سرگوشی کی تھی۔

حوریہ نے نوٹ کیا تھا وہ اسے سب کی طرح چاند نہیں بلا رہا تھا اور ناں ہی حوریہ پکارتا تھا وہ اس حور کہہ کر مخاطب کر رہا تھا اس کے لہجے میں حور کے لیے پیار کے ساتھ عزت اور احترام بھی تھا۔

اس کی تعریف پر حوریہ کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تھی کوئی بھی بیوی جب اپنے شوہر کے منہ سے اپنی تعریف سنتی ہے تو وہ گلاب کی طرح کھل جاتی ہے یہ چھوٹی چھوٹی باتیں یہ چھوٹی چھوٹی عادتیں ہی تو میاں بیوی کے رشتے کو مضبوط اور خوبصورت بناتی ہے۔

''طبیعت کیسی ہے اب آپ کی؟''حمزہ نے پوچھا تھا۔

''اب پہلے سے بہتر ہے''حوریہ نے نظریے جھکائے ہوئے جواب دیا تھا۔

اس کے بالوں کی کچھ لیٹس اس کے چہرے پر آ بکھری تھی حمزہ نے ہاتھ بڑھا کر اس کے چہرے پر آئے بال سمیٹے تھے اور حور خود میں سمٹی تھی تب ہی دروازے پر دستک ہوئی تھی اور حمزہ حور سے دور ہوا تھا۔

''آجائیے''حمزہ نے کہا تو رابی کمرے میں داخل ہوئی تھی اس کے ہاتھ میں کھانے کی ٹرے تھی۔

''ہمم ہمم

کہیں میں نے آپ دونوں کو ڈسٹرب تو نہیں کر دیا ناں''رابی نے حوریہ کو تنگ کرتے ہوئے پوچھا تو وہ مزید شرما گئی تھی۔

''مما نے ناشتہ بیجھا تم دونوں جلدی سے ناشتہ کر لو ورنہ ٹھنڈا ہو جائے گا''رابعہ نے کہا اور پھر کمرے سے چلی گی۔

حمزہ نے حوریہ کا ہاتھ تھاما اور اس ٹیبل تک لے آیا اور پھر اس کی پلیٹ میں کھانا سرو کرنے لگا جب حوریہ بولی تھی۔

''آپ رہنے دے میں کرتی ہو''حوریہ نے کہتے اس کے ہاتھ سے چیچ لینا چاہا''

''اٹس اوکے حور میں کر دیتا ہو''

حمزہ نے کہا۔

''نہیں پلیز مجھے کرنے دے''حوریہ نے کہتے ہوے اس کے ہاتھ سے چیچ لیا تھا اور خود اس کھانا سرو کرنے لگے تھے اور حمزہ چہرے پر مسکراہٹ لیے اپنی بیوی کو دیکھ رہا تھا جو شادی کے پہلے دن ہی اپنے فرائض کے بارے میں اتنی کونشش تھی۔

==============

عثمان ہاوس میں آج بہت بڑی تقریب رکھی گی تھی جس میں پورے شہر کو مدعو کیا گیا تھا۔

حارث نے شام گوئی نکا کو خود فون کر کے مدعو کیا تھا اور شام گوئی نکا کو لگا تھا کے شائد حارث جہانگیر نے ہتھیار ڈال دیے ہے اور اپنی بیٹی کا رشتہ ان کے بیٹے سے کرنے کے لیے انھیں اپنے گھر بطور چیف گیسٹ مدعو کر رہے تھے اور شام گوئی نکا نقش کی مرضی کے خلاف جا کر اسے اپنے ساتھ حارث ہاوس لے کر آئے تھے۔ وہ جیت کے نشے میں پور پور ڈوب ئی ے جہانگیر ہاوس پہنچے تھے یہ جانے بنا کے قسمت آج ان کے ساتھ کیا کرنے والی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

==================

ارشد از میر اور حمزہ نے ساری تقریب کا انتظام بہت اچھے سے کیا تھا اور اب انھیں اس تقریب کے شروع ہونے کا بے صبری سے انتظار تھا۔ کیونکہ آج وہ شام گوئی نکا کو ایسا منہ توڑ جواب دینے والے تھے کے وہ ساری زندگی یاد رکھے گا۔ تقریب شروع ہوئی اور لوگوں کی آمد کا سلسلے شروع ہو گیا تھا ہر کوئی تجسس کی بنا پر آج کی تقریب میں شرکت کر رہا تھا کے آخر آج ایسا کیا ہے جو حارث جہانگیر نے پورے شہر کو اس تقریب میں مدعو کیا ہے ؟ اور تقریب شروع ہونے کے ٹھیک آدھا گھنٹہ بعد شام گوئی نکا اپنی فیملی اور سیکٹری کے ساتھ حارث ہاوس میں داخل ہوا تھا شام گوئی نکا کے ٹھاٹ باٹ دیکھتے ہوئے ارشد حارث میر و اور حمزہ کے چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ بکھری تھی۔ حارث صاحب نے آگے بڑھ کر شام گوئی نکا کا استقبال کیا اور شام گوئی نکا کو فیملی سمت سٹیج پر بطور چیف گیسٹ بٹھایا تھا۔ جس کی وجہ سے شام گوئی نکا کا سینہ مزید چوڑا ہوا تھا انھیں لگا تھا کے حارث ان سے دب گیا ہے اور آج وہ نقش اور حوریہ کا رشتہ طے کرتے ہوئے اپنی سیاست میں کامیاب ہو جاے گے۔

جب تقریباً سب لوگ جمع ہو گے تو حارث صاحب سٹیج پر آئے اور مائیک کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے اپنی بات کا آغاز کیا تھا۔

"آج آپ سب کو اس تقریب میں ایک بہت ہی خاص مقصد کے لیے اکٹھا کیا گیا ہے اور میں آپ کا اور شام گوئی نکا کا تہہ دل سے شکر گزار ہو جو اپنا قیمیت وقت نکال کر ہمارے دعوت میں تشریف لائے"

"آج کی تقریب کا موضوع وہ ہی بات جو کچھ دن سے شہر کے ہر بندے کی زبان پر ہے ہاں جی بالکل میں اپنی بیٹی کی بات کر رہا جس کے جھوٹے پوسٹر شہر میں لگا کر اسے بدنام کرنے کی کوشش کی گی ہے لیکن میں آپ سب کو بتانا چاہتا ہے کے میں اپنی بیٹی کی شادی حمزہ خالد خان سے کر چکا ہو" حارث نے حمزہ کو اپنے پہلو میں کھڑے کرتے ہوئے کہا تھا۔

نقش کے چہرے پر ایک تلخ مسکراہٹ بکھری تھی وہ جانتا تھا حوریہ اس کی کبھی نہں ہو سکتی تھی جب کے دوسری طرف شام گوئی نکا یہ بات سن کر آگ بگولہ ہی ہو گے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور جو پوسٹر میرے بیٹی کے شہر بھر میں لگوائے گے تھے تو وہ صرف اور صرف میری بیٹی کو بدنام کرنے کی ایک چال تھی۔ حارث نے کہا۔

"ھم کیسے مان لے حارث جہانگیر کے آپ کی بیٹی پاکدامن ہے اور یہ اس کے خلاف ایک چال تھی آخری کوئی ی تمھاری بیٹی کو بدنام کرنے کی کوشش کیوں کرے گا؟" شام گوئی نکا نے اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے ہوئے کہا تھا۔

"کیوں کے میں نے اپنی بیٹی کا رشتہ آپ کے بیٹے کے ساتھ کرنے سے انکار کر دیا اور اس بات کا بدلہ لینے کے لیے تم نے میری بیٹی کو شہر بھر میں بدنام کر دیا تاکے میں مجبور ہو کر اپنی بیٹی کا رشتہ آپ کے خاندان میں کر دو اور اس طرح آپ ہندو کمیونٹی کے ساتھ مسلم کمیونٹی کے ووٹ بھی حاصل کر کے کرسی حاصل کر لو"

حارث نے پورے اعتماد سے جواب دیا تھا۔

"یہ کیا بکواس کر رہے ہو حارث جہانگیر اور اس بات کا کیا ثبوت ہے تمھارے پاس ؟" شام گوئی نکا غصہ سے لال پیلا ہو رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

”ثبوت ہے اور وہ آپ کے پے اے کی کال ریکاڈنگ“ حمزہ نے کہتے ہوئے وہ ریکاڈنگ مائی یک کے سامنے چلائی ی تھی اور اب پورے ہال میں ہارون کی باتیں گونج رہی تھی جو اس دن اس نے حارث سے فون پر کہی تھی سارے مجمعے میں سرگوشیاں شروع ہو گی تھی۔ سب ہی بنالحاظ شام گوئی نکا کو لعنت ملامت کر رہے جس نے صرف ایک کرسی کی خاطر ایک معصوم لڑکی کی زندگی خراب کرنے کی کوشش کی تھی۔

لیکن اللہ نے اس کی عزت کی حفاظت فرماتے ہوئے اسے سرخرو کر دیا گھر کی سارے خواتین سٹیج کے پیچھے پردے کے پار کھڑی یہ سارہ منظر دیکھ رہے تھے اور چاند کی آنکھوں میں تشکر کے آنسو تھے کے اللہ نے اس کے دامن سے بدنامی کا داغ ختم کر دیا تھا۔

شام گوئی نکا کے پاس جب کہنے کو کچھ نا بچا تو وہ وہاں سے جانے لگے جب نقش بولا تھا۔

”روکے مسٹر شام گوئی نکا میری بات بھی سنتے جائی یے“

نقش نے مائی یک ہاتھ میں لیتے ہوئے کہا۔ ”آج میں پورے زمانے کے سامنے یہ اعلان کرتا ہو کے میں اور میری بہن جسے لوگ عنجلی کے نام سے اور آپ کی بیٹی کی حیثت سے جانتے ہے ھم دونوں خدا وحدت کو حاضر ناظر جانتے ہوئے اسلام قبول کر چکے ہے اور آج سے میرا نام نقش نہں ابراہیم اور میری بہن کا نام مریم ہے مجھے یہ کہنے میں دقت نہں ہے۔ کے خدا وحدت اس کا کوئی ی شریک نہں اور اس نے ھم سب کو پیدا کیا ہے۔ میں نے چار سال اسلام پر ریسرچ کی ہے اور مجھ پر ایسے ایسے انکشاف ہوئے ہے کے میں حیران رہ گیا کے کوئی ی دن اتنا کامل کیسے ہو سکتا ھے قرآن پاک جس میں ہر طرح کے لوگوں کے لیے رہنمائی ی موجود ہے اس نے ھمارے آنکھوں پر پڑی بتوں کی پٹی کھولتے ہوئے ھمارے دل اسلام کی روشنی سے منور کر دئی یے ہے۔ میں نے اور میری بہن نے بلاجھجک اسلام قبول کر لیا۔ اس بات کے گواہ ھمارے جامع مسجد کے قاری صاحب ہے۔ جن کی رہنمائی ی میں ھم نے اسلام قبول کیا اور میں آپ سب کے سامنے اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرتا ہو“ نقش نے کہتے ہوئے بلند آواز میں کلمہ پڑھا تھا اور مریم کا ہاتھ تھامے سٹیج سے اتر گیا تھا۔ جب کے شام گوئی نکا میں تو کچھ بولنے کی سکت ہی نہں رہی تھی وہ لڑکھڑاتے قدموں سے حارث ہاوس سے نکل گے اور آہستہ آہستہ سب اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گے اور ان سب نے خدا کا شکر ادا کیا تھا کے اس نے حوریہ کو آج ایک بار پھر دنیا کی نظروں میں معتبر کر دیا تھا اور اس کے ماتھے پر لگا بدنامی کا دغ ہٹ گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

==================

”اچھا بہن اب اجازت دیں ھم چلتے ہے اور آپ حوریہ کی فکر بالکل مت کیجے گا آج سے یہ میری بیٹی ہے اور اسے ھمارے گھر میں کوئی ی تکلیف نہں ہو گی“ رافیعہ بیگم نے اجازت چاہی تھی۔

آج ازمیر رابعہ رافیعہ اور حمزہ چاند کو اپنے ساتھ لیے پاکستان جا رہے تھے۔ نصرت کا دل بیٹھے جا رہا تھا انھوں نے تو کبھی چاند کو دوسرے شہر نہں بیجھا تھا اور آج دوسرے ملک جا رہی تھی۔ انھوں نے روتے روتے چاند کو رخصت کیا تھا وہ تینوں ہی بہت اداس تھے کے چاند جا رہی ہے لیکن اس بات کی خوشی بھی تھی کے اسکو بہت اچھا ہمسفر ملا گیا تھا۔

چاند بھی ان تینوں سے باری باری مل کر خوب روئی ی تھی۔ سب اسے چھپ کروا رہے تھے تسلی دے رہے تھے لیکن وہ مسلسل روئے جا رہی تھی اور اس کے آنسو حمزہ کو بہت تکلیف دے رہے تھے وہ چاند کو روتا ہوا نہں دیکھ سکتا اس لیے وہ چاند کو لیے گاڑی کی طرف بڑھا وہ جانتا تھا کے چاند کے لیے بہت مشکل گھڑی ہے اپنا سب کچھ چھوڑ کر دوسرے ملک جانا کونسا آسان کام تھا۔

Posted On Kitab Nagri

حوریہ سارا راستہ بھی تقریباً روتی ہی آئی تھی اور فلائٹ میں بھی وہ روتی ہی رہی تھی وہ کبھی ایک پل کے لیے بھی اپنے گھر سے دور نہیں ہوئی تھی اور آج وہ ان سب سے اتنی دور جا رہی تھی۔

''حور پلیز چپ کر جاو میں ہوناں تمھارے ساتھ میں کبھی آپ کو اکیلا نہیں چھوڑوں گا آئی پرومس''حمزہ اس کی چپ کروانے کی ہر ممکن کوشش کر رہا تھا۔

اور حوریہ نے روتے ہوئے حمزہ کے کندھے پر سر رکھا اور شدت سے رونے لگی تھی۔

''میں اپنی فیملی کے بنا نہیں رہ سکتی پلیز آپ مجھے ان کے پاس واپس چھوڑ آئے''حور نے پہلی بار فرمائش بھی کی تو کیا اس سے دور جانے کی اور اب حمزہ حوریہ کو ایک پل کے لیے بھی خود سے دور نہیں کرنا چاہتا تھا۔

''حور آئی پرومس میں تھمیں جلدی ہی انکل آنٹی سے ملونے لاؤ گا ابھی بس چپ کر جاو''حمزہ نے اس کا سر سہلاتے ہوئے اس تسلی دی تو وہ چپ ہو گی تھی۔ لیکن ابھی تک اس کے کندھے سے ہی لگی ہوئی تھی۔

''حور ویسے ھم فلائٹ میں ہے اور سب لوگ ھمیں گھور گھور کر دیکھ رہے جیسے میں تھمیں گھر سے بھاگا کر لا یا ہو میں کیا کہہ رہا تھا کے کیوں ناں ھم باقی کا رومینس گھر جا کر کر لے''حمزہ نے سنجیدہ لہجے میں کہا تھا جبکے اس کی آنکھوں میں شرارت واضح تھی۔

حور ایک جھٹکے سے اس سے دور ہوئی تھی تو حمزہ اپنا قہقہ نہیں روک پایا تھا اور چاند نے اسے گھوری سے نوازہ تھا اور پھر خود بھی مسکرا پڑی تھی۔ پھر فلائٹ میں حمزہ اس سے کوئی ناں کوئی بات کرتا رہا تا کے اس کا دھیان بٹا رہے۔

حمزہ اور حوریہ کی فلائٹ پہلے تھی جب کے ازمیر رابعی اور رافیعہ کی فلائٹ ایک گھنٹہ لیٹ تھی۔

حمزہ حوریہ کو ائیرپوٹ سے سیدھا اپنے فارم ہاوس میں لے آیا تھا رافیعہ بیگم کا کہنا تھا کے ابھی حور کو نیلی حویلی ناں لے جایا جائے کیونکہ پتہ نہیں سب جاننے کے بعد حویلی والوں کا کیا ریکشن کیسا ہو گا اور حویلی والے حوریہ کے ساتھ کیا سلوک کرے گے؟ اس لیے بہتر تھا کے ابھی حوریہ کو فارم ہاؤس میں رکھا جائے جب تک کے حویلی کے حالات سہی اور قابل قبول نہیں ہو جاتے وہ نہیں چاہتی تھی کے حوریہ کے دل میں حویلی والوں کے لیے کوئی بدگمانی پیدا ہو۔

حمزہ نے پہلے ہی فارم ہاوس سیٹ کروالیا تھا وہ نہیں جانتا تھا کے کتنا عرصہ لگے گا اسے نیلی حویلی کے لوگوں کو منانے میں اس لیے جب تک سب کچھ ٹھیک نہیں ہو جاتا حوریہ کو فارم ہاوس میں ہی روکنا تھا۔

حمزہ حور کا ہاتھ تھامے فارم ہاوس میں داخل ہوا تھا گیٹ سے لے کر انٹری ڈور تک حوریہ کی راہ میں پھول بچھائے گے تھے اور حور نے حمزہ کا ہاتھ مضبوطی سے تھام رکھا تھا۔

''حمزہ یہ سب کیا ہے؟''حوریہ نے حیرت سے پوچھا تھا اس نے پہلی بار حمزہ کو اس کے نام سے پکارا تھا حمزہ تو جی اٹھا تھا۔

''آپ کا استقبال ہے کیسا لگا؟''حمزہ نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

"لیکن آپ تو کہتے تھے آپ کی جوائی نٹ فیملی ہے لیکن یہاں تو کوئی ی نہں ہے" حوریہ نے فارم ہاؤس کا جائی زہ لیتے ہوے کہا تھا۔

"یہ میرا گھر نہں فارم ہاوس ہے حوریہ اور ان شاء اللہ جلدی ہی آپ کو اپنے گھر بھی لے کر جاوگا لیکن ابھی کچھ مسلہ اس لیے نہں لے کر جا سکتا" حمزہ نے کہا۔

"کیا ہوا سب خیریت تو ہے ناں مجھے بتاے کیا مسلہ ہے؟" حوریہ نے پوچھا تھا۔

"بتاوگا سب بتاوگا ایک ایک بات بتاوگا لیکن واپس آنے کے بعد ابھی مما لوگ پہنچ چکے ہے اور مجھے ان کے ساتھ جانا ہے واپس آکر آپ کو سب کچھ تفصیل سے بتاوگا" حمزہ نے کہا۔

"لیکن آپ کہاں جارہے ہے؟" حوریہ نے اداسی سے پوچھا۔

"مجھے ابھی گھر جانا ہے حور میں جلدی ہی واپس آجاوگا تم اپنا دھیان رکھنا اور گیٹ اچھے سے لوک کر لینا ویسے تو گھر میں ملازم بھی ہے اور گیٹ پر گارڈ بھی تھمیں کوئی ی مسلہ نہں ہوگا" حمزہ نے کہا اور جانے لگا جب حوریہ نے اس کا ہاتھ تھاما تھا۔

"آپ واپس تو آجائے گے ناں مجھے چھوڑ کر کہیں چلے تو نہں جاے گے ناں" حوریہ کے آنکھوں میں خوف واضح تھا۔اور خوف بنتا بھی تھا وہ ایک اجنبی کو اپنا محرم بنا کر اس اجنبی ملک میں آئی ی تھی اور اب وہ بھی اسے اس گھر میں تنہا چھوڑ کر جارہا تھا تو دل میں وسوسے تو آئے گے ناں۔

حمزہ سمجھتا تھا اس کے خوف کو وہ واپس پلٹا اور حور کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں کے پیالوں میں تھاما تھا۔

"حور میں جہاں بھی چلا جاؤ لیکن واپس تمھارے پاس ہی لوٹ کر آوگا میں تھمیں چھوڑ کر کہیں بھی نہں جاوگا بہت جلدی واپس آجاؤ گا" حمزہ نے یقین دلاتے ہوے حور کی ماتھے پر اپنے ہونٹ رکھے تھے اور پھر وہاں سے چلا گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

================

نیلی حویلی کے لوگ ان چاروں کو اتنی جلدی واپس دیکھ کر حیران رہ گے تھے تقریبا سب ہی لوگ اس وقت گھر میں موجود تھے

"ارے حمزہ تم بھی ان کے ساتھ واپس آگے یہ تو بہت اچھا کیا تم نے" خالد نے اسے سینے سے لگاتے ہوے کہا تھا۔

جب کے دل ہی دل میں چاروں بہت ڈرے ہوے تھے اتنا بڑا قدم تو اٹھا لیا تھا لیکن اب پتہ نہں خالد خان کا ریکشن کیا ہوگا؟

"بابا مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے" حمزہ نے کہا تھا۔

"اگر وہ آج نہں کہے گا تو پھر کبھی نہں کہہ پائے گا" اس لیے اس نے ہمت کرتے ہوے کہا تھا۔

"ارے بیٹا ابھی آے ہو بیٹھو آرام کرو باتیں تو ہوتی رہے گی" خالد نے کہا تھا اور وہ اپنے کمرے میں جانے لگے تھے۔

"بابا میں نے شادی کرلی ہے" حمزہ کے لفظوں نے خالد کے کمرے کی طرف بڑھتے قدموں کو روکا تھا اور وہ واپس حمزہ کی طرف پلٹیں تھے۔

"یہ کیسا بےہودہ مذاق ہے؟" حمزہ خالد کا لہجہ سخت ہوا تھا۔

"یہ مذاق نہں حقیقت ہے بابا" حمزہ نے مضبوط لہجے میں کہا تھا اور خالد کا ہاتھ اٹھا تھا اور حمزہ کے چہرے پر نشان چھوڑ گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

رافیعہ بیگم بھاگ کر آئی تھی اور حمزہ کو خالد سے دور کیا تھا۔

''اس کو مارنے سے پہلے ہم سب کو بھی مارے خالد کیونکہ ہم اس کی غلطی میں برابر کے شریک ہے'' رافیعہ نے کہا تھا۔

''رافیعہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔'' خالد خان چلایا تھا۔

''بابا آپ حمزہ کو معاف کردے پلیز'' میرو نے کہا تھا۔

''میرو تم بھی اس حماقت میں شامل ہو'' خالد خان نے دکھ سے پوچھا تھا۔ جب کے حویلی کے باقی لوگ خاموش تماشائی بنے سب دیکھ رہے تھے۔

''بابا پلیز مجھے معاف کردے پلیز بابا'' حمزہ ان کی جانب بڑھا تھا۔

''وہی روک جاو حمزہ میرے پاس نہ آنا ورنہ میں اپنا ضبط کھو دوں گا تم نے میرا مان میرا یقین سب کچھ توڑ دیا تمھارا مجھ سے اب کوئی رشتہ نہں ہے شکل نہں دیکھنا چاہتا ہو میں تمھاری'' خالد خان نے کہا۔

''بابا پلیز میری بات سنے'' حمزہ نے التجا کی تھی۔

''مجھے کچھ نہں سننا تم نکل جاو میرے گھر سے''

''بابا'' حمزہ نے حیرت سے کہا۔

''میں نے کہا حمزہ دفع ہو جاو میرے گھر سے'' خالد نے دھاڑتے ہوے کہا تھا تو رافیعہ بیگم نے اشارے سے حمزہ کو وہاں سے چلے جانے کا کہا تھا۔

وہ جانتی تھی کے خالد خان ابھی کسی کی کوئی بات نہں مانے گے ابھی وہ بہت غصہ میں تھے اس لیے حمزہ وہاں سے چلا گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

====================

حمزہ فارم ہاوس آیا تو حوریہ عشا کی نماز پڑھ رہی تھی۔ وہ بیڈ پر ڈھے سا گیا تھا اور اس نے آنکھیں موندلی تھی اس نے شوز تک نہں اتارے تھے۔

حوریہ نے نماز ادا کرنے بعد دعا مانگی اور جائے نماز سے اٹھی تو اس کی نظر حمزہ پر پڑی جو جوتوں سمیت بیڈ پر نیم دراز تھا۔ اس نے جائے نماز کو ایک سائیڈ پر رکھا اور حمزہ کے قریب آتے ہوے نیچے جھکی اور اس کے شوز اتارنے لگی تھی ابھی حوریہ نے حمزہ کے شوز کو ہاتھ ہی لگایا تھا وہ ایک جھٹکے سے اٹھا تھا یہ آپ کیا کر رہی ہے حور؟ حمزہ نے ناراضگی سے پوچھا تھا۔

''وہ آپ سو رہے تھے تو میں نے سوچا آپ کے شوز اتار دو'' حوریہ نے آہستہ آواز میں کہا تھا۔

''ادھر آے ادھر بیٹھے میرے پاس'' حمزہ نے حوریہ کا ہاتھ تھامتے ہوے اسے اپنے پاس بیٹھا یا تھا۔

''آج کے بعد کبھی بھی میرے جوتوں کا ہاتھ مت لگائی یے گا ورنہ میں آپ سے ناراض ہو جاوں گا'' حمزہ نے خفگی سے کہا۔

''لیکن میں تو صرف اپنا فرض پورا کر رہی تھی'' حوریہ نے معصومیت سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

حیہ آپ کے فرائض میں شامل نہں ہے حور آپ بس میرے دل پر حکومت کرے مجھے آپ سے اور کچھ نہں چاہیے میں یہاں آپ کو بیوی بنا کر بھی اور محبوبہ بنا کر لایا ہو میں آپ سے بہت پیار کرتا ہو حور بہت زیادہ اور آج سے نہں تین سال پہلے سے پیار کرتا ہو آپ سے''حمزہ نے جذبات کی شدت سے کہا تھا۔

''کیا مطلب ؟''٦ حوریہ نے ناسمجھی سے پوچھا تھا۔

''مطلب کے میں وہی حمزہ خان ہو جو تمھاری ہر پوسٹ پڑھا کرتا تھا لمبے لمبے کمنٹ کیا کرتا تھا اور جس نے آپ کو کچھ روز قبل فیس بک پر پرپوز کرتے ہوے اپنے دل کی بات بتائی ی تھی''حمزہ نے کہا جبکے حوریہ کے چہرے کے تاثرات دیکھنے لائی ق تھی۔

''مطلب آپ سچ میں وہی حمزہ خان ہے جو میرے فین لسٹ میں تھا''حوریہ نے حیرت سے پوچھا تھا۔

''لیکن آپ میرے تک پہنچے کیسے ؟''حوریہ نے پوچھا تھا اور جواباً حمزہ نے اسے ساری بات بتادی تھی۔

''آپ نے میری آئی ی ڈی ہیک کی ؟''حوریہ نے حمزہ کو گھورتے ہوے پوچھا تھا۔

''ہاں اگر نہں کرتا تو تم تک کیسے پہنچ پاتا سو سوری''حمزہ نے بالکل نارملی کہا تھا۔

جیسے وہ اس بات پر بالکل بھی شرمندہ نہں ہو کے اس نے حوریہ کی آئی ی ڈی ہیک کی تھی۔

''مطلب اگر کل کو آپکو کوئی ی اور رائی ٹرپسند آجاے تو آپ اس کی بھی آئی ی ڈی ہیک کر کے اس تک پہنچ جائے گے''حوریہ نے ناراضگی سے کہا تھا۔

''حوریہ ایسا کبھی سوچنا بھی مت میں آپکے علاوہ کسی اور کا تصور بھی نہں کر سکتا آپ ہی میرا سب کچھ ہے اور میں آپ سے کبھی بھی کچھ نہں چھپاو گا''

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور پھر حمزہ نے اسے نیلی حویلی کے متعلق سب کچھ بتادیا تھا جسے سن کر حور بہت پریشان ہو گی تھی۔

''تو اس کا مطلب بابا مجھے کبھی نہں اپنائے گے ؟''حوریہ نے پوچھا تھا۔

''تم پریشان نہں ہو حوریہ بہت جلدی سب ٹھیک ہو جائے گا میں آپ کو جلدی ہی نیلی حویلی لے کر جاؤ گا''حمزہ نے اسے پریشان ہوتے دیکھ کر کہا تھا۔

==================

خالد خان کسی کی بھی بات سننے کے لیے تیار نہں تھے اور حمزہ کا تو وہ نام بھی نہں سننا چاہتے تھے۔

وہ اس وقت بھی سٹڈی میں بیٹھے سگریٹ پی رہے تھے جب پریشے دروازہ نوک کر کے سٹڈی میں آئی ی تھی۔

''ماموں مجھے آپ سے بات کرنی ہے''پریشے نے کہا تھا۔

''میں جانتا ہو پریشے تم اپنے ساتھ ہوئی ی زیادتی کا حساب مانگنے آئی ی ہو تمھاری عزت پر تو ہاتھ اٹھانے والے کو میں نے عبرت ناک سزا دی تھی لیکن اپنے بیٹے کو سزا نہں دے پایا''خالد خان نے افسردگی سے کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

"ماموں جان ایسا کچھ بھی نہیں ہے حمزہ نے جو بھی کیا میری رضامندی سے کیا" اور پریشے نے فون کال والی ساری بات بتادی خالد کو۔

"ماموں جان آپ پلیز حمزہ کو معاف کر کے اسے اور اس کی بیوی کو اس گھر میں ان کا اصلی حق دیں اور مجھے لاہور واپس بجھوا دیں۔ مجھے آپ سے یا کسی سے بھی کوئی ی شکایت نہیں ہے میں زبردستی کے رشتوں کو نبھانے کی قائل نہیں ہو" پریشے نے کہا اور سٹڈی سے چلی گی اور پھر کچھ ہی دیر بعد منیب سٹڈی میں داخل ہوا تھا۔

"کیا ہوا منیب اب تم کونسا نیا راز فاش کرنے ہوئے جو مجھے ابھی تک نہیں معلوم؟" خالد خان نے طنزیہ کہا تھا۔

"جی بڑے ابو میں بھی آج ایک راز سے ہی پردہ اٹھانے آیا ہو۔ اور وہ یہ کے احسن پریشے سے بہت پیار کرتا ہے اور آج سے نہیں بلکے پریشے کی منگنی سے بھی بہت پہلے سے لیکن صرف آپ کے فیصلے کی وجہ سے وہ اپنی محبت کا گلہ دبا گیا تھا لیکن پریشے کی منگنی کے دن اسے کسی اور کا ہوتے نہیں دیکھ پایا اور اپنے حواس کھو گیا تھا۔

چاہے اس کی رپوٹ تب بالکل کلیر آئی ی تھی بڑے ابو وہ اندار ہی اندار گھٹ گھٹ کر مر رہا میں آپ کے سامنے ہاتھ جوڑتا ہو بڑے ابو میرے بھائی ی کو اس کی زندگی دیں دے اسے اس کی پریشے دیں دے" منیب نے کہا اور وہاں سے چلا گیا اور خالد خان اپنا سر تھام کر رہ گے تھے آج ان پر اتنے انکشاف ایک ساتھ ہوے تھے کے وہ حیران رہ گے تھے۔

==========================

سب کے کہنے پر بالآخر خالد خان نے حمزہ کو معاف کر دیا تھا اور خود جا کر حمزہ اور پریشے کو دھوم دھام سے حویلی لائے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ ہی پریشے کا رشتہ احسن اور اور ثانیہ کا رشتہ سعد سے طے پایا تھا خالد خان نے حوریہ اور حمزہ کے لیے گرینڈ ریسپشن رکھا تھا جس میں حوریہ کو حمزہ کی بیوی اور حویلی بہو متعارف کروایا تھا اور ان کے ریسیپشن کے دو دن بعد ثانیہ اور پریشے کی شادی رکھی گی تھی۔ شادی کے فنکشن ختم ہوتے ہی حمزہ اور پریشے گھومنے امریکہ آئے تھے ایک تو حمزہ کو امریکہ میں اپنی کچھ ضروری کام کرنے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور دوسرا وہ حوریہ کو اپنا اپارٹمنٹ دیکھنا چاہتا تھا جہاں اتنے سال اس نے حور کے خیالوں اور یادوں کے سہارے گزارے تھے۔

========================

ایک سال بعد

آج حور اور حمزہ کی شادی کی سالگرہ تھی حمزہ ڈرائی سنگ کے سامنے کھڑا تیار ہو رہا تھا کیونکہ اسے اور حوریہ کو جہانگیر ہاوس ڈنر پر جانا تھا۔

حوریہ کے پاکستان آنے کے کچھ عرصہ بعد ہی حارث صاحب بھی اپنا بزنس وائی نڈاپ کر کے فیملی سمیت پاکستان ہی شفٹ ہو گے تھے اور ارشد نے عنجلی عرف مریم کے اسلام قبول کرنے کے بعد اس سے شادی کر لی تھی اور اسے ہمیشہ کے لیے اپنا لیا تھا۔

جبکے ابراہیم اسلام قبول کرنے کے بعد ھمیشہ ھیشہ کے لیے امریکہ چلا گیا تھا۔

عثمان صاحب کی کی فیملی نے حارث اور اس کی فیملی سے معافی مانگ لی تھی اور حوریہ نے انھیں معاف بھی کر دیا تھا

Posted On Kitab Nagri

شام گوئی نکا کو ابراہیم نے بہت سمجھایا لیکن وہ اس کی بات ماننے کو تیار نہں تھے ان کا سارا بزنس تباہ ہو چکا تھا اور اب وہ اور منا خشی بیگم گوئی نکا ہاوس میں تن تنہا رہتے تھے۔

"حمزہ میرے پاس آپ کے لیے ایک سپرائی زہے" چاند نے کمرے میں آتے ہوے کہا۔

"وہ کیا؟"

حمزہ نے مسکراتے ہوے پوچھا تو چاند نے اس کی جانب ایک پیکٹ بڑھایا تھا۔

"یہ کیا ہے؟" حمزہ نے پوچھا۔

"آپ خود ہی دیکھ لے" چاند نے کہا تھا۔

تو حمزہ نے پیکٹ کھولا تو اندار سے ایک بک نکلی تھی جس پر جعلی حروف میں لکھا ہوا تھا۔

"تحریرِ عشق"

"حوریہ ناول تم نے کب لکھا اور مجھے اس کے بارے میں بتایا کیوں نہں؟" حمزہ آج بھی حوریہ کے سارے ناول بہت شوق سے پڑھتا تھا۔

"یہ ناول نہں ہے حمزہ یہ آپ کے عشق کی داستان ہے اس میں آپ کے عشق کی ابتدا سے لے کر ھمارے زندگی میں واقع ہونے والی ہر بات کو لکھا ہے میں نے۔یہ ناول نہں آپ کے اور میرے عشق کی داستان ہے۔

جو شائی دلفظوں میں بیاں نہں ہو پائے لیکن پھر بھی میں نے اسے لفظوں میں تحریر کرنے کی کوشش کی ہے۔

یہ ہمارے عشق کی تحریر شدہ داستان ہے اس لیے میں نے اس کا نام تحریرِ عشق رکھا ہے" حور نے کہا۔

حمزہ خوش گور حیرت کے ساتھ کتاب کھولی تو اس کے پہلے پیج پر بہت ہی خوبصورت شعر لکھا ہوا تھا۔

تو بن کے میری روح کا ساتھی

اور کر دے میرا بیان عشق

تو مجھ میں اور میں

تجھ میں اس طرح سماں

جاو

کے لوگ پکارے ھمیں جانِ عشق

اور لکھیں ھمارے عشق کو

Posted On Kitab Nagri

بیان سے باہر ہے تحریرے عشق

از قلم حوریہ حمزہ خان

ختم شد

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ: اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جاے۔

ان سب ویب، بلاگ، یوٹیوب چینل اور ایپ والوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ اس ناول کو چوری کر کے پوسٹ کرنے سے باز رہیں ورنہ ادارہ کتاب نگری اور رائیٹر ان کے خلاف ہر طرح کی قانونی کاروائی کرنے کے مجاز ہونگے۔